ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونے والا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | جمعرات 02 شعبان 1447ھ 22 جنوری 2026ء صفحات 08 | شمارہ 199
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

موسمیاتی تبدیلیوں اور دہشتگردی سے نبرد آزما بجٹ کا بڑا حصہ تنخواہوں اور پنشن پر خرچ ہوتا ہے، احتجاج کے باوجود ترقی کا عمل نہیں رکے گا، سرفراز بگٹی

بلوچستان کا ایک ہزار ارب روپے کا سالانہ بجٹ تلخ حقیقت کا عکاس، جس میں 80 فیصد نان ڈیولپمنٹ اخراجات میں صرف ہو جاتے ہیں، 1.3 کروڑ عوام کی فلاح کیلئے محض 200 ارب روپے دستیاب ہیں

اس غیر متوازن نظام کو درست کرنے کے لیے گزشتہ دو برسوں کے دوران متعدد متروک اور غیر مؤثر سرکاری دفاتر بند کیے گئے، جن میں زکوٰۃ، مذہبی امور اور سول ڈیفنس کے غیر فعال محکمے شامل ہیں، وزیراعلیٰ

اصلاحات کا عمل ابھی مکمل نہیں ہوا، احتجاج یا بلیک میلنگ حکومت کو عوام کے حقوق کے تحفظ اور اصلاحات کے تسلسل سے نہیں روک سکتی، عوام کے مفاد پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، ایکس پر بیان

وزیراعلیٰ سے اقوام متحدہ کے ریزیڈنٹ کوآرڈینیٹر محمد یحییٰ کی قیادت میں اعلیٰ سطحی وفد کی ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور، مفاد عامہ، انسانی حقوق، افغان مہاجرین کے معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کا تقریباً ایک ہزار ارب روپے کا سالانہ بجٹ ایک تلخ حقیقت کا عکاس ہے جس میں قریب 80 فیصد نان ڈیولپمنٹ اخراجات میں صرف ہو جاتے ہیں۔ تنخواہوں، ڈھائی لاکھ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن پر خرچ ہوتا ہے جبکہ صوبے کی 1.3 کروڑ عوام کی فلاح کے لیے محض 200 ارب روپے دستیاب ہیں ساتھی رابطے...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اقوام متحدہ کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے ملاقات کی، جس میں باہمی دلچسپی، انسانی حقوق، افغان مہاجرین کے معاملات، موسمیاتی تبدیلیوں اور ... دوران اقوام متحدہ کے وفد نے بلوچستان میں کم عمری کی شادی ... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ سمیت متعدد اضلاع میں بارش و برفباری متوقع

بلند و سرد علاقوں میں معمولات متاثر ہو سکتے ہیں، ڈی جی پی ڈی ایم اے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے بلوچستان جہانزیب خان خوریزئی نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم اے کی جانب سے محکمہ موسمیات اور موسمی پیش گوئی کے اداروں کے مطابق مغربی ہوائی سلسلے کے زیر اثر آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران بلوچستان کے مختلف علاقوں میں برفباری...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی گل پلازہ کے منہدم ہونے والے حصوں کا ملبہ اٹھایا جا رہا ہے

کوئٹہ: ایک ارب روپے کے 48 سولر منصوبے بلوچستان حکومت کے حوالے کیے جا رہے ہیں

1 ارب روپے کے شمسی توانائی منصوبے بلوچستان حکومت کے سپرد

منصوبے سے سالانہ 20 لاکھ افراد مستفید ہوں گے، پاکستان نے 45 برس افغان مہاجرین کی میزبانی کر کے مثال قائم کی، یو این

بلوچستان بھر میں تعلیمی ادارے، صحت کے مراکز و فنی تربیتی اداروں سمیت 48 سرکاری ادارے شمسی توانائی سے منسلک ہیں، محمد یحییٰ

کوئٹہ (آن لائن) یو این ایچ سی آر نے ایک ارب روپے مالیت کے شمسی توانائی کے منصوبے حکومت بلوچستان کے حوالے کر دیے۔ شمسی منصوبے کی باضابطہ حوالگی کی تقریب وزیراعلیٰ ہاؤس کوئٹہ میں منعقد ہوئی، جس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور اقوام متحدہ کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ یو این ایچ سی آر حکام کے مطابق اس منصوبے کے تحت بلوچستان بھر میں 48 سرکاری اداروں کو شمسی توانائی سے...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں ریلوے کے سفر کو محفوظ و پر اعتماد بنا دیا گیا ہے، حنیف عباسی

جعفر ایکسپریس میں جدید سیکورٹی انتظامات مکمل، جدید ٹیکنالوجی سے لیس پی کے سی بوگی کا اضافہ مؤثر و اہم اقدام ہے، گفتگو

ریلوے ٹریکس کی 24 گھنٹے نگرانی سمیت جدید کیمروں کی تنصیب اور ٹرین میں اہلکاروں کی تعیناتی بھی یقینی بنائی گئی، وفاقی وزیر

کوئٹہ (خ ن) حکومتی کاوشوں کے نتیجے میں بلوچستان میں ریلوے سفر کو محفوظ اور پر اعتماد بنا دیا گیا ہے۔ جعفر ایکسپریس میں جدید سیکورٹی انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں، جس سے بلوچستان کے عوام کا ریلوے سفر پر اعتماد بحال ہو رہا ہے۔ وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کوئٹہ میں جعفر ایکسپریس کی سیکورٹی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے جدید ٹیکنالوجی سے لیس پی کے...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا یو این ریزیڈنٹ کوآرڈینیٹر محمد یحییٰ کی قیادت میں ملنے والے وفد کے ہمراہ گروپ

مصر، اردن، انڈونیشیا، ترکیہ، سعودی عرب، قطر اور بحرین نے بھی شمولیت کی دعوت قبول کر لی، یورپی ملکوں کا انکار، امریکا کیساتھ تجارتی معاہدہ معطل کرنے کا فیصلہ

صدر ٹرمپ کی دعوت، شہباز شریف کا غزہ امن بورڈ میں شامل ہونے کا اعلان

پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرارداد اور فریم ورک کے تحت غزہ امن منصوبے کے نفاذ میں معاونت کی اپنی مسلسل کوششوں کے سلسلے میں بورڈ آف پیس میں شامل ہونے کا فیصلہ کیا

بورڈ آف پیس کے نتیجے میں 1967 سے قبل کی سرحدوں پر مشتمل، القدس الشریف کو دارالحکومت بنانے والی ایک آزاد، خودمختار اور متصل فلسطینی ریاست کے قیام کی راہ ہموار ہو سکے گی، پاکستان

تمام ممالک اپنے متعلقہ آئینی و قانونی تقاضوں کے مطابق شمولیتی دستاویزات پر دستخط کریں گے، مصر، اردن، متحدہ عرب امارات، انڈونیشیا، ترکیہ اور سعودی عرب کا مشترکہ اعلامیہ

یورپی ممالک کے انکار سے امریکا اور یورپی یونین کے درمیان تجارتی تعلقات میں مزید کشیدگی کا خدشہ، یورپی ممالک نے اپنے اقتصادی مفادات کے تحفظ کیلئے متبادل حکمت عملی پر غور شروع کر دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے غزہ میں پائیدار امن کے قیام کے لیے ٹرمپ کے بورڈ آف پیس میں شمولیت کی دعوت قبول کر لی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق غزہ میں پائیدار قیام امن کیلئے بورڈ آف پیس میں شمولیت کی دعوت امریکی صدر نے وزیراعظم شہباز شریف...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

انسداد پولیو اقدامات حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیراعلیٰ

پولیو سمیت روٹین ایمونائزیشن کوریج میں بھی اضافہ ناگزیر ہے، گفتگو

صوبائی حکومت کی مؤثر حکمت عملی کے مثبت نتائج مل رہے ہیں، سینیٹر عائشہ

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بدھ کو یہاں وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے انسداد پولیو سینیٹر عائشہ رضا فاروق نے ملاقات کی۔ ملاقات میں نیشنل ایمرجنسی آپریشن سنٹر کے کوآرڈی نیٹر انوار الحق اور صوبائی ای او سی کے کوآرڈی نیٹر انعام الحق بھی شریک تھے۔ اس موقع پر بلوچستان میں انسداد پولیو مہم کو مزید مؤثر اور مربوط بنانے...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

مجھے قتل کرنے کی کوشش کی تو ایران کو صفحہ ہستی سے مٹا دیا جائیگا، ٹرمپ

ایران کی جانب سے جب پہلی بار اس نوعیت کی دھمکیاں سامنے آئی تھیں تو بائیڈن انتظامیہ کو سخت ردعمل دینا چاہیے تھا

جلد واضح ہو گا کہ حماس وعدے پر عمل کرتی ہے یا نہیں، ہتھیار ڈالنے سے انکار کیا تو اسے تباہ کر دیا جائے گا، امریکی صدر

فوجی کارروائی نہیں کرینگے، گرین لینڈ پر مذاکرات چاہتے ہیں، ڈنمارک نے انکار کیا تو امریکا یاد رکھے گا، خطاب

واشنگٹن (م ڈ) ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کی حفاظت کے لیے حوالے سخت بیان کا جواب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے شدید اور غیر معمولی دھمکی سے دیتے ہوئے کہا ہے کہ مجھے قتل کرنے کی کوشش بھی کی تو ایران کو صفحہ ہستی سے مٹا دیا جائے گا۔ امریکی نشریاتی...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

کسی بھی حملے کا فیصلہ کن جواب دیا جائے گا، ایران

پہلے ضبط اور تحمل کا مظاہرہ کیا اب پوری طاقت استعمال کرینگے، عباس عراقچی

تہران (م ڈ) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف کسی بھی نئے حملے کا سخت اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔ امریکی اخبار کے مضمون میں عباس...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

ایم ڈی آئی ایم ایف سے ملاقات، پاکستان مشکل حالات سے باہر آ چکا ہے، شہباز شریف

ملک اقتصادی استحکام کی راہ پر گامزن، نوجوان خلیجی ممالک اور دنیا کے دیگر حصوں میں ملازمتوں کیلئے تیار ہیں

نوجوانوں کو ہنرمند بنانے اور تربیت کی فراہمی کیلئے متعدد پروگرام شروع کیے ہیں، ڈیوس میں تقریب سے خطاب

وزیراعظم شہباز شریف نے آئی ایم ایف کی ایم ڈی کو ادارہ جاتی اصلاحات پر پیش رفت سے بھی آگاہ کیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ پاکستان مشکل حالات سے باہر آ چکا ہے، ملک اقتصادی استحکام کی راہ پر گامزن ہے، نوجوان خلیجی ممالک اور دنیا کے دیگر حصوں میں ملازمتوں کے لیے تیار ہیں۔ ڈیوس میں تقریب سے خطاب کرتے...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

قومی اسمبلی: ن لیگ اور پیپلز پارٹی کے اراکین 18ویں ترمیم پر آمنے سامنے

جب بھی 18ویں آئینی ترمیم پر بات کرتے ہیں تو پھڑپھڑاہٹ شروع ہو جاتی ہے، وفاقی وزیر رانا تنویر

18ویں ترمیم کو ڈھکوسلا قرار دینے کا بیان خواجہ آصف کی ذاتی رائے ہو سکتی ہے، وزیر قانون

18ویں ترمیم پر وزیر دفاع اور وفاقی وزیر رانا تنویر کی طرف سے سوالات اٹھایا جانا قبول نہیں، نوید قمر

اسلام آباد (شاکر رحمان) قومی اسمبلی میں 18ویں آئینی ترمیم پر حکومت کی اتحادی جماعتیں ایک مرتبہ پھر آمنے سامنے آ گئیں جہاں وزیر دفاع خواجہ آصف کے بعد وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے بھی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ جب 18ویں آئینی ترمیم پر بات کرتے ہیں...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

سزائے موت کی تمام اپیلیں 45 دنوں میں نمٹانے کا فیصلہ

80 سال یا زائد کے سزا یافتہ افراد کی جیل پٹیشنز ترجیحی بنیادوں پر فکس ہوں گی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے سزائے موت کی تمام زیر التوا اپیلیں 45 دنوں میں نمٹانے کا فیصلہ کر لیا۔ سپریم کورٹ کے اعلامیے کے مطابق چیف جسٹس...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

برطانیہ گرین لینڈ سے متعلق اصولوں پر نہیں جھکے گا، وزیراعظم

برطانوی اپوزیشن لیڈر بیڈینوک کا سر کیئر اسٹارمر کے موقف سے اتفاق

لندن (م ڈ) برطانوی وزیراعظم سر کیئر اسٹارمر نے کہا ہے کہ گرین لینڈ کے حوالے سے صدر ٹرمپ کے سامنے نہیں جھکوں گا۔ لندن میں پارلیمنٹ میں بیان دیتے ہوئے...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

شاہد رند وزیراعلیٰ کے سیاسی و میڈیا امور کے معتمد مقرر

نوٹیفکیشن جاری، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی ایکس پر مبارکباد

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان نے معروف سینئر صحافی اور تجزیہ نگار شاہد حمید رند کو وزیراعلیٰ کے لیے سیاسی و میڈیا امور کا معتمد مقرر کر دیا ہے۔ اس ضمن میں سروسز...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

ملکی ترقی میں شاہراہوں کا کردار کلیدی ہے، غزالہ گولہ

ڈیرہ اللہ یار تا صحبت پور شاہراہ کے منصوبے کے مثبت اثرات مرتب ہونگے

قائمقام گورنر بلوچستان کی گورنر ہاؤس میں ڈی پی ڈی اسلم زہری سے ملاقات

کوئٹہ (آن لائن) قائم مقام گورنر بلوچستان غزالہ گولہ نے کہا کہ ملک و قوم کی ترقی اور خوشحالی میں شاہراہوں کا کلیدی کردار ہیں۔ انہوں نے ورلڈ بینک کے منصوبے کے تحت سڑک کے ذیلی حصے ''ڈیرہ اللہ یار تا بھیٹرہ دین صحبت پور'' کی تعمیر کو تیز کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس منصوبے کی بروقت تکمیل سے پورے علاقے پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے اور عام لوگوں کی زندگیوں میں بہتری آئے گی۔ گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ورلڈ بینک کے پراجیکٹ...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

برآمد لاشوں کا ڈی این اے ابھی نہیں لیا جا سکتا، ڈاکٹر سمیعہ

کراچی (م ڈ) پولیس سرجن کراچی ڈاکٹر سمیعہ نے تصدیق کی ہے کہ 2 دکانوں سے برآمد ہونے والی لاشوں کا ڈی این اے ابھی نہیں لیا جا سکتا ہے۔ گل پلازہ میں کراکری کی دکان کے مالک کا کہنا ہے کہ واقعے...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

قائمقام گورنر غزالہ گولہ کو ڈپٹی ڈائریکٹر پروجیکٹ اسلم زہری ورلڈ بینک کے منصوبے سے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں

شہباز شریف سے فلسطین کے وزیراعظم کی ملاقات

ڈیوس (م ڈ) عالمی اقتصادی فورم کے 26 سالانہ اجلاس کے موقع پر وزیراعظم شہباز شریف کی ڈیوس میں عالمی رہنماؤں سے اہم ملاقاتیں جاری ہیں، فلسطین کے وزیراعظم محمد مصطفیٰ سے ملاقات میں پاکستان کی...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

گرینڈ الائنس کا احتجاج، چیئرمین و دیگر قائدین سمیت 90 گرفتار

عبدالقدوس کاکڑ، رحمت اللہ زہری، یونس کاکڑ، نیک محمد خلجی سمیت دیگر ملازمین تھری ایم پی او کے تحت جیل منتقل

کوئٹہ پریس کلب کو جانے والے راستوں کو پولیس کی بھاری نفری نے دن بھر رکاوٹیں کھڑی کر کے بند کیے رکھا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس کی جانب سے بلوچستان گرینڈ الائنس کے احتجاج کے دوسرے روز بھی پکڑ دھکڑ اور گرفتاریوں کا سلسلہ جاری رہا، پولیس نے چیئرمین عبدالقدوس کاکڑ، رحمت اللہ زہری، یونس کاکڑ...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: پولیس اہلکار گرینڈ الائنس کے ممبران کو منان چوک سے گرفتار کر کے وین میں بٹھا رہے ہیں

بھارت و اسرائیل سے درآمدات پر پابندی کیس میں فیصلہ محفوظ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی آئینی عدالت نے بھارت اور اسرائیل سے درآمدات پر پابندی کیس میں فیصلہ محفوظ کر لیا۔ وفاقی آئینی عدالت میں جسٹس عامر فاروق کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے بھارت...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم کی پی اے وی ای اسکیم پر عمل درآمد کا آغاز

اسٹیٹ بینک، نادرا اور وزارت صنعت و پیداوار نے سبسڈی فراہمی پر مشترکہ سسٹم تشکیل دیدیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کی منظور شدہ پی اے وی ای اسکیم پر عمل درآمد کا آغاز ہو گیا ہے، الیکٹرک وہیکلز کی سبسڈی شروع ہو گئی ہے، حکومت نے...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی اے نے درآمد شدہ موبائل فونز پر ٹیکس کم کر دیا

پاکستان میں عوام کی بڑی تعداد استعمال شدہ موبائل فونز پر انحصار کرتی ہے

2024-25 کے دوران 417 ارب روپے سے زائد مالیت کے موبائل فونز درآمد کیے گئے

کراچی (م ڈ) پاکستان میں موبائل فون صارفین کی بڑی تعداد استعمال شدہ موبائل فونز پر انحصار کرتی ہے۔ ایک عرصے تک پاکستان میں درآمد شدہ موبائل فونز پر سیلز ٹیکس پر چھوٹ تھی تاہم 2021 میں اس وقت کی وفاقی حکومت نے آئی ایم ایف کے مطالبے پر...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

سندھ طاس معاہدہ، یو این تاحال بھارتی جواب کا منتظر

اقوام متحدہ کی ڈیڈ لائن ختم، بھارتی خاموشی سے معاملہ عالمی توجہ کا مرکز بن گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اقوام متحدہ کے خصوصی نمائندوں کی جانب سے سندھ طاس معاہدے سے متعلق بھارت سے وضاحت طلب کرنے کی مقررہ...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت مذاکرات کیلئے سنجیدہ ہے تو اپنا انداز بدلے، سلمان اکرم راجا

رانا ثناء اللہ کا بیان سنا، وہ ماحول نظر نہیں آ رہا کہ بات چیت ہو سکے، آگے بڑھنا ہے تو مار پیٹ بند کرنا ہوگی

کراچی میں لاکھوں لوگ تھے ایک گملا نہیں ٹوٹا، لاہور آئے تو 2 دنوں میں 800 لوگوں کو گرفتار کیا گیا، گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) رہنما سلمان اکرم راجا نے کہا ہے کہ حکومت اگر مذاکرات کے لیے سنجیدہ ہے تو اپنا انداز بدلے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں سلمان اکرم راجا نے کہا کہ محمود اچکزئی سے ملنے آیا ہوں اور انہیں مبارکباد دوں گا۔ انہوں نے کہا کہ جو تقاریر محمود اچکزئی اور علامہ...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

گدھوں کا گوشت کھلانے کا معاملہ پارلیمنٹ ہاؤس پہنچ گیا

یہ معاملات صوبائی حکومت دیکھتی ہے، رانا تنویر کا جواب دینے سے گریز

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد میں مبینہ طور پر گدھوں کے گوشت کی فروخت اور استعمال کا معاملہ پارلیمنٹ ہاؤس پہنچ گیا۔ قومی اسمبلی کے وقفہ سوالات کے...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں سیاسی استحکام اور قانون کی حکمرانی کا اسکور کمزور رہنے کا خدشہ

عالمی بینک گورننس انڈیکس میں پاکستان بائیس فیصد کی سطح پر ہے، سود کی ادائیگیوں میں کمی نہ ہونے سے ریٹنگ متاثر ہوتی ہے

پاکستان کی آؤٹ لک مستحکم ہے، ڈیفالٹ کی صورت میں ملک کے قرضوں میں اوسط درجے کی ریکوری متوقع ہے، رپورٹ

اسلام آباد (م ڈ) عالمی ریٹنگ ایجنسی فچ نے پاکستان کی معاشی صورتحال پر رپورٹ جاری کر دی ہے جس میں پاکستان کی طویل مدتی کریڈٹ ریٹنگ بی نیگیٹو برقرار رکھی گئی ہے، عالمی ریٹنگ ایجنسی نے پاکستان کیلئے ریکوری ریٹنگ بھی مقرر کر دی ہے، رپورٹ کے مطابق پاکستان میں سیاسی استحکام...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان نے کونسی کتابیں پڑھنے کیلئے طلب کیں؟ نام سامنے آ گئے

دوران سماعت بانی کیلئے 3 نئی کتابیں بھی عدالت میں جمع کرا دی گئیں

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی کی عدالت میں علیمہ خان کے خلاف 26 نومبر احتجاج کیس کی سماعت ہوئی، ایک گواہ...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

8 فروری کو پورا ملک بند ہوگا، علیمہ خان

جن کا ووٹ چوری ہوا وہ بھرپور احتجاج کریں گے

راولپنڈی (م ڈ) تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان نے کہا ہے کہ آٹھ فروری کو پورا ملک بند...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر کے سافٹ لانچ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

قومی اسمبلی نے الیکشن ایکٹ ترمیمی بل منظور کر لیا، پی ٹی آئی کی مخالفت

بل کے تحت آپ الیکشن لاء کے معاملات کو سپریم کورٹ کی بجائے آئینی کورٹ میں لے کر جا رہے ہیں، بیرسٹر گوہر

بل میں چیئرمین سینیٹ، اسپیکر کو اختیار دیا گیا ہے کہ اگر کوئی رکن گوشوارے شائع نہ کروانا چاہے تو شائع نہیں ہونگے، اعظم نذیر

اجلاس میں خواتین کی مخصوص نشستوں سے متعلق بل قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا، اس بل کا کیا اسٹیٹس ہے؟، اسد قیصر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) قومی اسمبلی نے پی ٹی آئی کے چیئرمین...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی گل پلازہ سرچ آپریشن، جلی ہوئی 30 لاشیں کراکری کی دکان سے برآمد

تمام افراد نے خود کو بچانے کیلئے دکان میں بند کر لیا تھا، آخری موبائل لوکیشن بھی اسی جگہ کی آئی تھی

گراؤنڈ فلور پر ایک دکان سے متعدد انسانی اعضاء ملے، انسانی اعضا اسپتال منتقل کیے جا رہے ہیں، حکام

کراچی (م ڈ) کراچی میں آگ سے تباہ ہونے والے گل پلازہ میں سرچ آپریشن کے دوران مزید 30 لاشیں ملی ہیں جس کے بعد جاں بحق افراد کی تعداد 61 تک...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

سب ایک ہیں اور پاکستان سب سے پہلے ہے، وزیر داخلہ

محسن نقوی اور طلال چوہدری سے منیب الرحمن کی سربراہی میں وفد کی ملاقات

علما کو درپیش مسائل کے حل کیلئے کمیٹی قائم جید علمائے کرام کمیٹی کا حصہ ہوں گے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری سے مذہبی سکالر، معروف عالم دین مفتی منیب الرحمن کی سربراہی میں ایک...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

نواز شریف یا آصف زرداری کو کبھی غدار نہیں کہا، علی محمد خان

رانا ثناء اللہ مذاکرات کی بات کر رہے ہیں تو مثبت جواب دینا چاہئے

قیادت کو بانی تک رسائی دی جائے، قومی اسمبلی اجلاس میں بات چیت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی اجلاس میں پاکستان تحریک انصاف کے رہنما علی محمد خان نے کہا ہے کہ رانا ثناء اللہ مذاکرات کی بات کر رہے ہیں تو اپوزیشن لیڈر...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

سوشل میڈیا کی ایک غلط پوسٹ جیل لے جا سکتی ہے، این سی سی آئی اے کا انتباہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے خبردار کیا ہے کہ سوشل میڈیا پر ایک غلط کلک یا غیر محتاط پوسٹ شہریوں کو جیل لے جا سکتی ہے۔ این سی سی آئی اے...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

ایمان مزاری و شوہر کی 2 روزہ حفاظتی ضمانت منظور

ہائیکورٹ کا ملزمان کو دو دن میں متعلقہ عدالت سے رجوع کرنے کا حکم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائی کورٹ نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی اقدام قتل، دہشت گردی اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے کی دفعات کے تحت درج مقدمہ میں دو دن کے لیے حفاظتی ضمانت منظور کر لی۔ جسٹس محمد اعظم خان نے 10 ہزار کے...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف کی ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کا امکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم محمد شہباز شریف ورلڈ اکنامک فورم کے 56ویں سالانہ اجلاس میں شرکت کر رہے ہیں۔ اجلاس کے دوران وزیراعظم شہباز...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

کیٹی پیری و جسٹن ٹروڈو کی تصاویر و ویڈیوز وائرل

پاپ گلوکارہ نے سابق کینیڈین وزیراعظم کیساتھ ورلڈ اکنامک فورم میں شرکت کی

ڈیوس (م ڈ) امریکی پاپ گلوکارہ کیٹی پیری کی ڈیوس میں ورلڈ اکنامک فورم کے موقع پر بوائے فرینڈ جسٹن ٹروڈو کے ساتھ انٹری کی تصاویر اور ویڈیوز وائرل ہو گئیں۔ پاپ اسٹار کیٹی پیری نے اپنے بوائے فرینڈ اور کینیڈا کے سابق وزیراعظم جسٹن ٹروڈو کے...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

پولیس نے منشیات کیخلاف مہم میں زبردست کردار ادا کیا، آئی جی

بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالوں افسران و اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کی گئی

کوئٹہ (خ ن) انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا ہے کہ منشیات فروشوں اور خریداروں کے خلاف گزشتہ ایک ماہ سے جاری مہم کے دوران کوئٹہ، خضدار...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

علیمہ خان کیخلاف احتجاج کیس کی سماعت پیر تک ملتوی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے سابق وزیراعظم عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان کے خلاف تھانہ صادق آباد راولپنڈی کے 26 نومبر احتجاج کیس کی سماعت 26 جنوری...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

بارڈر ٹریڈ کی بندش عوام کو فاقہ کشی کی جانب دھکیلنے کے مترادف ہے، ڈاکٹر مالک بلوچ

پارٹی بارڈرز کو روزی کا ذریعہ سمجھتی ہے لیکن یہاں جائز تجارت کو سمگلنگ قرار دے کر بند کیا جا رہا ہے، سربراہ نیشنل پارٹی

نیشنل پارٹی بارڈر ٹریڈ کی بحالی کیلئے جدوجہد جاری اور کمیٹی کے احتجاج کی حمایت کرتی ہے، وفد سے ملاقات میں یقین دہانی

تربت (آن لائن) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے بارڈر ٹریڈ کمیٹی کے وفد نے نیشنل پارٹی تربت کے سیکرٹریٹ میں ملاقات کی۔ وفد نے سرحدی راستوں کی بندش کے باعث عوام کو درپیش شدید معاشی مشکلات، بیروزگاری اور روزمرہ زندگی پر...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

جرمن ڈاکٹر نے منڈی بہاؤالدین کے نوجوان سے شادی کر لی

سلما کو پروپوز کیا کچھ دنوں کی رکاوٹ کے بعد وہ پاکستان پہنچ گئیں، اکمل

پھالیہ (م ڈ) منڈی بہاؤالدین: 26 سالہ جرمن ڈاکٹر پاکستانی نوجوان کی محبت میں منڈی بہاؤالدین پہنچ گئی۔ تفصیلات کے مطابق منڈی بہاؤالدین کے گاؤں دیگار سے تعلق رکھنے والے 22 سالہ نوجوان محمد اکمل نے 26 سالہ جرمن ڈاکٹر سلما کو پاکستان بلا کر محبت کی شادی کر لی۔ انٹرویو میں محمد اکمل نے...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار، نال میں فائرنگ دو پولیس اہلکار زخمی

ایک کی حالت تشویشناک کراچی منتقل کر دیا گیا

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار نال میں پولیس پر فائرنگ کے...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

بچے اللہ تعالیٰ کی نعمت اور رحمت اور امانت ہیں، ڈاکٹر قاری عبدالرشید

بطور مسلمان بچوں سے متعلق قرآن مجید کے احکامات کی پیروی کرنا لازم ہے

اچھی تربیت، دینی و دنیاوی تعلیم، غذا اور صحت کا خیال رکھنا والدین کی ذمہ داری ہے

کوئٹہ (آن لائن) مہتمم مدرسۃ البنات و ممبر رویت ہلال کمیٹی ڈاکٹر قاری عبدالرشید نے مقامی ہوٹل میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بچے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک نعمت اور رحمت ہے، وہ ایک امانت ہے، جنہیں ہماری حفاظت میں دیا گیا ہے پس ہم اسلام کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے ان کی بہترین نگہداشت اور حفاظت کرنی چاہیے، اور اس ضمن میں بچوں کے حقوق سے متعلق جو احکامات قرآن مجید نے دیے ہیں ان کی پیروی کرنی چاہیے۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مستند احادیث میں ہمیں جو رہنمائی ملی ہے اس کو پیش نظر رکھنا چاہیے، جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے ہر شخص ایک راعی ہے اور تم میں سے ہر کوئی اپنی رعایا کے بارے میں جواب دہ ہے۔ بچوں کے حقوق میں سے ان کا اچھا نام رکھنا، ان کا عقیقہ کرنا اور نوزائیدہ اور چھوٹے بچوں کی غذا اور حفاظتی ٹیکاجات کا خیال رکھنا اور بچوں کو صاف ماحول فراہم کرنا اور ان کی ذاتی صفائی پاکیزگی اور حفظان صحت پر توجہ دینا اور بچوں کی اچھی تربیت کرنا اور ان کو اچھی دینی و دنیاوی تعلیم دینا ان کا اہم ترین حق ہے۔ اور ان سے محنت و مزدوری کا کام نہ لینا۔ پھر شریعت نے مرد پر لازم قرار دیا ہے کہ وہ ماں اور اس کے بچوں کی ضروریات برداشت کرے اور ان کی غذا اور مشروبات میں خاص خیال رکھے تاکہ وہ صحت مند رہیں اور دوران حمل حفاظتی ٹیکاجات لگوائیں پھر بچوں کو جراثیم سے بچانا اور بیماریوں کے خلاف بچاؤ کے انجکشن لگانا یہ بچوں کا حق ہے اور والدہ کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ بچوں کو اپنا دودھ پلائیں جیسا کہ حکم خداوندی ہے۔

کوئٹہ: بیروزگار فارماسسٹ ایکشن کمیٹی کے جنرل سیکرٹری قاسم عزیز مینگل، کاشف بلوچ و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

گرفتار ملازمین کو رہا، خواتین اساتذہ کو بحال کیا جائے، سید امان شاہ

گرینڈ الائنس کی جاری احتجاجی تحریک کی مکمل حمایت کرتے ہیں، عوام پاکستان پارٹی

پولیس کا ملازمین پر تشدد قابل مذمت ہے، ذمہ داروں اہلکاروں کیخلاف کارروائی کی جائے، کنوینر

کوئٹہ (آن لائن) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان نے بلوچستان گرینڈ الائنس کی جاری احتجاجی تحریک کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے تمام گرفتار ملازمین کی فوری رہائی اور معطل خواتین پروفیسرز اور لیکچررز کی فی الفور بحالی کا مطالبہ کیا ہے۔ عوام پاکستان پارٹی کے صوبائی کنوینر سید امان شاہ اور صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر عظیم صادق نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ کٹھ پتلی حکومت ملازمین کے ساتھ ہٹ دھرمی کا رویہ اختیار کیے ہوئے ہے، حالانکہ گزشتہ سال ملازمین کے جائز مطالبات کو سرکاری سطح پر تسلیم کیا گیا تھا، جس کے باوجود آج تک ان پر عملدرآمد نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اپنے آئینی اور قانونی حقوق کیلئے پرامن احتجاج کرنے والے ملازمین پر طاقت کا استعمال جمہوری اقدار کے منافی ہے۔ گرفتاریوں کے دوران پولیس کی جانب سے اساتذہ کرام بالخصوص خواتین اساتذہ کے ساتھ بدسلوکی، دھکم پیل اور مبینہ مار پیٹ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت نے ملازمین کے ساتھ ناروا سلوک بند نہ کیا اور تسلیم شدہ مطالبات پر عملدرآمد نہ کیا تو احتجاجی تحریک مزید شدت اختیار کر سکتی ہے، جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت وقت پر عائد ہوگی۔ عوام پاکستان پارٹی بلوچستان ہر فورم پر ملازمین کے جائز حقوق کے دفاع کیلئے آواز بلند کرتی رہے گی اور بلوچستان گرینڈ الائنس کے شانہ بشانہ کھڑی رہے گی۔

وفاقی محتسب کے حکم پر بلاک شناختی کارڈ جاری کر دیا گیا

شہری نے ریجنل آفس خضدار میں شکایت درج کروائی تھی

کوئٹہ (پ ر) وفاقی محتسب کے بروقت حکم پر ایک شہری بنام عبدالسلام سکنہ کرخ ڈسٹرکٹ خضدار کا طویل عرصے سے بلاک قومی شناختی کارڈ کا مسئلہ کامیابی سے حل کر دیا گیا۔ شہری نے شناختی کارڈ کے بلاک ہونے پر وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار میں شکایت درج کروائی تھی، جس پر فوری کارروائی کرتے ہوئے متعلقہ ادارے کو ہدایات جاری کی گئیں۔ وفاقی محتسب خضدار محمد کاشف اور اسسٹنٹ آفیسر محمد اسحاق کی مداخلت کے بعد شہری کا شناختی کارڈ بحال کر دیا گیا، جس پر شہری نے وفاقی محتسب کے کردار کو سراہتے ہوئے شکریہ ادا کیا۔ مزید بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے بی بی فرخندہ سکنہ اسماعیل آباد خضدار کے رہائشی کو پہلی قسط 14500 کا ریلیف دلوایا گیا

قائمقام گورنر بلوچستان غزالہ گولہ سے ایم پی اے کلثوم نیاز بلوچ ملاقات کر رہی ہیں

گرینڈ الائنس کی قیادت کی گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہیں، جمعیت نظریاتی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت طلباء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صدر عبدالرحیم صابر نے کہا کہ بلوچستان گرینڈ الائنس کے قیادت کی گرفتاریوں، اور کریک ڈاؤن کی شدید مذمت الفاظ سے مذمت کرتے ہوئے اور بلوچستان گرینڈ الائنس کے جائز مطالبات کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ کے ساتھ جو سلوک کیا گیا فارم 47 حکومت کی منہ پر طمانچہ ہے انتظامیہ کی ناروا سلوک پر پوری بلوچستان شرمندہ ہے بلوچستان کے ملازمین کو ان کے آئینی حق سے محروم رکھا جا رہا ہے۔ بلوچستان گرینڈ الائنس کے پرامن اور جائز احتجاج کو روکنے کے لیے تشدد، گرفتاریاں یا کسی بھی غیر قانونی حربے کا استعمال ناقابل قبول ہے۔ طاقت سے عوام کے جائز مسائل اور مطالبات کو دبایا نہیں جا سکتا، ایک صوبے کیلئے ایک قانون اور دوسرے صوبے کیلئے دوسرا قانون ظلم ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مشترکہ سفارشات کو مسلسل نظر انداز کرنا اور ملازمین کے مسائل پر خاموشی اختیار کرنا اور آئینی حقوق سے انحراف دراصل ملازمین کو دیوار سے لگانے کے مترادف ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ گرینڈ الائنس کے گرفتار رہنماؤں کو فوری طور پر رہا اور ملازمین کے جائز مطالبات فوری طور پر تسلیم کیے جائے

لائنوں کی شفٹنگ کیلئے آج بجلی بند رہے گی، کیسکو

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں لائنوں کی شفٹنگ اور کھمبے نصب کیے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 22 جنوری (بروز جمعرات) سریاب گرڈ اسٹیشن کے سریاب ون، سریاب ٹو، واسا، ہمسنگی ایکسپریس، انڈسٹریل، ہزارہ ٹاؤن، سریاب روڈ، خیر بخش مری، جائنٹ روڈ، اولڈ لیاقت بازار، غازی، ہزارہ ٹاؤن، نیو جان محمد اور اولڈ جان محمد فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv نواں کلی، عالم خان، مالک فیڈرز سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند رہے گی

جسٹس محمد ایوب ترین کی توثیق روکنا قابل مذمت ہے، پشتونخوا لائرز فورم

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا لائرز فورم کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ جسٹس محمد ایوب ترین کی توثیق کو روکنا پشتون قومی تعصب، سیاسی انتقام پر مبنی غیر آئینی اقدام کے مترادف ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ محمد ایوب ترین ایک دیانتدار اور قانون کی پاسداری کرنے والا جسٹس ہیں۔ جوڈیشل کمیشن کی طرف سے ان کی توثیق کو روکنا نہ صرف ان کے ساتھ ناانصافی ہے بلکہ یہ قانون کی حکمرانی اور انصاف کے نظام پر بھی ایک سوال کھڑا کرتا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صوبے میں پشتون قومی تعصب کو اس قدر پروان چڑھایا گیا کہ ان کو اب پشتون ججز بھی قابل قبول نہیں ہیں۔ محمد ایوب ترین کی توثیق کو روکنا دراصل سیاسی اور قومی مفادات کے تحت کسی کو بھی نشانہ بنایا جا سکتا ہے

پی ٹی آئی کی قیادت عمران خان کے بیٹوں کو دی جائے، رحیم کاکڑ

اپوزیشن لیڈر کو پارٹی کے اعتماد کے ساتھ فعال کردار ادا کرنے کا موقع دیا جائے

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنماں سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میر والیس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ اور سردار بہلول کاکڑ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پارٹی کو صحیح سمت دینے کے لیے عمران خان کے باہر نہ ہونے کی صورت میں قیادت ان کے بیٹوں قاسم خان اور سلمان خان کو سونپی جائے تاکہ پارٹی کو عمران کے وژن کے مطابق چلایا جا سکے۔ رہنماں نے مزید کہا کہ پارٹی میں موجود زیر زبر والے کھاتوں کو ختم کرنا ضروری ہے اور اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی (قومی اسمبلی) اور راجہ عباس (سینیٹ) کو پارٹی کے اعتماد کے مطابق فعال کردار ادا کرنے دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف ایک سمندر ہے جس کے لیڈر عمران خان ہیں اور اپوزیشن لیڈر کو بھی پارٹی کے اعتماد کے ساتھ فعال کردار ادا کرنے کا موقع دیا جائے۔ بیان میں اس بات پر زور دیا گیا کہ تحریک انصاف عوام کے ساتھ کھڑی جماعت ہے اور پارٹی کے وژن اور اصولوں کے مطابق چلانے کے لیے تمام اقدامات ضروری ہیں۔

ملازمین پر لاٹھی چارج، شیلنگ، گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہیں، اپیکا

ملازمین کے جائز مطالبات تسلیم کرنے کے بجائے حق کی آواز دبائی جا رہی ہے

کوئٹہ (امیر پورٹر) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن کے ترجمان نے آج گرینڈ الائنس کے پرامن مظاہرے پر نااہل حکمرانوں کے حکم پر پولیس کے لاٹھی چارج گرفتاریاں اور شیلنگ کے شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، جمہوری بااختیار اور عوامی منتخب حکمران اپنے ملازمین کیساتھ اتنا ظلم نہیں کرتے لیکن موجودہ حکومت نے ملازمین کے مسائل حل کرنے کے بجائے اپنی تنخواہوں میں 200% فیصد اضافہ کیا ہے، ملازمین کے ڈی آر اے جیسے الاؤنسز بھی نہیں دیے جا رہے۔ اپیکا محکمہ صحت اس ناروا عمل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور مطالبہ کرتی ہے کہ تمام ملازمین کو رہا کریں اور ساتھ تمام مطالبات کو رہا کریں

چائلڈ لیبر کی نگرانی کیلئے صوبائی سطح پر مشاورتی اجلاس کا انعقاد

چیمبرز آف کامرس، سول سوسائٹی، مزدور تنظیموں کے نمائندوں نے شرکت کی

کوئٹہ (پ ر) قومی کمیشن برائے حقوق اطفال (این سی آر سی) نے اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام (یو این ڈی پی) پاکستان کے اشتراک سے اور یورپی یونین کے تعاون سے حقوق پاکستان فیز ٹو (II Pakistan-e-Huqooq) منصوبے کے تحت بلوچستان میں نجی شعبے میں چائلڈ لیبر کی نگرانی کے حوالے سے صوبائی سطح کا مشاورتی اجلاس منعقد کیا۔ اس اجلاس میں وفاقی وزارتوں اور اداروں کے نمائندوں کے علاوہ چیمبرز آف کامرس، سول سوسائٹی، مزدور تنظیموں اور کاروباری انجمنوں کے اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ شرکاء نے صوبے میں چائلڈ لیبر کے رجحانات، قوانین پر عملدرآمد میں حائل رکاوٹوں اور ادارہ جاتی ہم آہنگی کے فقدان پر تفصیلی غور کیا اور اس مسئلے کے حل کے لیے مستقبل کی حکمت عملی پیش کی، جو نیشنل ایکشن پلان برائے بزنس اینڈ ہیومن رائٹس اور جی ایس پی پلس (+GSP) وعدوں سے ہم آہنگ ہو اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے این سی آر سی کے رکن بلوچستان ایڈووکیٹ عبدالحئی نے کہا کہ "چائلڈ لیبر صرف بچوں کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی نہیں بلکہ ایک گورننس چیلنج بھی ہے، جو قانون کے نفاذ، احتساب اور سماجی تحفظ کے نظام میں موجود خلا کی عکاسی کرتا ہے۔ چائلڈ لیبر کا خاتمہ نہ صرف اقوام متحدہ کے کنونشن برائے حقوق اطفال اور پائیدار ترقیاتی اہداف کے تحت پاکستان کی بین الاقوامی ذمہ داری ہے بلکہ ہمارے بچوں کے تحفظ کے لیے ایک اخلاقی اور آئینی فرض بھی ہے۔" یو این ڈی پی پاکستان کی کنسلٹنٹ زینب مصطفیٰ نے اس موقع پر کہا کہ "چائلڈ لیبر کی خلاف ورزیوں سے نمٹنے کے لیے اسٹیک ہولڈرز کے درمیان بہتر تعاون اور ہم آہنگی ناگزیر ہے، تاکہ ایک جامع اور کثیر شعبہ جاتی حل فراہم کیا جا سکے۔ ہمیں امید ہے کہ یہ رپورٹ اس شعبے میں کام کرنے والے تمام فریقین کے لیے ایک رہنما دستاویز ثابت ہوگی۔" نیشنل کمیشن برائے حقوق اطفال اور یو این ڈی پی نے وفاقی و صوبائی حکومتوں، محکمہ محنت، سول سوسائٹی اور نجی شعبے کے ساتھ مسلسل تعاون جاری رکھنے اور بچوں کے حقوق کے تحفظ کے ساتھ ہر قسم کی چائلڈ لیبر کے خاتمے کے عزم کا اعادہ کیا۔

پرامن سرکاری ملازمین پر پولیس تشدد کی مذمت کرتے ہیں، شمس کرد

پرامن احتجاج ہر شہری کا بنیادی حق ہے، جسے دبانے کی ہر کوشش ناقابل قبول ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے سابق مرکزی سیکرٹری اطلاعات میر شمس کرد نے حکومت کی جانب سے پرامن سرکاری ملازمین کے خلاف پولیس تشدد، طاقت کے بے جا استعمال اور بلاجواز گرفتاریوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے آئینی و جمہوری اقدار کی صریح خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے جائز حقوق اور مطالبات کے لیے پرامن احتجاج ہر شہری کا بنیادی حق ہے، جسے دبانے کی ہر کوشش ناقابل قبول اور قابل مذمت ہے۔ میر شمس کرد نے واضح کیا کہ حکومت مسائل کے حل کے لیے طاقت کے استعمال کے بجائے مذاکرات اور سنجیدہ مکالمے کا راستہ اختیار کرے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمین کو معاشی بدحالی، مہنگائی اور بنیادی سہولیات کی کمی جیسے سنگین مسائل کا سامنا ہے، ایسے میں ان کے پرامن احتجاج کو کچلنا نہ صرف غیر دانشمندانہ ہے بلکہ عوامی اعتماد کو بھی مجروح کرتا ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ڈی آر اے سمیت ملازمین کے تمام جائز مطالبات کو فوری طور پر تسلیم کیا جائے، گرفتار ملازمین کو فی الفور رہا کیا جائے اور پولیس تشدد کے ذمہ داران کے خلاف شفاف تحقیقات کر کے سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ طاقت کے استعمال سے مسائل حل نہیں ہوتے بلکہ مزید پیچیدگیاں جنم لیتی ہیں۔ میر شمس کرد نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جمہوری وطن پارٹی مظلوم اور حق پرست ملازمین کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کی آئینی جدوجہد کی بھرپور حمایت جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی جمہوریت، آئین اور انسانی حقوق پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گی اور ہر فورم پر ملازمین کے حق میں آواز بلند کرتی رہے گی۔

بلوچستان میں اختلاف رائے کو جرم بنا دیا جا رہا ہے، محمد بخش بلوچ

کوئٹہ (امیر پورٹر) وطن ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان ضلع کوہلو کے صدر محمد بخش بلوچ اور وطن ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان ضلع سوراب کے صدر محمد طاہر ملازئی نے اپنے ایک مشترکہ اور سخت بیان میں وطن ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے مرکزی صدر، بلوچستان گرینڈ الائنس کے کور کمیٹی کے ممبر ولید رئیس ورمحمد اچکزئی، ضلع سبی کے رہنماؤں پکار خان سیلابی اور ترک علی سیلاچی، ضلع کوئٹہ کے رہنماؤں حاجی محمد حنیف کاکڑ اور امان اللہ ملازئی، ضلع قلات کے رہنما مولوی محمد حسین و دیگر، بلوچستان گرینڈ الائنس کے سیکرٹری جنرل حاجی اصغر منگلزئی سمیت دیگر قائدین کی ناروا، غیر آئینی اور جابرانہ گرفتاریوں کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں اس وقت اختلاف رائے کو جرم بنا دیا گیا ہے اور جائز، آئینی و قانونی حقوق کے لیے آواز بلند کرنے والے اساتذہ، ملازمین اور سیاسی و سماجی رہنماؤں کو انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ یہ عمل نہ صرف آئین پاکستان، جمہوری اقدار اور بنیادی انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزی ہے بلکہ اس سے حکمرانوں کی بوکھلاہٹ اور ناکامی بھی عیاں ہو چکی ہے۔

کوئٹہ: شیرانی کے نوجوان محمد اللہ شیرانی، جعفر خان شیرانی، رحیم شیران و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

حاجی کفایت اللہ آغا کی اہلیہ انتقال کر گئیں

کوئٹہ (پ ر) نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے چیئرمین حاجی کفایت اللہ آغا کی اہلیہ مولانا لطف اللہ کی والدہ انتقال کر گئیں فاتحہ خوانی جامع مسجد خلفائے راشدین نجات سینٹر گلی پائند خان کوئٹہ میں جاری ہے

ریلوے ملازمین کا جائز حقوق کیلئے سراپا احتجاج ہیں، مرید مجید زہری

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ریلوے انقلابی یونین کے صوبائی صدر کامریڈ مجید زہری نے کہا کہ پاکستان ریلوے کے تمام ڈویژنز کے ملازمین اپنے جائز مطالبات کے حق میں سراپا احتجاج ہیں، مگر افسوس ہے کہ ریلوے انتظامیہ کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگ رہی۔ ان خیالات کا اظہار جاری بیان میں کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بارہا تحریری و زبانی طور پر مسائل کی نشاندہی کے باوجود انتظامیہ کی جانب سے مسلسل عدم توجہی اور ٹال مٹول کا رویہ اختیار کیا جا رہا ہے۔ آر ٹی اے اسٹاف، پاور وین اسٹاف اور کیرج اینڈ ویگن اسٹاف جو اس وقت ریل کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور ان کی ڈیوٹی اور رننگ سب سے زیادہ ہے ان کی تنخواہوں سے 25 فیصد کٹوتی سراسر ظلم اور زیادتی ہے پاور اسٹاف اور دیگر اسٹاف کی گزشتہ 6 سالوں سے بندش اے فوری طور ادا کر کے ان کے ٹی اے کو تنخواہوں میں ریلوے پولیس کی طرح فکس کیا جائے۔ اور ملازمین کی دیگر بنیادی مسائل جن میں تنخواہوں کی بروقت ادائیگی 2019 سے بند ٹی اے کی فوری ادائیگی ملازمین اپ گریڈیشن، ترقیوں، سروس رولز کی خلاف ورزیوں اور دیگر جائز مطالبات شامل ہیں، تاحال حل طلب ہیں۔ آخر میں ہم اعلیٰ حکام سے اپیل کرتے ہیں کہ صورتحال کی سنگینی کو سمجھتے ہوئے فوری مداخلت کریں

مسائل کا حل، افہام و تفہیم اور گفت و شنید سے نکالا جائے، جمعیت علماء اسلام

اپنے حقوق کے لیے کیے جانے والے پرامن احتجاج پر تشدد قابل مذمت ہے، ترجمان

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ترجمان نے بلوچستان گرینڈ الائنس کے قائدین کی گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسائل کا پائیدار حل باہمی تعاون، افہام و تفہیم اور گفت و شنید میں ہے، جبکہ طاقت کا استعمال کسی بھی صورت مسائل کا حل نہیں ہوتا۔ جے یو آئی ترجمان نے ایک بیان میں کہا کہ بلوچستان گرینڈ الائنس کے مطالبات آئینی اور قانونی دائرے میں ہیں اور ان کے لیے کیا جانے والا احتجاج پرامن ہے۔ ایسے حالات میں گرفتاریوں یا دیگر سخت اقدامات سے معاملات میں بہتری کے بجائے پیچیدگی پیدا ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے سرکاری ملازمین کو طویل عرصے سے ان کے جائز اور قانونی حقوق کے حصول میں مشکلات کا سامنا ہے، جس کے باعث بے چینی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت حالات کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے سنجیدگی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرے۔ ترجمان نے کہا کہ ایک ہی ملک میں مختلف صوبوں کے لیے مختلف طرز عمل اختیار کرنا مناسب نہیں اور تمام شہریوں کے ساتھ یکساں اور منصفانہ سلوک ہونا چاہیے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ بلوچستان گرینڈ الائنس کے گرفتار تمام رہنماؤں کو رہا کیا جائے اور مذاکرات کے ذریعے ملازمین کے مسائل کا قابل عمل اور باعزت حل نکالا جائے۔

شیرانی کو ژوب میں ضم کرنے کے فیصلے کو مسترد کرتے، محمد اللہ شیرانی

فیصلے کو کسی صورت تسلیم نہیں کریں گے، فیصلے کی واپسی کے لیے احتجاج کریں گے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ضلع شیرانی کے نوجوانوں محمد اللہ شیرانی، جعفر خان شیرانی، پرویز، ڈاکٹر عطاء الرحمن شیرانی سمیت دیگر نے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور صوبائی حکومت کے شیرانی کو ژوب میں ضم کرنے کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان اس فیصلے کو کسی صورت تسلیم نہیں کریں گے اور اس کے خلاف ہر حد تک احتجاج کریں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت وزیر اعلیٰ کی جانب سے بلوچستان میں نئے اضلاع اور ڈویژنز بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے اور گزشتہ روز ہمیں پتہ چلا ہے کہ ضلع شیرانی کو ژوب میں ضم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ 20 سال قائم کیے گئے ضلع شیرانی کو ختم کر کے ژوب میں ضم کرنا لوگوں کے ساتھ زیادتی ہے مترادف ہے کیونکہ 2023ء میں ہونے والی مردم شماری کے دوران بلوچستان کی 70 لاکھ آبادی کم کر دی گئی

ڈی جی کیو ڈی اے [illegible] اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں [illegible] بھی موجود ہیں

خواتین کی ترقی خود کفالت کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، ساجدہ عطاء

[illegible]

تمام بے روزگار فارماسسٹ کیلئے اسامیاں نکالی جائیں، قاسم عزیز مینگل

بھرتیوں کا طریقہ کار غیر شفاف ہے جس سے فارماسسٹ میں تشویش پائی جاتی ہے

[illegible]

کوئٹہ: کوہ وفن کے زیر اہتمام [illegible] تقریب رونمائی کے موقع پر شرکاء کا گروپ فوٹو

کوئٹہ: سابق ایڈیشنل کنٹرولر بلوچستان بورڈ محمد انور منگلزئی کے انتقال پر صوبائی وزیر آغا عمر جان، حاجی محمد اسحاق و دیگر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

آزادی اظہار رائے پر پابندی لگا دی گئی ہے، پیرامیڈکس

ملازمین دوسرے صوبوں میں ملنے والی مراعات مانگ رہے ہیں، صوبائی بیان

کوئٹہ (امیر پورٹر) پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ صوبائی حکومت نے آمرانہ طرز عمل اختیار کر کے آزادی اظہار رائے پر مکمل پابندی لگا دی ہے جو کہ آئین پاکستان کے آرٹیکل 17 کی مکمل خلاف ورزی ہے، ریاست کا رویہ ماں کی طرح ہونا چاہیے جو اپنے تمام بچوں کو برابری کی بنیاد پر یکساں انداز سے انکے حقوق کا خیال رکھتی ہے اور خاص طور اپنے سب سے کمزور اور معذور بچے پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے کیوں کہ اس وقت بلوچستان کے ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے لاکھوں ملازمین انتہائی نازک معاشی صورتحال کا سامنا کر رہے ہیں جب کہ دیگر صوبوں کے ملازمین مراعات اور بہتری کے حوالے سے بلوچستان سے کہیں بہتر صورت حال کے ساتھ ہیں، بلوچستان کے ملازمین اپنی جائز حقوق اور مشکلات کو جمہوری اور پرامن انداز سے حکومت کے سامنے پیش کرنے کیلئے عرصہ دراز سے جدوجہد کر رہے ہیں لیکن ہمیشہ سے ایک افسوسناک رویہ ملازمین کے ساتھ اختیار کیا جاتا ہے اور مختلف کالے قوانین کا نفاذ کر کے حق کی آواز کو دبانے کی روش رکھی جا رہی ہے جو لمحہ فکریہ ہے، پرامن اور مہذب احتجاج ہر شہری کا آئینی و جمہوری حق ہے، مگر حکمران طبقہ اس حق کو کچلنے کے لیے طاقت کا بے دریغ استعمال کر رہا ہے چنانچہ 2076 بلوچستان یہ مطالبہ کرتی ہے کہ فوری طور پر تمام غیر قانونی چھاپوں اور کریک ڈاؤن کو بند کیا جائے، بلاجواز گرفتار کیے گئے رہنماؤں اور کارکنان کو رہا کیا جائے اور ملازمین کے جائز مطالبات کو سنجیدگی سے سنا اور تسلیم کیا جائے، اگر جبر و استبداد کا یہ سلسلہ جاری رہا

کوئٹہ: بلوچستان ہاکی ایسوسی ایشن کے سیکرٹری جنرل جہانگیر اچکزئی، شرافت بٹ، حسین نگری و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سیکرٹری زراعت [illegible] اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

NOTICE INVITING TENDER

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEERII PROVINCIAL B&R KALAT invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2018 on Percentage Rates **Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2% for each work**

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost
1	TSE-252601948923	REPAIR OF BHU AT CHAIMAST KHALIQABAD	09 February,2026 10:00 AM	11:00 AM	5,000,000
2	TSE-252601948933	RENOVATION/ UPGRADATION OF RHC BARENCHINA KHALIQABAD	09 February,2026 10:00 AM	11:00 AM	7,000,000
3	TSE-252601948943	RENOVATION/ UPGRADATION OF GOVT ELEMRNTARY COLLAGE KALAT	09 February,2026 10:00 AM	11:00 AM	5,000,000
4	TSE-252601948953	REPAIR OF BHU KILLI ALAM KULLOI KHALIQABAD	09 February,2026 10:00 AM	11:00 AM	5,000,000
5	TSE-252601948963	SOLARAZATION OF MADRASSA MUKHAZAN ULOOM ALI ABAD KOHING	09 February,2026 10:00 AM	11:00 AM	5,000,000
6	TSE-252601948723	SOLARAZATION OF BHU GARANI	09 February,2026 10:00 AM	11:00 AM	10,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure (TSE-252601948923, TSE- 252601948933, TSE-252601948943, TSE-252601948953, TSE-252601948963, TSE-252601948723) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Address:** c&w kalat **Phone no:** 3327898573 **Email:** engmiazbangulzai8@gmail.com

Executive Engineer-Building District KALAT

PRQ No.3373/21-01-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The office of Executive Engineer (Roads) CW, PP&H Department District Sohbat pur invites sealed bids from eligible bidders based on CSR-2023 on National Competitive Bidding (NCB) who can prove their eligibility and qualification as mentioned in the Bidding Documents for the works mentioned below. Earnest Money 2% in shape of call deposit, Tender Fee 1500/- (in shape of green challan form deposited in head of account C-02716) Tentative Time Limit 12-Months (Working).

S.No.	Name of Work	E/Cost	E/Money
1	CONSTRUCITON OF BRIDGE (1X10 SPAN CULVERT) AT SIM SHAKH NEAR LASHARI CHOKI DISTRICT SOHBATPUR. (BSDI PROGRAMME SOHBATPUR) **TSE No. 252601948833**	2.692-M	Rs.54000

Bidding process of aforementioned works shall be carried out in accordance with the rules of Balochistan Public Procurement Authorities 2014 & Pakistan Engineering Council By-Laws. **BASIC ELIGIBILITY:** The contractors must have valid Registration of firm with PEC in category C-5 and above with specialization codes CE01 and CE10 in relevant discipline. and registration along with till date renewal with Tax Authorities i.e. (NTN, Sales Tax Department and BRA), where applicable. The prospect bidder(s) must meet the eligibility / qualifying criteria as mentioned in the bidding document. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage - Two Envelope Bidding Procedure. **BIDDING/TENDER DOCUMENTS ISSUANCE:** The bidder(s) can obtain the bidding documents from the address mentioned below in office working hours on production of green challan form for an amount of Rs.1500/- (NON REFUNDABLE) deposited in the head of account C02716 thorough Government Treasury/National Bank of Pakistan OR can be downloaded from website of BPPRA (www.bppra.gob.pk), under TSE Nos. given against each work above from the date of publication of this invitation in newspapers till the last date of submission i.e _09/02/2026 until 12.00 hrs. The contractors/Firms who obtain bidding document by downloading them from BPPRA website will also be required to produce deposited green challan form of above mentioned fee. The bids must have accompanied Bid Security with "Technical Bid" for the work in the form of Call at Deposit above in the name of the undersigned from a Scheduled Bank. Bid security if not found in technical bid envelop the bid will not be taken into account for evaluation and will be rejected straightforwardly. **DEAD LINE OF SUBMISSION:** The bids (Technical and Financial) in two separate sealed envelopes clearly marked with work Title & Type of Proposal, prepared in accordance with the instructions contained in the bidding document must be delivered by hand or through registered mail at the address mentioned below on or before 09/02/2026 at 12.00 hrs. **OPENING OF BID(S):** Envelope containing "Technical Bid" along with bid security will be opened on the same day i.e. 09/02/2026 at 13.00 hrs before Procurement Committee in the presence of Bidders or their Authorized representatives with authority letter on non-judicial stamp paper of Rs.100/- duly attested by the notary public) who choose to attend as specified in the bidding document. Second Envelope containing "Financial Bid" of technically qualified bidder(s) will be opened later, the date of which will be communicated after evaluation of the Technical Bids. Financial Proposals of Technically non-qualified bidders will not be opened and thus will be returned sealed/unopened. BID VALIDITY: Ninety (90) days **PLACE OF ISSUANCE AND SUBMISSION:** Executive Engineer (Roads) CW,PP&H Department District Sohbat pur

Telephone No. 0838603044, Fax no. 0838603044 Email address: xenrspur@gmail.com

TERMS & CONDITIONS: Terms & Conditions are mentioned (incorporated) in detail in Bidding Documents. The bidders providing unsubstantiated and / or incorrect information will be liable to disqualification and / or legal action.

EXECUTIVE ENGINEER(ROADS) CW, PP&H DEPARTMENT DISTRICT SOHBAT PUR

PRQ No.3360/21-01-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer Roads CWPP&H Department District Shaheed Sikandarabad invites sealed tender based on composite schedule of rates, 2023 G.O. B amended up to date from interested contractors/firms for the work listed below **BSDI Work** Earnest Money 2%, Tender Fee 1500 (in shape of green challan from deposited in head of Account C-02716) Time Limit 30-06-2026

S.No	Name of work	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD FROM SURAB BAZAR TO DUN CROSS VIA OLD N-85 GIIDER ROAD DISTRICT SHAHEED SIKANDAR ABAD SURAB) **TSE-252601948303**	79.209 M

The procurement shall be carried out in accordance with Baluchistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014. **BASIC ELIGIBILITY:** The Contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in the category C-5 or above for which one is applicable with relevant discipline and registration with tax authorities' i.e. (NTN, Sales Tax Department and Balochistan Revenue Authority), where applicable. Turnover last three years showing financial capacity of the firm. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Affidavit of no Litigation Non- Black Listing history where decision went against the Firm. The contractor must produce an oath certificate duly attested by oath commissioner narrating that all the supporting documents attached with bid are not fake, in case if any document at any stage of the contract found fake. The action will be taken against the firm and its owner. Audit Report Last Three Year Showing Turn Over **METHOD OF PROCUREMENT: National Competitive Bidding Procedure : Single stage – One envelope bidding procedure. BIDDING/TENDER DOCUMENTS: Issuance:** The contractor/firm having registered with PEC in aforementioned category in relevant discipline can obtained bidding document from the addressed mentioned below on production of green challan form for an amount of Rs.1500/(Non Refundable) deposited in the head of account C-02716 through Government treasury/ National Bank Pakistan or can be downloaded from website of BPPRA, from the date of publication of this invitation on the website of BPPRA till one day prior to the last date of submission. The contractor/firm who obtained bidding document by downloading them from BPPRA website will also be required to produce deposited green challan from above mentioned fee. The document if requested by mail will be promptly dispatched by registered mail for which cost of mail will be by the applicant, however, under no circumstances the procuring agency will be held responsible for last delivery or loss of document so mailed. Earnest money as mentioned above should be submitted in the form of bank guarantee or deposited at call from a scheduled Bank. **Dead Line Of submission:** The bidding documents duly filled and attached with copies of supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before **10-02-2026** at 11:00 AM. **Opening:** The tender document will be opened on **10-02-2026** at 12:00 PM, before procurement committee in the presence of the contractors or their authorized representative. **Address:** Office of The Deputy Commissioner Shaheed Sikandarabad Surab Tel:0812-446852 **Email Address**: chakarrafiq1985@gmail.com

Term and conditions are mentioned (incorporated) in detailed in bidding documents. Procuring agency may cancel the bidding process at any time prior to acceptance of bid or proposal as per provision of BPPRA Rules, 2014.

Executive Engineer-Roads CWPP&H Department District Shaheed Sikandarabad

PRQ No.3369/21-01-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشتگردی خاران

[illegible]

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خاران

PRQ No3388/21-01-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشتگردی خاران

[illegible]

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خاران

PRQ No3387/21-01-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

کسانوں کی آگاہی کیلئے ایچ بی ایل کی جانب سے خوشیاں دا میلہ "فیسٹیول" کا انعقاد

خوشیاں دا میلہ کو ایک خاندانی اور دیہی تہوار کے طور پر ترتیب دیا گیا، جو روایتی زرعی نمائش سے کہیں بڑھ کر ہے

کسانوں کو تفریح کیساتھ زرعی ادویات، مشاورتی خدمات، بینکنگ سہولیات کے بارے میں معلومات دی گئیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) کسانوں کی تفریح کیلئے HBL زرعی سروسز لمیٹڈ کی جانب سے خوشیاں دا میلہ "فیسٹیول کا انعقاد پاکستان - 20 جنوری HBL2026 زرعی سروسز لمیٹڈ، جو کہ HBL کا ذیلی ادارہ ہے، نے دیہی سطح پر ایک منفرد اور تاریخی اقدام "خوشیاں دا میلہ" کا آغاز کیا ہے۔ یہ پاکستان کے زرعی علاقوں کے لیے مخصوص اپنی نوعیت کا پہلا زرعی کمیونٹی فیسٹیول ہے۔ اس میلے کی افتتاحی تقریب چک 305 - ای بی بوریوالا میں منعقد ہوئی، جو ایک مکمل دیہی ماحول پر مشتمل مقام ہے۔ یہ فیسٹیول HBL زرعی کے اس عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ کسانوں سے ان کے اپنے ماحول میں جڑ کر روابط قائم کیے جائیں۔ خوشیاں دا میلہ کو ایک خاندانی اور دیہی تہوار کے طور پر ترتیب دیا گیا ہے جو روایتی زرعی نمائش سے کہیں بڑھ کر ہے جہاں پر شرکاء کیلئے مفت کھانے کے اسٹالز، بذریعہ قرعہ اندازی ہزاروں روپے کے نقد انعامات اور بچوں کی تفریح کیلئے مفت جھولے بھی لگائے گئے جس سے میلہ میں شریک کسانوں اور ان کے اہل خانہ کو خوشگوار تفریحی ماحول فراہم کیا گیا۔ یہ اقدام HBL زرعی کے اس وژن کی عکاسی کرتا ہے کہ کسانوں تک جغرافیائی اور ثقافتی دونوں سطحوں پر پہنچا جائے۔ اس تقریب میں HBL زرعی سروسز کی جانب سے خصوصی طور پر تیار کردہ اسٹیج ڈرامہ سیریز کی بھی سکریننگ کی گئی جس میں معروف اداکار سہیل احمد اور بی اجیالا کی پرفارمنس شامل تھی جس میں مزاح کے ساتھ کسانوں کی زندگی میں HBL زرعی سروسز کے حوالے سے آگاہی فراہم کی جسے حاضرین کی جانب سے خوب پذیرائی حاصل ہوئی۔ اس میلے میں معروف زرعی، مالیاتی اور ٹیلی کمیونیکیشن ادارے شریک ہوئے جن میں سپریم وینڈا، عظیم فرٹیلائزر، بائز کور نیوا، اینگرو، ایف ایم سی، برکت فرٹیلائزرز، بینک الحبیب، بینک آف پنجاب، HBL کنیکٹ اور زونگ شامل ہیں۔ اس فیسٹیول کے ذریعے کسانوں کو تفریح کے ساتھ ساتھ ایک ہی جگہ زرعی ادویات، مشاورتی خدمات، بینکنگ سہولیات اور ٹیکنالوجی کے بارے میں معلومات دی گئیں۔ پہلے خوشیاں دا میلہ کا افتتاح میزبان کمیونٹی کے کسانوں نے خود کیا

اعلیٰ حکام کا ماؤنٹین ویو ٹیک پارک کا دورہ

جرمنی کے اعزازی قونصل جنرل اور دیگر کو تفصیلی بریفنگ

کوئٹہ و کراچی میں آتشزدگی کی تحقیقات کی جائے، اہلسنت والجماعت

پاک ایران تعلقات کو منظم خطوط پر استوار کرنا ناگزیر ہے، آغا ابوالحسن میری

ایران ہی وہ پہلا ملک تھا، جس نے شروع سے کشمیر ایشو پر پاکستان کے موقف کی تائید کی، ناظم الامور خانہ فرہنگ ایران

ایران بلوچستان میں علم و ادب کے رجحانات و میلانات کی ترقی و ترویج کیلئے سرگرمیوں میں شانہ بشانہ ساتھ رہے گا

موقف کی تائید کی، جو ایران کے اسلامی انقلاب کے بعد بھی بلاتعطل جاری ہے۔ ایران نے باقاعدہ رسمی معاہدوں کے ذریعے دو طرفہ تعلقات کو منظم قانونی خطوط پر استوار کرنے کی کوششیں کیں اور پاک ایران دوستی کو پروان چڑھایا۔ ان خیالات کا اظہار خانہ فرہنگ ایران کے ناظم الامور اعلیٰ آغا ... فرہنگ ایران بلوچستان میں علم و ادب کے رجحانات و میلانات کی ترقی و ترویج کیلئے کی جانے والی سرگرمیوں میں شانہ بشانہ ساتھ رہے گا۔ انہیں نے مزید کہا کہ 1970ء میں ایران نے پاکستان کو اسلحہ فراہم کیا تھا۔ 1971ء میں بھارت کا ارادہ صرف مشرقی پاکستان نہیں تھا بلکہ وہ بیک وقت ... وجود ہی نہیں رکھتا۔ شیخ فرید کہا کہ پاک ایران دوستی سے صیہونی قوتیں بوکھلاہٹ کا شکار ہے۔ اور وہ اپنی مکروہ سازشوں سے مسلم امہ کو گزند پہنچانے کی گھناؤنی چالیں چل رہا ہے۔ جسے اہل قلم اپنی تحریروں سے بے نقاب کر کے ناکام بنائیں گے۔

NATIONAL UNIVERSITY OF SCIENCES & TECHNOLOGY (NUST)
BALOCHISTAN CAMPUS, QUETTA

NUST
NATIONAL UNIVERSITY OF SCIENCES & TECHNOLOGY

TENDER NOTICE

PROCUREMENT OF IT ITEMS AND PODIUM

1. NUST Balochistan Campus (NBC), Quetta hereby invites sealed bids from well-established, experienced and financially sound manufacturer & suppliers for **"Procurement of IT Items and Podium for NUST Balochistan Campus (NBC), Quetta"** who are registered with PPRA for E-Procurement on "E Pak Acquisition and Disposal system (E-PADS)".

Sr.	Subject	Method	Bid Submission Date and Opening Time
a.	**Procurement of IT Items and Podium for NUST Balochistan Campus (NBC), Quetta**	Single Stage Single Envelope Procedure	Bid Submission on **09 Feb 2026** at **1030 hrs.** Opening time at **1100 hrs.**

2. **Tender Processing Fee of Rs. 1,000/-** must be provided **in original** at the time of technical bid opening in the shape of Pay Order/Bank Draft in favour of **'PETTY CASH NUST CAMPUS QUETTA'**.
3. The complete set of bidding documents containing description and detailed terms & conditions are available on E-PADS website **(www.eprocure.gov.pk)**. Bidders may obtain further information from Procurement Branch, NUST Balochistan Campus (NBC), Kach Road, near Sheikh Mohammad Bin Zayed Al Nahyan Cardiac Centre, Quetta, Phone No: 081-9085113.
4. All e-bids must be submitted through EPADS as per above mention schedule.
5. NUST may reject all bids at any time prior to the acceptance of a bid by invoking rule 33 of Public Rule (PPR).2004.

AD Procurement
Procurement Branch
NUST Balochistan Campus (NBC), Kach Road, near Sheikh Mohammad Bin Zayed Al Nahyan Cardiac Centre, Quetta, Phone No: 081-9085113

U.A.N: 111-116-878 nust_official www.nust.edu.pk

PAKISTAN AIRPORTS AUTHORITY (PAA)
پاکستان ایئر پورٹس اتھارٹی

جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد میں ایوی ایشن کمپلیکس کی تعمیر
کنسٹرکٹرز / فرمز کی پری کوالیفکیشن کے لیے درخواستوں کی دعوت

1- پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی (PAA) ایک خود مختار ادارہ ہے جس کے اپنے مالی وسائل ہیں، اور وہ جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد میں ایوی ایشن کمپلیکس کی تعمیر کے منصوبے کے لیے اہل پارٹیوں کو کنٹریکٹ کے تحت مالی اعانت فراہم کرے گی، جس کے لیے یہ پری کوالیفکیشن کی دعوت جاری کی جا رہی ہے۔
2- پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی (PAA)، جسے آئندہ "آجر" کہا جائے گا، مذکورہ منصوبے "جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد میں ایوی ایشن کمپلیکس کی تعمیر" کے لیے کنسٹرکٹرز / جوائنٹ وینچرز کی پری کوالیفکیشن کا ارادہ رکھتی ہے۔
3- کنسٹرکٹرز / فرمز / جوائنٹ وینچرز کے لیے درج ذیل اہلیت کی شرائط لازم ہوں گی:
a- مقامی کنسٹرکٹرز جو انفرادی طور پر درخواست دیں، ان کے پاس پاکستان انجینئرنگ کونسل (PEC) میں کیٹیگری C-A میں درست رجسٹریشن ہونی چاہیے، اور کم از کم اسپیشلائزیشن کوڈز CE-01، CE-02، CE-09، CE-10، BC-03، ME-01، ME-02، ME-03، EE-02، EE-03، EE-04 موجود ہوں۔
b- مقامی کنسٹرکٹرز مقامی پارٹنر کے ساتھ جوائنٹ وینچر / کنسورشیم تشکیل دے سکتے ہیں، بشرطیکہ ہر پارٹنر کے پاس پاکستان انجینئرنگ کونسل میں کیٹیگری C-A کی درست رجسٹریشن ہو۔
c- غیر ملکی کنسٹرکٹرز جو پاکستان انجینئرنگ کونسل میں FC-A کیٹیگری میں رجسٹرڈ ہوں، انہیں مقامی کنسٹرکٹرز (کیٹیگری C-A) کے ساتھ جوائنٹ وینچر / کنسورشیم تشکیل دینا ہوگا۔ جوائنٹ وینچر / کنسورشیم کے پاس مجموعی طور پر کم از کم اسپیشلائزیشن کوڈز CE-01، CE-02، CE-09، CE-10، BC-03، ME-01، ME-02، ME-03، EE-02، EE-03، EE-04 کا ہونا لازم ہیں۔
4- قواعد و ضوابط کے مطابق پری کوالیفکیشن دستاویزات، جن میں تفصیلی شرائط و ضوابط اور دیگر ضروریات شامل ہیں، https://eprocure.gov.pk سے بلا معاوضہ ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہیں۔ پری کوالیفکیشن کی درخواستیں E-PADS کے ذریعے الیکٹرانک طور پر اور ہارڈ کاپی کی صورت میں درج ذیل پتے پر جمع کرانا ہوں گی۔ E-PADS پر رجسٹریشن، تربیت یا کسی تکنیکی مسئلے کی صورت میں، ممکنہ درخواست گزار جناب رضوان محمود، ڈائریکٹر PPRA/MIS، کمرہ نمبر 109، پہلی منزل، FBC بلڈنگ، سیکٹر G-5/2، اسلام آباد سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ فون نمبر: 051-111-137-237
5- درخواست گزاروں کے سوالات (اگر کوئی ہوں) کے جواب کے لیے ایک اجلاس 05 فروری 2026 کو دوپہر 02:30 بجے P&D ڈائریکٹوریٹ کے مرکزی کانفرنس روم میں منعقد کیا جائے گا۔
6- پری کوالیفکیشن کی درخواستیں https://eprocure.gov.pk پر E-PADS کے ذریعے اسکین شدہ صورت میں مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کی جائیں، جبکہ ہارڈ کاپی بند لفافوں میں بذریعہ ہاتھ 20 فروری 2026 کو سہ پہر 03:00 بجے تک درج ذیل پتے پر پہنچائی جائے۔ لفافے پر واضح طور پر "جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد میں ایوی ایشن ٹاور کی تعمیر کے لیے پری کوالیفکیشن کی درخواست" درج ہو۔
7- پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی (PAA) کو PPRA قواعد کے مطابق کسی بھی یا تمام درخواستیں قبول یا مسترد کرنے کا حق حاصل ہے، نیز تاخیر سے موصول ہونے والی درخواستیں مسترد کی جا سکتی ہیں۔
8- بولی کی دستاویزات صرف پری کوالیفائیڈ فرموں کو ہی جاری کی جائیں گی۔

ڈائریکٹر (P&D)، پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ ڈائریکٹوریٹ
ہیڈکوارٹرز، پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی، ٹرمینل-1، جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ، کراچی۔ فون: 99242773 (21-92) ایکسٹینشن: 2081
فیکس: 99242683 (21-92) ای میل: director.pdev@paa.gov.pk، contmgntbranch@gmail.com
www.paa.gov.pk

PID K-2494/25

قائمقام گورنر غزالہ گولہ کو ... پولیس افسران کی جانب سے بریفنگ دی جا رہی ہے

تاجر برادری پولیس سے مکمل تعاون کریگی، حبیب اللہ اچکزئی

ایس ایچ او محسن بلوچ امن وامان قائم رکھنے کے لیے مثالی کردار ادا کریں گے

حاجی عبد الباری، عین الدین اچکزئی، حیات اللہ ودیگر تاجر رہنماؤں کی ملاقات

چمن (پ ر) مرکزی انجمن تاجران و دکانداران کے ضلعی چیئرمین حبیب اللہ اچکزئی کی قیادت میں تاجر برادری کے ایک وفد نے نئے تعینات ہونے والے ایس ایچ او محسن بلوچ کو ان کی تعیناتی پر دلی مبارکباد پیش کی وفد میں پریس سیکرٹری حاجی عبد الباری اسحاق قبائلی رہنما ملک عین الدین اچکزئی نائب صدر اول حیات اللہ کلیوال سینئر نائب صدر امان اللہ خان حاجی لطیف خان سرور خان ودیگر اراکین شامل تھے وفد نے شہر کی مجموعی امن وامان کی صورتحال، تاجروں کو درپیش مختلف مسائل، ناکافی پولیس گشت، پٹرولنگ کے فقدان، بے ہنگم ٹریفک اور آئے روز لگنے والے ٹریفک جام کے باعث کاروباری سرگرمیوں میں حائل رکاوٹوں سے ایس ایچ او کو تفصیل سے آگاہ کیا وفد کا کہنا تھا کہ امن وامان کی بہتر صورتحال ہی شہر کی معاشی ترقی اور کاروبار کے فروغ کی ضامن ہوتی ہے ایس ایچ او محسن بلوچ نے تاجر وفد کے مسائل کو بغور سنا اور یقین دہانی کرائی کہ پولیس عوام اور تاجر برادری کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کرے گی انہوں نے کہا کہ شہر میں پولیس گشت اور پٹرولنگ کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے گا جبکہ ٹریفک کے مسائل کے حل کے لیے بھی عملی اقدامات کیے جائیں گے ایس ایچ او محسن بلوچ کا کہنا تھا کہ پولیس اور تاجر برادری کا باہمی تعاون شہر میں امن وسکون کی فضا قائم رکھنے کے لیے ناگزیر ہے اور پولیس کی بھرپور کوشش ہوگی کہ تاجر بلا خوف وخطر اور پرامن ماحول میں اپنا کاروبار جاری رکھ سکیں وفد نے ایس ایچ او کی یقین دہانیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ پولیس اور تاجر برادری کے درمیان یہ رابطہ مستقبل میں بھی جاری رہے گا، جس سے شہر میں امن و امان اور کاروباری سرگرمیوں کو مزید استحکام ملے گا اس موقع پر ... ایس ایچ او ولی کاکڑ بھی موجود تھے

حلیم پلازہ کے تاجروں کا بہت نقصان ہوا، عبدالستار چشتی

آتشزدگی افسوسناک ہے تاجروں کا نقصان پورا کیا جائے، بات چیت

ملازمین پر لاٹھی چارج اور گرفتاریاں قابل مذمت ہیں، اے کیو ایم

دباؤ کے تحت جائز حقوق سے دستبردار کرانے کے حربے ناقابل برداشت عمل ہے

انجمن تاجران کے چیئرمین حبیب اللہ اچکزئی کی قیادت میں تاجروں کا ایس ایچ او محسن بلوچ اور ولی کاکڑ کے ساتھ گروپ فوٹو

... کے جائز حقوق کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتی رہے گی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر تمام گرفتار ملازمین کو رہا کیا جائے اور ان کے جائز مسائل حل کیے جائیں، بصورت دیگر یہ تحریک ایک وسیع عوامی تحریک میں تبدیل ہو سکتی ہے، جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی

NOTICE INVITING TENDER

The EXECUTIVE ENGINEER, PHE DIVISION KALAT Invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year, 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates.

S. No.	Name of Work	E/Cost	Tender Fee	Bid Security	TSE No.
1	Supply & Installation of Solar System for WSS Alongwith Solarization at Hakim Post.	8921339	2,000 PKR	2%	252601950213
2	Supply & Installation of Solar System for WSS Alongwith Solarization at Chapper.	8921339	2,000 PKR	2%	252601950403
3	Supply & Installation of Solar System forWSS Alongwith Solarization at Govt Girls College Kalat.	8921339	2,000 PKR	2%	252601950493
4	Supply & Installation of Solar System for WSS Alongwith Solarization at Killi Rahim Abad Chotank.	8921339	2,000 PKR	2%	252601950533
5	Supply & Installation of Solar System for WSS Alongwith Solarization at Killi Sanjdi.	8921339	2,000 PKR	2%	252601950563

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turnover of at least 8921339 PKR Amount for S.# 1 to 5 in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm. Payment Challan of each Engineer of the last year Bachelor degree with PEC Registered and Tax payment Challan Quality Certificate of ISO 9001:2015 of PNAC, ISO 45001:2018 of PNAC, ISO 22000:2018 of IAS-PCA Accreditation of Concern PINAC Body and Fresh Order Report of PNAC Body. Photo Voltaic Module (Certification) Firms having certification of IEC: 61215 & 2005 & IEC: 61730-2 from any international Certified Laboratory (TUV/VDE) Certificates. Registration/ Certification under Category C-1 of AEDB (Certification) Regulation, 2021. **Procedure of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **2,000 PKR** through green chalan on a/c of Tender documents Fee **C02726-others. Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **10 February, 2026** till **10:00 AM. Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at **11:00 AM Address:** Kohing Kalat **Phone no:** 0844210228
Email: xenphedkalat@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER
PHE DIVISION KALAT

PRQ No.3368/21-01-2026
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Assistant Director Local Govt Surab invites bids from Eligible Bidders for execution of the following work for the Year 2025, based on the Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of the GOB, Whether Through Electronic or Manual Bid Submission. It is Mandatory for All Bidders to Get Registered at the Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.

Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 2% for each work

S.No	Name of Works	E/Cost
1	Solar Street Light, from Main Bazar to Nighar, Surab (Judicial/Police Complex, LPG Gas plant)**TSE-252601950093**	34,656,769
2	Solar Street Light N-25 to Main Bazar Surab**TSE-252601950113**	39,605,981

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 assignments of a similar nature of work Turn over of at least 27,724,186 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering Council (PEC) C-5 and above (Up to 65 million) In Relevant Category and Specialized Code is EE11(i) (Solar), EE11(ii) (Solar Energy). Previous year Audit report 2025 The bidder shall provide an Authority Letter/Power of Attorney on Rs. 100/- Judicial Stamp Paper for this NIT, mentioning the name of work and TSE No., with CNIC copy of the owner duly attested by a 1st Class Magistrate." Affidavit on Rs.100/- stamp paper with TSE number and work title, duly notarized, confirming bid info is true. If any document is fake/forged, the bidder shall be blacklisted and forfeit the guarantee. A non-refundable tender fee of Rs.1500/-, deposited in the relevant head of account, must be submitted in original at the time of bid opening; otherwise, the bid will be rejected The original bid security must be submitted to the P.A before the time of bid opening; otherwise, the bid will not be entertained and shall be declared ineligible. All pages of Bidding, technical, and financial documents must be duly signed and stamped by the bidder **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of a **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above, in the name of the undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of Tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically, latest by **10 February, 2026** till **11:30 AM** through the supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on the same day at **12:30 PM on the EPPS System Address:** AD LG & RD Surab**Phone no:** 0332782861 **Email:** salugill92@gmail.com

Assistant Director
Local Govt & RD Department
Surab

PRQ No.3379/21-01-2026
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

ماچھی پور: اچانک آگ لگنے سے پرال جل کر راکھ

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور کے علاقے ماچھی پور کے قریب واقع گوٹھ حاجی محمد اقبال کھوسہ میں اچانک شدید آگ بھڑک اٹھی، جس کے نتیجے میں گیلان میں رکھا پرال مکمل طور پر جل کر راکھ ہو گیا۔ خوش قسمتی سے اس واقعے میں کسی کو جانی نقصان نہیں پہنچا۔ فائر بریگیڈ عملہ فوری طور پر موقع پر پہنچا اور تیز کارروائی کے بعد آگ پر مکمل کنٹرول حاصل کر لیا۔ مقامی برادری اور اہل علاقہ نے بھی امدادی کارروائی میں بھرپور تعاون کیا۔ متاثرین نے تمام امدادی ٹیموں اور اہل علاقہ کا شکریہ ادا کیا، جنہوں نے مشکل گھڑی میں ان کے ساتھ تعاون کیا۔

یورپی یونین کی مالی اعانت سے بلوچستان کے آبی وسائل کی بحالی کیلئے معاہدہ

بلوچستان کے قدرتی وسائل کے پائیدار انتظام میں رینج لینڈ کی پیداواری صلاحیت، مویشیوں پر مبنی ذریعہ معاش کو مضبوط بنایا جائیگا

60,000 دیہی گھرانوں کی معاش، خوراک کی حفاظت اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نبرد آزما ہونے میں استعداد بڑھانا ہے

تقریب میں بلوچستان کے لائیو سٹاک سیکٹر کے لیے رینج لینڈز کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا، غلام صادق آفریدی محترمہ کامادو

اسلام آباد (شاکر رحمان) اقوام متحدہ کے عالمی ادارے خوراک و زراعت اور پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل (PARC) نے بلوچستان کے قدرتی وسائل کے پائیدار انتظام میں رینج لینڈ کی پیداواری صلاحیت، مویشیوں پر مبنی ذریعہ معاش کو مضبوط بنانے کے لیے یورپی یونین کی مالی اعانت سے بلوچستان کے آبی وسائل کی بحالی کے لئے ... وسائل کے پائیدار انتظام کے ذریعے بلوچستان کے تقریباً 60,000 دیہی گھرانوں کی معاش، خوراک کی حفاظت کے انتظامات اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نبرد آزما ہونے میں استعداد بڑھانا ہے۔ معاہدے کے تحت، FAO اور PARC مشترکہ طور پر چارے کی مختلف اقسام کی جانچ اور تعارف اور رینج لینڈ کے انحطاط، پانی کی کمی اور ... یونین کے تعاون سے، شواہد پر مبنی اور قابل توسیع حل فراہم کرنے کے لیے صوبے میں قدرتی وسائل کے پائیدار انتظام کو فروغ دیا جائے گا۔ LoA کے تحت پی اے آر سی، بلوچستان کے آبی وسائل کی بحالی کے پراجیکٹ کیلئے بنائے گئے دریاؤں کی ترائی میں فیلڈ ریسرچ کی ڈیمونسٹریشن کرے گی FAO منصوبہ تحقیق اور فیلڈ سرگرمیوں ...

کلاس فور ملازمین کی ترقی خوش آئند ہے، سیکرٹریٹ اسٹاف

عوامی مسائل ان کی دہلیز پر حل کئے جائینگے، زرک مندوخیل

وفاقی حکومت بلوچستان پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، وفود سے بات چیت

بلوچستان کے حالات مارشل لا کا تاثر دے رہے ہیں، نیشنل پارٹی

جمہوری حکومت ہوتی تو ملازمین پر اس طرح کا وحشیانہ تشدد دیکھنے کو نہ ملتا، موجودہ حکومت میں عوامی نمائندے نہیں ہیں

ملازمین سے معاہدہ کیا، پھر حکومت نے خلاف ورزی کی، اب ان پر تشدد کرکے گرفتار کیا گیا، لیبر سیکرٹری داد محمد بلوچ

اچکزئی مارکیٹ کا متاثرین کو معاوضہ دیا جائے، ٹرانسپورٹرز اتحاد

آتشزدگی نے غریب دکانداروں کو نان شبینہ کا محتاج کر دیا، ظاہر شاہ کاکڑ

کمیونٹی پولیسنگ کے تصور کو فروغ دیا جائے، سید علی ناصر رضوی

آئی جی اسلام آباد کا جدید سہولیات کی فراہمی اور پولیس ویلفیئر کا جائزہ

شہریوں کو جدید سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، حکام کو ہدایت

... آئی جی اسلام آباد نے سینئر پولیس افسران کو شہریوں کو جدید سہولیات کی فراہمی اور پولیس افسران و جوانوں کی بھرپور ویلفیئر کو یقینی بنانے کے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت میٹنگ ہوئی، جس میں اے آئی جی جنرل سید عنایت علی شاہ، اے آئی جی آپریشنز شعیب مسعود ... سہولیات کی فراہمی، پولیس فورس کی ویلفیئر اور جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے تمام افسران کو واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ کمیونٹی پولیسنگ کے تصور کو موثر انداز میں فروغ دیا جائے اور شہریوں کے تعاون سے پولیسنگ کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے۔

CORRIGENDUM FOR PREQUALIFICATION

With reference to subject mentioned above that PRQ No.3117 Dated: 06th January, 2026, it is submitted that noncompliance about Evaluation criteria has been rectified and uploaded as per Direction of BPPRA which may be seen in bidding Documents. In this regard Bidders are requested to resubmit their online bids. Tender will be open on 16th February, 2026 on EPPS System

Executive Engineer (Buildings)
CWPP&H Department
Jaffarabad

PRQ No.3377/21-1-2026
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

Reference to PRQ No.3122 under TSE No 252601937643 & TSE No.252601937613 published in leading newspapers. The date for submission of bidding documents in respect of above mentioned schemes will be January 26, 2026 instead of January 20, 2026 & January 22. 2026

Director General (South)
Energy Department

PRQ No.3376/21-1-2026
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو۔ پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے
چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن ہالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2829164-2821538-2821626 فیکس نمبرز:۔2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعرات 22 جنوری 2026ء

چلتن ٹرین سروس و دیگر مشترکہ اقدامات پر اتفاق۔ بلوچستان کی ترقی کی ضمانت

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی کی زیر صدارت گزشتہ روز حکومت بلوچستان اور پاکستان ریلویز کے مابین منعقدہ اجلاس میں کوئٹہ چلتن ٹرین سروس سمیت مشترکہ ترقیاتی منصوبوں کے آغاز پر اصولی اتفاق کیا گیا ہے جس سے عوام میں یک گونہ اطمینان اور احساس طمانیت بیدار ہوا ہے وفاقی وزیر ریلویز نے چلتن ٹرین سروس کو پاکستان ریلویز اور حکومت بلوچستان کے باہمی اشتراک کا حسین امتزاج قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ عوام کو سستی، محفوظ اور معیاری سفری سہولیات کی فراہمی میں سنگ میل ثابت ہوگا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان چلتن ٹرین سروس منصوبے پر تیز رفتار اور عملی پیش رفت کی خواہاں ہے۔ چلتن ٹرین سروس اور دیگر مشترکہ اقدامات پر اتفاق، بلوچستان کی ترقی کی ضمانت ہے یہ اقدامات نہ صرف بلوچستان بلکہ دیگر صوبوں کے لئے بھی ایک مثبت مثال ہیں کہ کس طرح وفاق اور صوبے مشترکہ وژن اور عملی حکمت عملی کے تحت عوام کی زندگیوں میں بہتری لا سکتے ہیں۔ چلتن ٹرین سروس کا آغاز بلوچستان میں ایک دیرینہ ضرورت کی تکمیل ہے۔ صوبے کے لوگ، جو طویل عرصے سے محدود اور غیر معیاری سفری سہولیات کا سامنا کر رہے تھے، اب ایک جدید، محفوظ اور سستی ٹرین سروس کے ذریعے مستفید ہوں گے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں اس منصوبے پر عملی پیشرفت ہوتی دکھائی دے رہی ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مقامی قیادت عوامی فلاح اور ترقیاتی منصوبوں میں عملی اقدامات کے لئے مکمل طور پر پرعزم ہے۔ اس منصوبے کی اہمیت اس بات سے بھی بڑھ جاتی ہے کہ یہ وفاق اور صوبے کے درمیان اعتماد اور اشتراک عمل کی مضبوط مثال ہے، جو پاکستان ریلویز کی تاریخ میں ایک نیا سنگ میل ثابت ہوگی۔ وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے اجلاس کے دوران چلتن ٹرین سروس کو پاکستان ریلویز اور حکومت بلوچستان کے باہمی اشتراک کا حسین امتزاج قرار دیا، اور اس منصوبے کی عوامی فوائد کو اجاگر کیا۔ واقعی، یہ منصوبہ نہ صرف عوام کو معیاری سفری سہولیات فراہم کرے گا بلکہ صوبے کے اقتصادی اور سماجی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔ عوام کی روزمرہ زندگی میں بہتری، کاروباری سرگرمیوں میں اضافہ اور صوبے کے مختلف علاقوں کے درمیان رابطے کی سہولت کو فروغ دینا، اس منصوبے کی بنیادی اہمیت ہے۔ بلوچستان کی جغرافیائی اور اقتصادی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے، ریلوے نظام کی بحالی اور چلتن ٹرین سروس کا آغاز ایک مضبوط اور پائیدار حکمت عملی کا حصہ ہے۔ یہ منصوبہ صرف ایک سفری سہولت نہیں بلکہ انفراسٹرکچر کی مضبوطی اور سماجی و اقتصادی ترقی کی بنیاد ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بلوچستان نے دیگر صوبوں کی نسبت عملی اور فیصلہ کن اقدامات کا مظاہرہ کیا ہے، جس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ مقامی قیادت نہ صرف منصوبے کی فوری تکمیل کی خواہاں ہے بلکہ عوام کی زندگیوں میں بہتری لانے کے لئے عملی اقدامات میں بھی سنجیدہ ہے۔ مشترکہ ترقیاتی منصوبوں پر وفاق اور صوبے کے اشتراک عمل کی اہمیت کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ ہمارے ہاں عام طور پر ترقیاتی منصوبوں میں اکثر وفاق اور صوبوں کے درمیان ہم آہنگی کی کمی کی شکایت سننے میں آتی ہے، لیکن حالیہ اجلاس نے یہ واضح کیا کہ اگر سیاسی اور انتظامی قیادت عوام کی فلاح اور ترقی کو مقدم رکھے، تو بڑے اور پیچیدہ منصوبے بھی بروقت مکمل کئے جا سکتے ہیں۔ بلوچستان میں چلتن ٹرین سروس اور دیگر مشترکہ منصوبے اس بات کے روشن مثالیں ہیں کہ وفاق اور صوبے کے درمیان اعتماد اور اشتراک عمل کے ذریعے عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لائی جا سکتی ہے۔ عوام کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے، چلتن ٹرین سروس نہ صرف ایک سفری سہولت ہے بلکہ صوبے کے نوجوانوں، کاروباری افراد اور طلبہ کے لئے بھی مواقع کے دروازے کھولے گی۔ اس سروس کے ذریعے لوگ تعلیم، کاروبار اور دیگر مواقع تک آسان رسائی حاصل کر سکیں گے، جس سے سماجی اور اقتصادی ترقی کو فروغ ملے گا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی اس سلسلے میں فعال قیادت اور عملی وژن کا اعتراف وفاقی سطح پر بھی کیا گیا، جو بلوچستان کی ترقی میں ایک تاریخی سنگ میل ثابت ہوگا۔ ریلوے نظام کی بحالی کے حوالے سے صوبائی اور وفاقی حکومت کے اقدامات صوبے کی پائیدار ترقی کے لئے ایک مضبوط بنیاد ہیں۔ یہ منصوبے نہ صرف عوام کے لئے معیاری سفری سہولیات فراہم کریں گے بلکہ بلوچستان کو دیگر صوبوں اور ملک کے مرکزی علاقوں سے بہتر طور پر مربوط کریں گے۔ اس سے تجارت، صنعت اور سیاحت کے فروغ کے لئے بھی نئے مواقع پیدا ہوں گے چلتن ٹرین سروس اور دیگر مشترکہ ترقیاتی منصوبے اس بات کا ثبوت ہیں کہ وفاق اور صوبے اگر متحد ہو کر عوامی فلاح کے لئے کام کریں، تو پیچیدہ مسائل بھی آسانی سے حل کئے جا سکتے ہیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کی زیر صدارت منعقدہ بالا اجلاس انتہائی اطمینان بخش ہے ہم سمجھتے ہیں کہ یہ کوششیں عوامی فلاح اور ترقی کے حوالے سے ایک روشن پیغام ہیں۔ چلتن ٹرین سروس اور دیگر مشترکہ ترقیاتی منصوبے نہ صرف بلوچستان کے لئے بلکہ پورے پاکستان کے لئے ایک روشن مثال ہیں کہ وفاق اور صوبے کے درمیان اعتماد، اشتراک عمل اور عملی قیادت کے ذریعے عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لائی جا سکتی ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت اور وفاقی وزیر ریلوے کی معاونت نے اس امر کو ممکن بنایا کہ عوامی فلاح کے منصوبے بروقت اور موثر انداز میں آگے بڑھیں۔ ان منصوبوں کی بروقت تکمیل عوام کے اعتماد کو مزید مضبوط کرے گی چلتن ٹرین سروس کا آغاز، بلوچستان میں ریلوے کے نظام کی بحالی اور دیگر مشترکہ ترقیاتی منصوبے ایک تاریخی اقدام ہیں جو عوام کے لئے معیاری، محفوظ اور سستی سفری سہولیات کی ضمانت فراہم کرتے ہیں۔ یہ منصوبے صوبے کے نوجوانوں، طلبہ، کاروباری افراد اور عام شہریوں کے لئے نئے مواقع پیدا کریں گے اور بلوچستان میں ترقی کی راہ کو مزید روشن کریں گے۔ وفاق اور صوبے کے درمیان یہ مشترکہ اقدامات مستقبل میں بھی عوامی فلاح اور ترقی کے لئے ایک مضبوط اور مثبت مثال کے طور پر یاد رکھے جائیں گے۔ ہمیں قوی امید ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ مخلوط صوبائی حکومت دیرینہ عوامی مسائل کے حل، پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول اور معیشت و معاشرت کو درپیش چیلنجز کے لئے اقدامات کا تسلسل برقرار رکھے گی بلوچستان کے پاس چونکہ وسائل کی کمی ہے اور اس نوع کے منصوبوں و اقدامات میں وفاق کی معاونت و سرپرستی بھی لازمی ٹھہرتی ہے اطمینان بخش امر یہ ہے کہ موجودہ وفاقی حکومت اس بابت اپنے فرائض سے کماحقہ آگاہ ہے اور وفاقی و صوبائی حکومتیں مل کر آگے بڑھ رہی ہیں جس سے پائیدار اہداف کا حصول اور دیرینہ مسائل کا حل ممکن ہوگا۔

''اعتراف'' سے کچھ سبق کشید کرنے کی میری کوشش

برملا — نصرت جاوید

فلسطین کے مجوزہ امن بورڈ میں شرکت کی دعوت

میڈیا آئی — عبدالباسط علوی

مشرق وسطیٰ کی سلامتی میں پاکستان کا کردار

تلخ حقیقت — اعظم خان

غزہ بورڈ آف پیس میں پاکستان کی شمولیت

وفاق نامہ — رشید صافی

ایران کے عوام کہاں کھڑے ہیں؟

پیامبر — قادر خان یوسف زئی

کچھ بھی تو ٹھیک نہیں جا رہا

اظہار خیال — خالد مسعود خان

پاکستان میں تحمل برداشت اور رواداری کی حالت یہ ہے کہ اب یا تو آپ میرے ساتھ ہیں یا پھر میرے مخالف کے ساتھ ہیں۔ اگر آپ میرے لیڈر یا مرشد کے ممدوح نہیں تو آپ یقیناً میرے مخالف کے ایجنٹ ہیں۔ آپ کو اب یہ حق قطعی طور پر حاصل نہیں کہ آپ اپنا ذاتی نقطہ نظر آزادی، سہولت اور عزت کے ساتھ پیش کر سکیں۔ درمیانی راستہ اب مکمل طور پر ختم یا بند ہو چکا ہے۔ اگر آپ موجودہ حالات کا رونا رو رہے ہیں تو اس کا یہ مطلب ہے کہ آپ موجودہ حکمرانوں کے ناقد ہیں۔ ظاہر ہے تنقید تو مخالف ہی کرتے ہیں…

جانے والی سب سے کم عمر اور ناپائیدار شے ہے۔ ہم جیسے لکھنے والوں کا المیہ یہ ہے کہ جب ہم عمران خان کے دور حکومت میں خوابوں کے ہوائی قلعے…

کالم نگاروں کے ساتھ

شہریار

عوام کو کسی صورت مسائل تلے نہیں چھوڑیں گے، انجینئر عبدالمجید بادینی

جو وعدے کیے انہیں پورا کر رہے ہیں کھلی کچہری میں جن مسائل کے متعلق آگاہی فراہم کی گئی وہ خوش آئند ہے

عوام کے بنیادی مسائل کا حل، تمام سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا ہماری ترجیحات کا حصہ ہے، پارلیمانی سیکرٹری

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی کاوشوں سے دیہی علاقوں کی عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر سننے کے لیے جعفرآباد ضلعی انتظامیہ کی جانب سے عوامی مسائل کا مشاہدہ کرنے اور ان کے بہتر حل کی تلاش کے لیے جعفرآباد کے علاقے گوٹھ اسماعیل جھنگلری میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا کھلی کچہری میں صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایس اینڈ جی اے ڈی انجینئر عبدالمجید بادینی تمام ڈسٹرکٹ ہیڈز سمیت علاقہ معتبرین بھی کثیر تعداد میں موجود تھے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تمام سائلین کے فرداً فرداً مسائل سننے کے لیے بہتر معنوں میں انتظامات کیے گئے تھے تمام شرکاء نے اپنے علاقوں کے مسائل کے متعلق آگاہی فراہم کی ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے موقع پر ہی متعدد مسائل کے حل کرنے کے احکامات دیے جبکہ دیگر مسائل حل کرنے کی بھرپور طریقے سے یقین دہانی کروائی کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایس اینڈ جی اے ڈی انجینئر عبدالمجید بادینی نے کہا کہ ہم عوام کو کسی صورت مسائل تلے نہیں چھوڑیں گے عوام کے تمام بنیادی مسائل حل کرنا اور انہیں تمام سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا ہماری اولین ترجیحات کا حصہ ہے ہم نے جو عوام سے وعدے کیے تھے انہیں اب پورا کر رہے ہیں کھلی کچہری کے موقع پر جن جن مسائل کے متعلق آگاہی فراہم کی گئی ہے وہ خوش آئند اقدام ہے تاکہ بہتر معنوں میں عوام کے مسائل حل کیے جا سکیں

قلعہ سیف اللہ میں بلوچستان گرینڈ الائنس کے تحت ملازمین کا احتجاج جاری

دفاتر کی تالہ بندی، قلم چھوڑ ہڑتال، مطالبات کی منظوری تک احتجاج جاری رہے گا

قلعہ سیف اللہ (یو این اے) قلعہ سیف اللہ میں پریس کلب کے سامنے گرینڈ الائنس بلوچستان کی کال پر سرکاری ملازمین نے احتجاجی مظاہرہ کیا، جہاں دفاتر میں تالہ بندی اور قلم چھوڑ ہڑتال کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ مظاہرین نے صوبائی حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی کرتے ہوئے گزشتہ روز گرفتار ہونے والے ملازمین کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا۔ احتجاجی ملازمین کا کہنا تھا کہ ڈی آر اے سمیت ملازمین کے جائز مطالبات کو مسلسل نظرانداز کیا جا رہا ہے، جو کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ جب تک گرفتار ملازمین کو رہا نہیں کیا جاتا اور مطالبات منظور نہیں کیے جاتے، احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا۔ مظاہرین نے خبردار کیا کہ حکومت نے سنجیدگی کا مظاہرہ نہ کیا تو احتجاج مزید سخت کیا جائے گا۔ اس موقع پر مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں اور کارکنان نے بھی ملازمین کے احتجاج میں شرکت کرکے یکجہتی کا اظہار کیا۔

ضلع کچھی کو نصیرآباد سبی ڈویژن میں شامل کرنے کا خیر مقدم

بھاگ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور نوجوان سیاسی شخصیت میر حاجی بابر خان [illegible] نے ضلع کچھی کو نصیرآباد ڈویژن سے نکال کر سبی ڈویژن میں شامل کرنے کے حکومتی فیصلے کو خوش آئند اور عوام دوست اقدام قرار دیا ہے۔ انہوں نے اس فیصلے کو مثبت انتظامی اصلاح قرار دیتے ہوئے کہا کہ ضلع کچھی تاریخی، ثقافتی اور جغرافیائی طور پر سبی خطے سے جڑا ہوا ہے، اس لیے سبی ڈویژن میں شمولیت سے انتظامی ہم آہنگی بڑھے گی اور عوام کو اپنے مسائل کے حل کے لیے بہتر رسائی حاصل ہوگی۔ میر حاجی بابر خان [illegible] نے کہا کہ تحصیل بھاگ سمیت ضلع کچھی کے عوام کو طویل عرصے سے صاف پینے کے پانی، صحت اور بنیادی انفراسٹرکچر کی شدید کمی کا سامنا ہے، جسے دور کرنے کے لیے یہ فیصلہ ایک اہم سنگ میل ثابت ہو سکتا ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ نصیرآباد ڈویژن میں بڑے اضلاع کی موجودگی کے باعث ضلع کچھی اکثر ترقیاتی ترجیحات میں نظرانداز ہوتا رہا، تاہم اب سبی ڈویژن میں شامل ہونے سے کچھی کو ایک نمایاں ضلع کی حیثیت حاصل ہوگی اور ترقیاتی فنڈز، تعلیمی و طبی سہولیات سمیت دیگر منصوبوں پر توجہ دی جا سکے گی

چمن، ایس ایچ او محسن بلوچ سے انجمن تاجران کے چیئرمین حبیب اللہ اچکزئی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

آل پارٹیز کی ضلع شیرانی کی ژوب میں ممکنہ انضمام کے خلاف احتجاجی ریلی

ژوب (آن لائن) آل پارٹیز ایکشن کمیٹی ژوب و شیرانی کے زیر اہتمام ضلع شیرانی کی ژوب میں ممکنہ انضمام کے خلاف ژوب شہر میں ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی جو مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی مرکزی چوک پر پہنچ کر جلسے کی صورت اختیار کر گئی جس سے خطاب کرتے ہوئے سابق سینیٹر رضا محمد رضا سابق رکن بلوچستان اسمبلی مفتی گلاب خان محمد حسن شیرانی ملک امان اللہ حریفال قاضی احمد خوستی مولوی نعمت اللہ نصیب اللہ حریفال عبداللہ شاکر شیرانی عبدالجبار طور مندوخیل ڈاکٹر قطب الدین شیرانی کاشف الرحمان بابر جمال خان عبدالوہاب اور دیگر مقررین نے ضلع شیرانی کے خاتمے اور اسے ژوب میں ضم کرنے کے حکومتی فیصلے کو یکسر مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ضلع شیرانی ایک آئینی اور انتظامی حیثیت رکھتا ہے جسے ختم کرنا عوامی حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کے مترادف ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت بغیر عوامی مشاورت کے یہ فیصلہ مسلط کرنا چاہتی ہے جو کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا صوبائی حکومت کی نئے ڈویژن اور اضلاع کا قیام بھی پشتون دشمنی پر مبنی ہے شیرانی کا خاتمہ پشتون دشمنی کی انتہا ہے

اوستہ محمد، گرینڈ الائنس کی کال پر سرکاری اداروں کو تالے، احتجاج مظاہرہ

مطالبات سے دستبردار نہیں ہونگے، آج سے جیل بھرو تحریک شروع کی جائے گی

اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد گرینڈ الائنس کی کال پر تمام سرکاری اداروں اور اسپتال کو تالے لگ گئے مطالبات کے حق میں احتجاج اور مظاہرہ آج بروز جمعرات جیل بھرو تحریک کا آغاز کیا جائے گا اپنے جائز مطالبات سے ہرگز دستبردار نہیں ہوں گے حکومت بطور طاقت ملازمین کو کچلنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے جائز مطالبات کو بلیک میلنگ کا لیبل ہرگز نہ لگایا جائے مظاہرین سے محمد عثمان عمرانی صادق علی جمالی عبدالمجید دیناری کا خطاب تفصیلات کے مطابق گرینڈ الائنس بلوچستان کی مرکزی کال پر بلوچستان بھر کی طرح اوستہ محمد میں تمام سرکاری اداروں سمیت تعلیمی اور اسپتال کو تالے لگ گئے گرینڈ الائنس کے رہنما محمد عثمان عمرانی صادق علی جمالی اور عبدالمجید دیناری کی قیادت میں گرینڈ الائنس کے سینکڑوں کارکنان نے اپنے مطالبات کے حق میں پریس کلب اوستہ محمد کے سامنے احتجاج اور مظاہرہ کیا مظاہرین سے محمد عثمان عمرانی صادق علی جمالی اور عبدالمجید دینار سمیت دیگر رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اوستہ محمد سمیت ضلع بھر میں اپنے جائز مطالبات کو تسلیم کرانے کے لیے لاک ڈاؤن کر دیا گیا ہے مقررین خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملازمین پر بلوچستان حکومت نے ظلم کے پہاڑ توڑے ہیں پرامن احتجاج کرنے پر ملازمین پر تشدد کی انتہا کر دی گئی انہوں نے کہا کہ مارشل لاء کے دور میں بھی اس طرح ظلم و بربریت نہیں کی گئی جس طرح جمہوریت کا لبادہ اوڑھ کر بلوچستان کے نااہل حکمرانوں نے ظلم کی انتہا کر دی انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی معیشت کو تقویت دینے میں ملازمین ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے ملازمین کے مسائل حل کرنے میں بلوچستان حکومت سنجیدہ نہیں ہے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پرتشدد سے ہمارے حوصلے پست نہیں ہوں گے بلوچستان حکومت کی خواہش پر کل بروز جمعرات گرینڈ الائنس کے سینکڑوں کارکنان اوستہ محمد سمیت بلوچستان بھر میں جیل بھرو تحریک کا آغاز کریں گے

پیر محمد خالد سلطان کی حاجی محمد شریف کے انتقال پر تعزیت، فاتحہ خوانی

گنداخہ (اے پی پی) مرکزی ناظم اعلیٰ جماعت اہل سنت پاکستان اور امیر جماعت الصالحین پاکستان، پیر طریقت رہبر شریعت صاحبزادہ الحاج پیر محمد خالد سلطان سروری القادری نے گنداخہ میں گزشتہ ماہ مرحوم حاجی محمد شریف کے انتقال پر ان کے اہل خانہ سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی تفصیلات کے مطابق پیر محمد خالد سلطان سروری القادری نے مرحوم کے بڑے بھائی، گنداخہ کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت ڈاکٹر مولانا خوشی محمد، ڈاکٹر عبدالغنی، فہیم احمد سلطانی، سلیم احمد، راجہ رمیز، انضمام اور توصیف احمد سے ملاقات کی اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر عبدالعزیز بھی ان کے ہمراہ تھے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے صاحبزادہ پیر محمد خالد سلطان سروری القادری نے کہا کہ موت ایک برحق حقیقت ہے اور اس صدمے پر صبر ہی مومن کا بہترین ہتھیار ہے۔ انہوں نے مرحوم کی دینی و سماجی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم ایک نیک، دیندار اور سماجی شخصیت تھے جن کی کمی ہمیشہ محسوس کی جائے گی۔ بعد ازاں پیر محمد خالد سلطان سروری القادری ڈاکٹر مولانا خوشی محمد کے گھر تشریف لے گئے جہاں مرحوم کے درجات کی بلندی، لواحقین کے لیے صبر جمیل اور علاقے میں امن و سلامتی کے لیے خصوصی دعا کروائی گئی۔ دعا کے اختتام پر شرکاء نے مرحوم کے لیے مغفرت اور اہل خانہ کے لیے حوصلے اور استقامت کی دعا کی

سبی، صوبائی مشیر سنجے کمار پروانی میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

گرینڈ الائنس کی ریلی، رہنماؤں کی گرفتاری کیخلاف احتجاجی ریلی

کارکنوں کی گرفتاری کو کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا، مقررین کا خطاب

دالبندین (نمائندہ خصوصی) گرینڈ الائنس کی ریلی، رہنماؤں کی گرفتاری ضلع چاغی میں گرینڈ الائنس کے زیر اہتمام ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی۔ ریلی کی قیادت گرینڈ الائنس ضلع چاغی کے جنرل سیکرٹری نور علی سنجرانی نے کی۔ ریلی گرینڈ الائنس آفس سے شروع ہوئی اور دالبندین شہر کی مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی پریس کلب دالبندین کے سامنے پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی میں شریک مظاہرین نے اپنے مطالبات کے حق میں نعرے بازی کی اور کوئٹہ میں گرینڈ الائنس کے قائدین کی گرفتاری کے خلاف شدید احتجاج کیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ سیاسی کارکنوں کو بلاجواز گرفتار کرنا عوامی حقوق کی کھلی خلاف ورزی ہے، جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا۔ پریس کلب کے سامنے مظاہرین نے حکومت کے خلاف نعرے لگائے اور مطالبہ کیا کہ گرفتار رہنماؤں کو فوری طور پر رہا کیا جائے۔ مظاہرین نے خبردار کیا کہ اگر گرفتاریاں بند نہ کی گئیں تو احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا۔ احتجاج کے بعد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے نور علی سنجرانی، غفار مینگل، باسط رخشانی، عبدالسلام احمدزئی اور داد کریم کو گرفتار کر لیا۔ گرفتاری کے بعد علاقے میں کشیدگی پائی جاتی ہے، جبکہ گرینڈ الائنس کے کارکنوں نے ان گرفتاریوں کی شدید مذمت کی ہے۔

اوتھل، گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول خانخیلی کو ہائی کا درجہ دینے کا مطالبہ

طالبات کی بڑی تعداد کے پیش نظر اسکول کی ترقی کے مواقع بڑھیں گے

اوتھل (یو این اے) اوتھل کے عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول خانخیلی جماعت میں اس وقت 400 سے زائد طالبات زیر تعلیم ہیں۔ اوتھل کی آبادی میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے، تاہم اتنی بڑی آبادی کے لیے صرف ایک ہی ہائیر سیکنڈری اسکول موجود ہے، جس میں طالبات کی بہت بڑی تعداد زیر تعلیم ہے۔ عوامی حلقوں نے وفاقی وزیر نواب جام کمال خان، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید درانی اور ممبر صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری میر زرین خان مگسی سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گرلز مڈل اسکول خانخیلی جماعت اوتھل کو ہائی اسکول کا درجہ دیا جائے تاکہ طالبات پر بوجھ کم ہو اور انہیں معیاری تعلیم کے بہتر مواقع میسر آ سکیں۔

تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے، محب اللہ بلوچ

باچا خان چوک کی کشادگی سے ٹریفک کے مسائل میں کمی آئے گی

لورالائی (خ ن) چیف آفیسر میونسپل کمیٹی لورالائی محب اللہ خان بلوچ اور ڈی ایس پی لورالائی عبدالکریم مندوخیل نے میونسپل کمیٹی لورالائی کے تعاون سے باچا خان چوک کی کشادگی کے جاری کام کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر متعلقہ افسران اور عملہ بھی ان کے ہمراہ موجود تھا۔ معائنے کے دوران چیف آفیسر نے کام کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ منصوبہ مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ باچا خان چوک کی کشادگی سے ٹریفک کے مسائل میں کمی آئے گی اور شہریوں کو آمد و رفت میں سہولت میسر آئے گی۔ ڈی ایس پی لورالائی عبدالکریم مندوخیل نے کہا کہ ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام اقدامات کیے جا رہے ہیں، جبکہ قانون نافذ کرنے والے ادارے میونسپل کمیٹی کے ساتھ مکمل تعاون کر رہے ہیں۔ آخر میں افسران نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی مفاد کے تمام ترقیاتی منصوبوں کو بروقت اور شفاف طریقے سے مکمل کیا جائے گا۔

شہر کو صاف، خوبصورت بنانے کے لیے صفائی مہم جاری رہے گی

شہری سے اپیل ہے کہ وہ صفائی کے عمل میں انتظامیہ سے تعاون کریں

ضروری ہدایات شرائط و ضوابط:۔ (1) ہر آسامی کیلئے صرف مطلوبہ تعلیمی قابلیت رکھنے والے امیدواران درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ (2) متعلقہ ڈسٹرکٹ کے لوکل/ڈومیسائل حامل امیدوار درخواست جمع کروانے کے اہل ہوں گے۔ (3) امیدوار کو گریجویٹ ہونا چاہیے اور عمر کی بالائی حد 55 سال سے زائد نہ ہو۔ (4) دوسرے سرکاری محکمہ کے امیدوار اپنے محکمے کے توسط سے درخواست ارسال کریں (5) تمام ریکروٹمنٹ خالصتاً حکومت بلوچستان سے منظور شدہ ریکروٹمنٹ پالیسی 2024 (عارضی تعیناتی) کے تحت ہو گی (6) آسامیاں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر چاغی مشتہر کر رہی ہے لہٰذا صرف متعلقہ دفتر سے موصول شدہ معلومات کے مطابق درخواستیں جمع کروائیں (7) تصدیق شدہ خالی آسامیوں کی یونین کونسل فہرست محکمہ اسکول ایجوکیشن اور حکومت بلوچستان کی ویب سائٹ www.emis.gob.pk اور www.balochistan.gov.pk پر ملاحظہ جا سکتی ہیں (8) شہری علاقوں کی میرٹ لسٹ میٹروپولیٹن، میونسپل کارپوریشن اور میونسپل کمیٹی کی حدود کے مطابق ہو گی جبکہ دیہی علاقوں کی میرٹ لسٹ یونین کونسل وار مرتب ہو گی (9) معذور افراد کا کوٹہ اور اقلیتی کوٹہ علیحدہ علیحدہ میرٹ لسٹ ضلع کی سطح پر مرتب ہو گی معذور افراد محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے جاری کردہ معذور سرٹیفکیٹ کی بنیاد پر درخواست جمع کروانے کے اہل ہوں گے اور کوئی ایسی معذوری قابل قبول نہ ہو گی جو تعلیمی عمل کو متاثر کرتی ہو (10) میٹروپولیٹن، میونسپل کارپوریشن اور میونسپل کمیٹی، یونین کونسل اور تحصیل کی حدود کا تعین محکمہ لوکل گورنمنٹ کے مروجہ نوٹیفکیشن کے مطابق ہو گا (11) فائنل میرٹ لسٹ صرف تصدیق شدہ مشتہر خالی آسامیاں کے مطابق مرتب کی جائیگی نیز آسامیاں میں کمی بیشی کا اختیار محکمہ اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ بلوچستان کے پاس ہو گا (12) 5% پانچ فیصد معذور اور 5% پانچ فیصد اقلیتی کوٹہ حکومت قوانین کے مطابق ضلع وار عہدہ وار (میل، فیمیل علیحدہ علیحدہ) آسامیاں سے مطابق مختص ہے (13) سلیکشن کی صورت میں امیدوار ضلعی سلیکشن کمیٹی کو متعلقہ تعلیمی اسناد کی تصدیق شدہ جاریاں اور ایک حلفیہ بیان کہ اس کے تعلیمی و دیگر اسناد و کاغذات بورڈ/یونیورسٹی/HEC سے غیر منظور شدہ ادارے سے ہونے کی صورت میں نااہل تصور ہو گا اور اس کی ملازمت بلا کسی نوٹس کے کسی بھی وقت برخاست کر دی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا اور ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی (14) میرٹ لسٹ صرف ایک دفعہ ریکروٹمنٹ کے لیے مؤثر ہو گی (15) شادی شدہ خواتین امیدوار خاوند کے لوکل یا ڈومیسائل کی بنیاد پر درخواست جمع کروانے کی اہل ہوں گی شادی شدہ خواتین امیدوار کے درخواست والد کے لوکل یا ڈومیسائل پر کسی صورت قابل قبول نہ ہو گی خاوند کے لوکل یا ڈومیسائل میں نام درج نہ ہونے کی صورت میں ادارہ NADRA کا جاری شدہ کمپیوٹرائزڈ نکاح نامہ یا شوہر کے نام سے منسوب شناختی کارڈ منسلک کرنا ہو گا ورنہ غلط بیانی کی صورت میں کسی بھی وقت نااہل تصور ہو گی (16) امیدوار کی سکونت کا تعین (اول) اس کے لوکل یا ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کے ایڈریس (دوئم) شناختی کارڈ پر درج مستقل پتہ کی بنیاد پر کیا جائیگا (17) محکمہ اسکول ایجوکیشن حکومت بلوچستان کسی ایک یا تمام آسامیوں پر منظوری یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

Ranking Criteria or Weightage Formula for the post and preparation of final merit list

Merit		Total
Weightage of prescribed Academic Qualification		33%
Marks of eligible Candidates Shal be calculated as follows.		33%
i. Matriculation	33%	34%
ii. Intermediat	33%	
iii Graduation (Bechler Degree)	34%	
	Total Merit Marks	100%

نوٹ:۔ (1) بنیادی اہلیت کے لیے امیدوار کو مجموعی طور پر 50% مارکس حاصل کرنا درکار ہوں گے (2) 50% فیصد یا اس سے زائد مارکس حاصل کرنے والے امیدواروں کو فائنل میرٹ میں شامل کیے جائینگے (3) ADE/BS(Education) B.ed (Hons) ڈگری ایکیڈمک اور پروفیشنل دونوں تصور کیے جائینگے (4) عارضی تعیناتی کو جلد از جلد پر کرنے اور میرٹ کو یقینی بنانے کے لیے کوئی ٹیسٹ اور انٹرویو نہیں لیا جائیگا (5) یہ عارضی تعیناتی 18 ماہ کے لیے ہوں گی 18 ماہ بعد بہتر کارکردگی کی بنیاد پر کنٹریکٹ کی مدت بڑھائی جا سکتی ہے (6) مذکورہ بالا تعیناتیوں کو جائے تعیناتی سے کسی دوسرے جگہ منتقلی (ٹرانسفر) نہیں ہو سکے گا (7) امیدواروں کے لیے مطلوبہ پیشہ ورانہ تعلیمی کوائف کا حامل ہونا لازمی ہے تاہم جن مخصوص یونین کونسلوں میں پروفیشنل ڈگری رکھنے والے امیدوار دستیاب نہ ہوں تو وہاں دوسرے امیدواروں کو زیر غور لایا جائے گا۔ **درخواست دینے کا طریقہ کار:۔** (1) تمام خواہشمند امیدواران اپنی درخواست بمعہ تعلیمی اسناد و کاغذات ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ضلع چاغی کے دفتر میں جمع کروائیں گے (2) سرکاری و نیم سرکاری، خود مختار اداروں سے وابستہ ملازمین محکمانہ توسط سے درخواست ارسال کریں (3) کوئی بھی فارم آخری تاریخ گزرنے کے بعد قابل قبول نہ ہو گا اور نہ ہی ادارہ دیر سے جمع ہونے والے فارم کا ذمہ دار ہو گا۔ **درخواست جمع کرنے کی آخری تاریخ** 06 **فروری** 2026ء **ہے۔**

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر چاغی بمقام دالبندین

PRQ No3382/21-01-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب سینئر سول جج V کوئٹہ بااختیارات جناب ڈسٹرکٹ جج صاحب کوئٹہ

درخواست جانشینی نمبر 09/29 آئندہ تاریخ پیشی 07-02-26 (۱) تاز بخت زوجہ گلستان خان (مرحوم) (۲) شمیم اختر (۳) تاج گل خان (۴) شفیع اللہ (۵) مطیع اللہ (انارنی) (۶) قدرت اللہ (۷) سمیع اللہ (۸) شاکر بی بی (۹) یاسین احمد (۱۰) حکمت اللہ (۱۱) بی بی سلمہ (۱۲) اسمہ بی بی پسران و دختران گلستان خان (مرحوم) سکنہ پشتون آباد ڈسٹرکٹ کوئٹہ بنام عوام الناس درخواست زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ 1925 برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ اشتہار بنام ہر خاص و عام ہرگاہ مقدمہ مندرجہ بالا عنوان میں سائل/سائلان نے ایک درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ بابت متوفی عدالت ہذا میں گزاری ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت مورخہ 07-02-26 کو مقرر ہو چکی ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی آج بتاریخ 25-12-27 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔ **سینئر سول جج V کوئٹہ**

TENDER NOTICE

The Deputy Conservator of Forest Quetta City has invites the sealed tender from eligible bidder for execution of following works on composite schedule of Govt of Balochistan. **BID SECURITY** 2% **in Shape of Call Deposit at Schedule Bank**

S.NO	NAME OF WORK	E/COST
1.	Raising of 100000 Fruits Plants Nursery **TSE-252601949803**	4,000,000/-

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014, **BASIC ELIGIBITY:** The firms must have valid registration with the Pakistan Engineering Council (PEC), duly renewed up to 2025-26, in the relevant Category C-6 or above, with the required specialized code. Valid Registration with Income Tax with active tax payer list (ATL) Valid Registration with Income BRA with active tax payer list (ATL) Other Mandatory conditions and Detail Marking Criteria mentioned in the Bidding Documents **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope procedure. **BIDDING/TENDER DOCUMENTS: ISSUANCE:** The Firms can obtain the bidding Documents from the office of the Deputy Conservator of Forest Quetta City upon payment (nonrefundable) bidding document fee Rs. 1000/- deposited in government treasury under head **C-03370** through Green Challan Form in National Bank of Pakistan(NBP),.(The NIT & Bidding Document can also be downloaded from www.bppra.org.pk. in this regard, the interested bidders must submit Green Challan Form deposited in government treasury one day prior to the bid opening in the office of undersigned. **Dead line for last date of Submission:** The bidding Documents duly filled and attached with copies of supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before on 06/02/2026 at 10:00 am. **Opening:** The all tenders will be opened on the same day on 06/02/2026 at 11:00 am, before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives/agents.. **Place of issuance and submission will be: -** Address: Deputy Conservator of Forest Quetta City Bid Validity Period: Ninety (90) Days. **Phone no:** 0819204754

**Deputy Conservator
Forest Quetta City**

PRQ No.3361/21-01-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-252601950353 & TSE-252601950413 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer (Road) CWPP&H Department District Usta Mohammad invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF 2X CULVERTS AT ALI ABAD ROAD NEAR PASCO GODOWN USTA MUHAMMAD.	4,950,500
2	CONSTRUCTION OF TWO SPAN CULVERT ON CITY BYPASS NEAR GRADE STATION AND MIR MUHAMMAD HAJEEJA USTA MUHAMMAD.	2,561,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 3,465,350 PKR for scheme at S.No.1 & 1,792,700 PKR for scheme at S.No.2 Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 09 February, 2026 during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 09 February, 2026 till 12:00 PM **Tender opening:** All tenders will be submitted and opened on same day at 114 Wing Headquarter Naseerabad, Dera Murad Jamali at 01:00 PM Address: 114 Wing Headquarter Naseerabad, Dera Murad Jamali

Phone no: 0332249304 Email: xenroadum@gmail.com

**Executive Engineer (Road)
CWPP&H Department District
Usta Mohammad**

PRQ No.3372/21-01-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ میر سرفراز بگٹی 1

متعلق قانون سازی، یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام، ویمن انڈومنٹ فنڈ کے قیام اور انسانی حقوق و مفاد عامہ سے متعلق اصلاحاتی اقدامات کو سراہتے ہوئے حکومت بلوچستان کو ان کامیاب قانون سازیوں پر مبارکباد دی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کو موسمیاتی تبدیلیوں اور دہشت گردی جیسے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے، تاہم حکومت بلوچستان نے ان مسائل سے نمٹنے کے لیے جامع اور مؤثر حکمت عملی اختیار کی ہے، جس کے نتیجے میں صوبے میں دہشت گردی کے واقعات میں نمایاں کمی آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے منفی اثرات سے نمٹنے کے لیے بلوچستان میں پہلی مرتبہ کلائمیٹ فنڈ کا قیام عمل میں لایا گیا ہے، جو ایک تاریخی اور دوررس اقدام ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ غیر ملکی تارکین وطن کے انخلاء کے حوالے سے حکومت بلوچستان وفاقی پالیسیوں پر مکمل عمل درآمد کر رہی ہے، اور اس عمل کے دوران صوبائی انتظامیہ کو واضح ہدایات دی گئی ہیں کہ خواتین، ضعیف العمر افراد اور بچوں کے ساتھ خصوصی رعایت اور احترام کا برتاؤ کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ انخلاء کے پورے عمل کے دوران خواتین کو ہراسگی کا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا، جو حکومت بلوچستان کی مؤثر نگرانی اور حساس طرز حکمرانی کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی روایات مہمان نوازی اور قبائلی اقدار پر مبنی ہیں، اور سندھ و پنجاب سے بلوچستان کے راستے انخلاء کیے جانے والے افغان مہاجرین کی حکومت بلوچستان بھرپور میزبانی کر رہی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اقوام متحدہ بالخصوص یو این ایچ سی آر کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ تعلیم، صحت، سولرائزیشن اور دیگر عوامی شعبوں میں اقوام متحدہ کی شراکت داری قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ یو این ایچ سی آر کی جانب سے ایک ارب روپے مالیت کی 48 شمسی توانائی سے چلنے والی عوامی سہولیات حکومت بلوچستان کے حوالے کیا جانا صاف توانائی کے فروغ، ادارہ جاتی استحکام اور عوامی خدمات کی پائیداری کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے، جس سے افغان مہاجرین کے ساتھ ساتھ مقامی میزبان آبادی بھی مستفید ہو رہی ہے اس موقع پر یو این ایچ سی آر کی کنٹری نمائندہ فلپا کینڈلر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوامی خدمات کے تسلسل اور ان اداروں کے استحکام کے لیے قابل اعتماد توانائی ناگزیر ہے جو افغان مہاجرین اور میزبان کمیونٹیز دونوں کی خدمت کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یو این ایچ سی آر کے طور پر ہم اس جذبہ ہمدردی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور اس بات پر زور دیتے رہیں گے کہ مہاجرین کی ضروریات، وقار اور تحفظ کو ہر حال میں مرکزی حیثیت حاصل رہے، جبکہ ساتھ ہی ساتھ تمام طبقات کے لیے عوامی خدمات کو مشترکہ طور پر مزید مضبوط بنایا جائے اقوام متحدہ کے ریذیڈنٹ کوآرڈینیٹر محمد یحییٰ نے بلوچستان میں اصلاحاتی اقدامات، انسانی حقوق کے تحفظ اور افغان مہاجرین کی میزبانی کے حوالے سے حکومت بلوچستان کے کردار کو سراہتے ہوئے صوبائی حکومت کے ساتھ تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اظہار کیا ملاقات میں شریک وفد میں یو این ایچ سی آر کی کنٹری نمائندہ فلپا کینڈلر، آئی او ایم کی کنٹری نمائندہ ساتو میو، یو این ایچ سی آر سب آفس کے سربراہ تیسفائے بیکلے، کمشنر افغان ریفیوجیز ارباب طالب المولا، یو این ایچ سی آر کے سینئر پروٹیکشن آفیسر ارکادی لیوونگی، ایسوسی ایٹ رپورٹنگ آفیسر مہوش سعید، ایسوسی ایٹ ایکسٹرنل ریلیشنز آفیسر قیصر خان آفریدی اور اسسٹنٹ پروگرام آفیسر جلال خان بھی شامل تھے۔

بقیہ غزہ امن بورڈ 2

کو دی جس کو انہوں نے قبول کرلیا۔ پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرارداد اور فریم ورک کے تحت غزہ امن منصوبے کے نفاذ میں معاونت کی اپنی مسلسل کوششوں کے سلسلے میں بورڈ آف پیس میں شامل ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔ دفتر خارجہ کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کو امید ہے کہ اس فریم ورک کے قیام سے مستقل جنگ بندی کے نفاذ، فلسطینی عوام کے لیے انسانی امداد میں نمایاں اضافے اور غزہ کی تعمیر نو کے لیے عملی اقدامات ممکن ہوں گے۔ پاکستان نے اس توقع کا بھی اظہار کیا کہ یہ کاوشیں فلسطینی عوام کے حق خودارادیت کے حصول کی راہ ہموار کریں گی، بین الاقوامی قانونی حیثیت اور متعلقہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ایک قابل اعتماد اور وقت کے تعین کے ساتھ سیاسی عمل ناگزیر ہے۔ پاکستان نے امید ظاہر کی کہ بورڈ آف پیس کے نتیجے میں 1967 سے قبل کی سرحدوں پر مشتمل، القدس الشریف کو دارالحکومت بنانے والی ایک آزاد، خودمختار اور متصل فلسطینی ریاست کے قیام کی راہ ہموار ہو سکے گی۔ پاکستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ بورڈ آف پیس کے رکن کی حیثیت سے تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا، تاکہ ان اہداف کا حصول ممکن ہو اور فلسطین کے مظلوم عوام، بالخصوص ہمارے فلسطینی بھائیوں اور بہنوں کی تکالیف کا خاتمہ کیا جا سکے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل متحدہ عرب امارات اور ترکیہ نے بھی بورڈ آف پیس میں بطور رکن شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ متحدہ عرب امارات کے بعد ترکی، مصر، آذربائیجان اور اسرائیل نے بھی امریکی صدر ٹرمپ کے بورڈ آف پیس میں شمولیت کی دعوت قبول کرلی۔ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو عالمی رہنماؤں پر مشتمل بورڈ آف پیس میں شامل ہوگئے۔ دوسری جانب فرانس، اٹلی، سویڈن، ناروے نے بورڈ آف پیس میں شامل ہونے سے انکار کردیا۔ امریکی نمائندہ خصوصی اسٹیو وٹکوف کا کہنا ہے کہ 20 سے 25 عالمی رہنما غزہ بورڈ آف پیس میں شمولیت کی دعوت قبول کر چکے ہیں۔ ایران سے بھی رابطہ کیا تھا لیکن اب بات چیت نہیں ہو رہی۔ خبر ایجنسی کے مطابق اراکین کو بورڈ آف پیس میں مستقل طویل مدت کی رکنیت کے لیے 1 ارب ڈالر تک ادائیگی کرنا ہوگی۔ مصری وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں صدر ٹرمپ کی مشرق وسطیٰ کی پالیسیوں کی تعریف کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ مصر بورڈ آف پیس میں شمولیت کی دعوت کو قبول کرنے اور متعلقہ قانونی اور آئینی طریقہ کار کو پورا کرنے کے عزم کا اعلان کرتا ہے۔ جاری بیان میں غزہ تنازع کے خاتمے کے لیے جامع منصوبے کے دوسرے مرحلے کے لیے بورڈ آف پیس کے مشن کے لیے بھی حمایت کا اظہار کیا گیا۔ سویڈن اور ناروے نے امریکی صدر ٹرمپ کے منصوبے اور بورڈ آف پیس میں شامل نہ ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔ سویڈن کا کہنا ہے کہ صدر ٹرمپ کے بورڈ آف پیس کے اقدام میں اب تک پیش کیے گئے مسودے کے ساتھ شرکت نہیں کریں گے۔ ناروے کا بھی کہنا ہے کہ وہ بورڈ آف پیس میں شامل نہیں ہوگا، مجوزہ بورڈ آف پیس کے نکات پر امریکا کے ساتھ مزید بات چیت درکار ہے۔ یورپی یونین نے امریکا کے ساتھ تجارتی معاہدہ معطل کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ خبر ایجنسی کے مطابق یہ فیصلہ امریکی صدر کی جانب سے یورپی ممالک پر اضافی ٹیرف عائد کرنے کی دھمکیوں کے بعد کیا گیا۔ یورپی یونین کا مؤقف ہے کہ دباؤ اور دھمکیوں کے ماحول میں منصفانہ تجارتی مذاکرات ممکن نہیں۔ اگر امریکا نے ٹیرف کے حوالے سے سخت مؤقف واپس نہ لیا تو معاہدے کی بحالی مشکل ہو جائے گی۔ اس فیصلے کے بعد امریکا اور یورپی یونین کے درمیان تجارتی تعلقات میں مزید کشیدگی کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے، جبکہ یورپی ممالک نے اپنے اقتصادی مفادات کے تحفظ کیلئے متبادل حکمت عملی پر غور شروع کر دیا ہے۔

بقیہ حکومت کے سپرد 3

منسلک کیا گیا ہے، جن میں اسکول، جامعات، صحت کے مراکز اور تکنیکی تربیتی ادارے شامل ہیں۔ منصوبے کا مقصد ان علاقوں کو سستی، قابل اعتماد اور مستقل توانائی فراہم کرنا ہے جو طویل لوڈشیڈنگ اور مہنگے ایندھن کے باعث متاثر رہے ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ یہ منصوبہ بالخصوص ان اضلاع میں سرکاری خدمات کو مضبوط بنائے گا جہاں افغان مہاجرین کی بڑی تعداد مقیم ہے۔ شمسی توانائی کی فراہمی سے تعلیمی اور طبی اداروں میں بجلی کی بلا تعطل دستیابی ممکن ہو سکے گی، جس سے عوامی خدمات کے معیار میں نمایاں بہتری آئے گی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اقوام متحدہ کے ریزیڈنٹ کوآرڈینیٹر محمد یحییٰ نے کہا کہ پاکستان نے گزشتہ 45 برس سے افغان مہاجرین کی میزبانی کر کے دنیا کیلئے ایک مثال قائم کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسے ترقیاتی منصوبے نہ صرف مہاجرین بلکہ مقامی آبادی کے لیے بھی فائدہ مند ثابت ہو رہے ہیں۔ یو این حکام کے مطابق شمسی توانائی کے اس منصوبے سے سالانہ تقریباً 20 لاکھ افراد مستفید ہوں گے، جن میں طلبہ، اساتذہ، طبی عملہ، مریض، مہاجرین اور مقامی شہری شامل ہیں۔ عوامی اداروں کو قابل تجدید توانائی پر منتقل کرنے سے بجلی کی بلا تعطل فراہمی ممکن ہوگئی ہے۔

بقیہ برفباری متوقع 4

، بارش اور تیز جھکڑ چلنے کا امکان ہے۔ موسمی پیش گوئی کے مطابق شمالی اور وسطی اضلاع جن میں کوئٹہ، زیارت، قلعہ سیف اللہ، پشین، چمن، قلعہ عبداللہ، مستونگ اور توبہ کاکڑی شامل ہیں، وہاں معتدل سے شدید برفباری متوقع ہے۔ حکام نے خبردار کیا ہے کہ بلند اور سرد علاقوں میں برفباری کے باعث معمولات زندگی شدید متاثر ہو سکتے ہیں۔

بقیہ حنیف عباسی 5

سی ہوگی کو مؤثر اور اہم اقدام قرار دیا۔ وفاقی وزیر ریلوے نے جعفر ایکسپریس میں فول پروف سیکیورٹی انتظامات پر پاک فوج اور ایف سی بلوچستان نارتھ کی پیشہ ورانہ کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی مؤثر حکمت عملی کے باعث بلوچستان میں ریلوے سفر کو محفوظ بنایا گیا ہے۔ محمد حنیف عباسی کا کہنا تھا کہ جعفر ایکسپریس کو بلوچستان کے مسافروں کے لیے محفوظ، پر اعتماد اور تسلی بخش بنا دیا گیا ہے۔ انہوں نے مسافروں کی جان و مال کے تحفظ کو حکومت اور پاک فوج کی اولین ترجیح قرار دیا۔ وفاقی وزیر ریلوے کے مطابق ریلوے ٹریکس کی 24 گھنٹے نگرانی، جدید کیمروں کی تنصیب اور ٹرین میں مناسب تعداد میں سیکیورٹی اسٹاف کی تعیناتی بھی یقینی بنائی گئی ہے۔

بقیہ ٹرمپ 6

ادارے نیوز نیشن کو دیے گئے انٹرویو میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران کی جانب سے مجھے مسلسل قتل کی دھمکیاں مل رہی ہیں جس پر میں نے سیکیورٹی فورسز کو سخت ہدایات دے رکھی ہیں۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بقول واضح احکامات دے دیے ہیں کہ اگر میرے ساتھ کچھ بھی ہوا تو پورے ایران کو اڑا دیا جائے، کرہ ارض سے ایران کا نقشہ بھی مٹا دیا جائے گا۔ صدر ٹرمپ نے سابق صدر جو بائیڈن پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ جب ایران کی جانب سے پہلی بار اس نوعیت کی دھمکیاں سامنے آئیں تھیں تو بائیڈن انتظامیہ کو سخت ردعمل دینا چاہیے تھا۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہ دھمکی کسی عام شہری کو بھی دی جاتی تو میں اس پر بھی بھرپور جواب دیتا لیکن یہ تو کھلم کھلا امریکی صدر کو دی جا رہی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ حماس کو اپنے ہتھیار ترک کرنا ہوں گے اور اگر ایسا نہ کیا تو اسے تباہ کر دیا جائے گا۔ سوئٹزرلینڈ کے شہر ڈیووس میں ورلڈ اکنامک فورم سے خطاب کے بعد سوال و جواب کے سیشن میں بات کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا کہ جلد ہی یہ واضح ہو جائے گا کہ حماس اپنے وعدے پر عمل کرتی ہے یا نہیں۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ انہوں (حماس) نے اس پر اتفاق کیا تھا۔ انہیں یہ کرنا ہوگا۔

بقیہ ایران 7

عراقچی نے لکھا کہ ایران کے خلاف امریکا کے جارحانہ اقدامات ناکام ہو چکے ہیں۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ ایران کے خلاف کسی بھی نئے حملے کا سخت اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔ جون 2025 میں ایران نے ضبط اور تحمل کا مظاہرہ کیا تھا، دوبارہ حملہ ہوا تو پوری طاقت کے ساتھ جوابی کارروائی کریں گے۔ عباس عراقچی نے کہا کہ یہ کوئی دھمکی نہیں، حقیقت ہے

بقیہ آمنے سامنے 8

تو پھر پرابہٹ شروع ہو جاتی ہے جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے رہنما نوید قمر نے جواب دیا کہ کراچی کی آگ کی آڑ میں 18 ویں ترمیم کو نشانہ بنایا گیا یہ حکومتی پارٹی کا پالیسی بیان ہے اسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سیکیورٹی رانا تنویر حسین نے ایک سوال پر کراچی کے سانحہ گل پلازہ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اگر 18 ویں ترمیم کے بعد سب کچھ ٹھیک ہے تو پھر گل پلازہ کی آگ بھی ٹھیک ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی 18 ویں آئینی ترمیم پر بات کرتے ہیں تو پھر پرابہٹ شروع ہو جاتی ہے۔ پی پی پی رکن اسمبلی نوید قمر نے کہا کہ 18 ویں ترمیم پر وزیر دفاع اور آج وفاقی وزیر رانا تنویر کی طرف سے سوالات اٹھایا جانا حکمران جماعت کی پالیسی اسٹیٹمنٹ ہے اور پیپلز پارٹی اسے کسی صورت قبول نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ آج تک تاریخ کو مسخ کر کے قومی نصاب پڑھایا گیا، وفاق یہ چاہتا ہے کہ صوبے اپنے وسائل وفاق کو اس لیے دیں تاکہ وہ قرض لے سکے اور قرض اتار سکے ایسا کسی صورت قابل قبول نہیں۔

بقیہ سزائے موت 9

یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت ماہانہ اصلاحات ایکشن پلان اجلاس منعقد ہوا، جس میں سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر، سیکرٹری اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کیس کیٹیگرائزیشن کا عمل دو ماہ میں مکمل ہو جائے گا اور مقدمات کی فائلوں پر ٹریکنگ فائلز کے لیے بار کوڈنگ سسٹم اگلے 15 دنوں میں مکمل ہو جائے گا اور اجلاس میں سزائے موت اور فوجداری مقدمات کی جیل اپیلوں کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ شہباز شریف 10

بھرپور حمایت کا اعادہ کیا، شہباز شریف اور آئی ایم ایف کی مینجنگ ڈائریکٹر کرسٹالینا جارجیوا کی ملاقات بھی ہوئی ہے۔ سوئٹزرلینڈ کے شہر ڈیووس میں عالمی اقتصادی فورم کے چھپنویں سالانہ اجلاس کے موقع پر وزیراعظم شہباز شریف سے فلسطین کے وزیراعظم محمد مصطفیٰ نے ملاقات کی۔

بقیہ فیصلہ محفوظ 11

اور اسرائیل سے درآمدات پر پابندی بارے کیس میں فریقین کے دلائل سننے کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا۔ لاہور ہائی کورٹ نے درآمدی پابندی کو آئینی قرار دیتے ہوئے وفاقی حکومت کو ہدایات جاری کی تھیں، لاہور ہائی کورٹ کے فیصلے کو وفاق نے وفاقی آئینی عدالت میں چیلنج کیا۔

بقیہ پی اے ڈی ای 12

ایکسلیریٹڈ وہیکل الیکٹریفیکیشن اسکیم کے تحت سبسڈی اسکیم نافذ کر دی ہے۔ اس ضمن میں ای ڈی بی، اسٹیٹ بینک، نادرا، آئی ٹی بورڈ اور وزارت صنعت و پیداوار نے سبسڈی فراہمی پر مشترکہ سسٹم تشکیل دے دیا ہے۔

بقیہ وزیر اعلیٰ 13

، روٹین ایمونائزیشن کوریج میں اضافے اور درپیش چیلنجز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران سینیٹر عائشہ رضا فاروق نے انسداد پولیو مہم اور روٹین ایمونائزیشن کوریج میں بہتری کیلئے حکومت بلوچستان کی سنجیدہ کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں مربوط حکمت عملی اور مؤثر فیلڈ اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں انہوں نے کہا کہ پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے درمیان مضبوط تعاون ناگزیر ہے، جسے مزید مستحکم کیا جائے گا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان انسداد پولیو مہم کو قومی ذمہ داری سمجھتے ہوئے پوری سنجیدگی اور عزم کے ساتھ آگے بڑھا رہی ہے انہوں نے کہا کہ بچوں کو مہلک مرض سے محفوظ بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے سیکیورٹی، نگرانی، آگاہی اور ہیلتھ سسٹم کو یکجا کر کے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ وزیر اعظم 14

برطانوی وزیراعظم نے کہا کہ گرین لینڈ پر موقف کے حوالے سے ٹیرف کی دھمکی پر برطانیہ اپنے اصولوں پر نہیں جھکے گا۔ اپوزیشن لیڈر کیمی بیڈینوک نے گرین لینڈ پر وزیراعظم سرکیئر اسٹارمر کے موقف سے اتفاق کیا۔ اس موقع پر پارلیمنٹ میں چاگوس جزائر کی خود مختاری کے معاملے پر بھی جھڑپ بھی ہوئی۔

بقیہ شاہد رند 15

اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ شاہد رند کا شمار بلوچستان اور قومی سطح کے سینئر صحافیوں اور تجزیہ نگاروں میں ہوتا ہے جو طویل عرصے سے قومی و صوبائی سیاست، گڈ گورننس، عوامی مسائل اور ریاستی پالیسیوں پر گہری نظر رکھتے ہیں۔

بقیہ شہباز شریف 16

ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کو برآمدات پر مبنی ترقی کی راہ اپنانا ہوگی، پاکستان میں اب معدنیات کے شعبے میں بڑی سرمایہ کاری ہو رہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آئی ٹی اور دیگر برآمدات میں حوصلہ افزا ترقی دیکھی گئی، آئی ٹی کے شعبے کی برآمدات بڑھانے کیلئے تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں، نوجوانوں کو ہنر مند اور تربیت کی فراہمی کیلئے متعدد پروگرام شروع کیے ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ انسداد دہشتگردی میں بھی مختلف ملکوں کے ساتھ تعاون کر رہے ہیں۔

بقیہ ڈاکٹر سمیعہ 17

کے وقت ہمارے کزن اور ملازم بھی تھے، دکان میں بڑی تعداد میں خواتین اور دیگر افراد بھی موجود تھے۔ پولیس سرجن ڈاکٹر سمیعہ کا کہنا ہے کہ ہمارے پاس اب تک 2 دکانوں سے 21 باقیات لائی گئی ہیں، ابھی کنفرم نہیں کر سکتے کہ یہ 21 لاشیں ہی ہیں یا کتنے افراد کی باقیات ہو سکتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملبے سے اب لاشوں کے بجائے باقیات مل رہی ہیں، جن کی حالت انتہائی خراب ہے، ان باقیات میں ٹوٹی ہوئی انسانی ہڈیاں اور ٹوٹے ہوئے دانت ملے ہیں۔

بقیہ ہنزالہ گولہ 18

کے ڈپٹی ڈائریکٹر اسلم زہری سے ملاقات کے دوران قائم مقام گورنر نے عوامی فلاح و بہبود کیلئے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ بریفنگ کے دوران ورلڈ بینک پروجیکٹ کے وسیم احمد بانی اور معدوزاہد بھی موجود تھے۔ واضح رہے کہ ڈیرہ اللہ یار تا ہیرین ذریعہ صحبت پور (طول: 38 کلومیٹر) سال 2022 کے سیلاب کے دوران شدید طور پر متاثر/تباہ ہوگئی تھی۔ مذکورہ سڑک کو اب IFRAP فیز-I کے تحت سیلاب سے محفوظ (Resilient-Flood) بحالی اور بہتری کیلئے شامل کرلیا گیا ہے۔

بقیہ سندھ طاس معاہدہ 19

وڈیڈلائن ختم ہوئے 34 دن گزر چکے ہیں، تاہم نئی دہلی کی جانب سے تاحال کوئی باضابطہ جواب سامنے نہیں آیا۔

بقیہ گرینڈ الائنس 20

، نیک محمد خلجی سمیت 90 سے زائد ملازمین کو گرفتار کر کے جیل منتقل کر دیا گیا یاد رہے کہ گزشتہ روز پولیس نے کوئٹہ پریس کلب اور دیگر علاقوں سے 70 سے زائد ملازمین کو گرفتار کیا تھا۔ پولیس ذرائع کے مطابق گرینڈ الائنس بلوچستان کی جانب سے گزشتہ کئی عرصے سے ڈی آر اے اور اپنے مطالبات کے حصول کیلئے حکومت کو دیے گئے چارٹر آف ڈیمانڈ پر عملدرآمد نہ ہونے پر بلوچستان گرینڈ الائنس کے چیئرمین عبدالقدوس کاکڑ اور صوبائی صدر لیڈی کا و سیکرٹری جنرل گرینڈ الائنس حاجی علی اصغر بنگلزئی کی قیادت میں احتجاجی تحریک شروع کر رکھی ہے گزشتہ کئی عرصے سے احتجاجی تحریک کے دوران حکومت کی جانب سے گرینڈ الائنس کے رہنماؤں اور ملازمین کو معطل کر کے ان کے خلاف تکلیف دہ کارروائی شروع کی گئی ہے اور بدھ کو گرینڈ الائنس کی جانب سے منان چوک پر احتجاج کے دوران پولیس کی جانب سے کارروائی کرتے ہوئے احتجاج میں شریک چیئرمین سمیت 90 سے زائد ملازمین کو گرفتار کر کے تھری ایم پی او کے تحت جیل منتقل کر دیا گیا

بقیہ موبائل فونز 21

یہ استثنیٰ ختم کر دی جس کے بعد درآمد شدہ موبائل فونز کی قیمتوں میں خاطر خواہ اضافہ دیکھنے میں آیا۔ ملک میں استعمال شدہ موبائل فونز کی مانگ کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 25-2024 کے دوران 417 ارب روپے سے زائد مالیت کے موبائل فونز درآمد کیے گئے جبکہ سال 24-2023 میں اسی مدت کے دوران 535 ارب روپے کے فونز ملک میں آئے تھے۔

بقیہ گدھوں کا گوشت 22

دوران رکن اسمبلی شازیہ ثوبیہ نے سوال اٹھایا کہ اسلام آباد میں گدھوں کا گوشت کھلائے جانے کی اطلاعات پر کون سا ادارہ ذمہ دار ہے اور اس کی نگرانی کون کرے گا۔

بقیہ سلمان اکرم راجا 23

ناصر عباس نے کہا کہ یہ تاریخی گفتگو تھی، اپوزیشن لیڈرز نے جو گفتگو کی، اس سے بہتر کوئی بات نہیں کی جا سکتی تھی۔ پی ٹی آئی رہنما نے مزید کہا کہ اپوزیشن لیڈرز نے قومی پس منظر پیش کیا کہ ہم کن وجوہات پر یہاں کھڑے ہیں، تقاریر میں واضح کیا کہ بہتری کی طرف جانے کا راستہ کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ عدلیہ تباہ ہو رہی ہے، پارلیمان کو جس طرح چلایا جا رہا ہے ایسے ملک نہیں چلتا۔ سلمان اکرم راجا نے یہ بھی کہا کہ آپ کی معیشت گھٹنوں کے بل نہیں بلکہ منہ کے بل گری ہوئی ہے، آپ کے نوجوان اس وقت رل رہے ہیں نوکریاں نہیں مل رہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم کراچی میں رہے، لاکھوں لوگ سڑکوں پر تھے اور انہوں نے ہمیں سپورٹ کیا، ہمیں باغ جناح نہیں جانے دیا گیا، اسٹیج تک نہ لگانے دیا گیا

بقیہ عمران خان 24

پر جرح مکمل ہونے کے بعد دوسرے پر جرح شروع کی گئی، علیمہ خان کے وکیل فیصل ملک نے جرح کی۔ دوران سماعت عمران خان کے لیے 3 نئی کتابیں بھی عدالت جمع کرادی گئیں۔

بقیہ عالمی ادارہ 25

قانون کی حکمرانی کا اسکور کمزور ہے۔ پاکستان کی طویل مدتی کریڈٹ ریٹنگ بی نیگیٹو برقرار رکھتے ہوئے کہا گیا کہ سیکیورڈ قرضوں میں سرمایہ کاروں کو 31 سے 50 فیصد تک رقم واپس ملنے کا امکان ہے، فچ کے مطابق پاکستان کی آؤٹ لک مستحکم ہے، ڈیفالٹ کی صورت میں پاکستان کے قرضوں میں اوسط درجے کی ریکوری متوقع ہے۔ اس کی وجہ حکومتی قرضوں اور سود کی ادائیگیوں کا زیادہ ہونا ہے۔

بقیہ علیمہ خان 26

ہوگا پورا ملک احتجاج کریگا، جن کا ووٹ چوری ہوا وہ احتجاج کریں گے عوام اپنا چوری شدہ ووٹ واپس مانگ رہے ہیں، عمران خان کا نام لوان کی حالت بری ہو جاتی ہے۔

بقیہ گل پلازہ سرچ 27

جا چکی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ڈی آئی جی ساؤتھ اسد رضا کے مطابق دکانداروں نے میزانائن فلور پر لوگوں کی موجودگی کی نشاندہی کی تھی، تمام 30 لاشیں ایک کراکری کی دکان سے ملی ہیں۔ ڈی آئی جی ساؤتھ کے مطابق ملبہ ہٹانے کا کام روک دیا گیا ہے، پہلے لاشیں نکالی جا رہی ہیں۔ گل پلازہ میں آگ لگنے کے بعد لوگوں نے خود کو بچانے کے لیے دکان میں بند کر لیا تھا، ان افراد کی آخری موبائل لوکیشن بھی اسی جگہ کی آئی تھی۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ گل پلازہ کے گراؤنڈ فلور پر واقع ایک دکان سے متعدد انسانی اعضا ملے ہیں، انسانی اعضا اسپتال منتقل کیے جا رہے ہیں۔ ڈی سی ساؤتھ جاوید نبی کھوسو نے کہا کہ میزانائن فلور پر کراکری کی شاپ سے بیس پچیس لاشیں ملی ہیں

بقیہ وزیر اعلیٰ 28

اعلیٰ سطح کے وفد سے ملاقات کی جس میں ملک کی مجموعی صورتحال، قیام امن اور مذہبی ہم آہنگی سمیت علمائے کرام کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران علمائے کرام کے مسائل کے حل کے لیے ایک خصوصی کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ کمیٹی کی قیادت وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کریں گے۔

بقیہ ایمان مزاری 29

مچلکوں پر حفاظتی ضمانت منظور کرتے ہوئے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو دو دن میں متعلقہ عدالت سے رجوع کرنے کا حکم دے دیا اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس محمد اعظم خان نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی نیشنل پریس کلب کے باہر احتجاج کے دوران تھانہ کوہسار میں درج مقدمے میں حفاظتی ضمانت کی درخواست پر سماعت کی۔

بقیہ ملاقات کا امکان 30

شریف کی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سمیت مختلف عالمی رہنماؤں سے ملاقاتیں متوقع ہیں

بقیہ تصاویر 31

ہمراہ سوئٹزرلینڈ کے شہر ڈیووس میں ہونے والے ورلڈ اکنامک فورم میں شرکت کی۔ جوڑے کے درمیان رومانوی تعلقات کی خبریں پہلی بار 2025 میں اس وقت سامنے آئیں جب انہیں مونٹریال میں ایک ساتھ دیکھا گیا تھا۔

بقیہ شادی کرلی 32

بتایا کہ ان کی بات چیت آن لائن گیم روبلوکس سے شروع ہوئی اور تقریباً پانچ ماہ تک وہ ایک دوسرے سے آن لائن بات چیت کرتے رہے، جس کے بعد سلما نے پاکستان آ کر ان سے شادی کرنے کا فیصلہ کیا۔ اکمل نے بتایا کہ پہلے دن ہی انہوں نے سلما کو پرپوز کر دیا تھا اور کچھ دنوں کی رکاوٹ کے بعد وہ پاکستان پہنچ گئیں۔

بقیہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ 33

پڑنے والے منفی اثرات سے پارٹی سربراہ کو تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ اس موقع پر نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ بارڈر ٹریڈ بلوچستان کے عوام کی معاشی زندگی کا بنیادی ذریعہ ہے اور صوبے کی موجودہ صورتحال میں روزگار کے ذرائع انتہائی محدود ہو چکے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ہزاروں خاندانوں کا دار و مدار سرحدی تجارت پر ہے، جس کی بندش عوام کو فاقہ کشی اور معاشی بدحالی کی طرف دھکیلنے کے مترادف ہے

بقیہ الیکشن ایکٹ 34

پیر سے گوہر کی مخالفت کے باوجود الیکشن ایکٹ ترمیمی بل منظور کرلیا۔ بدھ کو وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے بل پیش کرتے ہوئے کہا کہ بل میں چیئرمین سینیٹ، اسپیکر کو اختیار دیا گیا کہ اگر کوئی رکن گوشوارے شائع نہ کروانا چاہے تو وہ شائع نہ ہوں اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ گوشوارے الیکشن کمیشن میں جمع کروائے جائیں گے

بقیہ علی محمد خان 35

اور قیادت کو ثبت جواب دینا چاہیے علی محمد خان نے مزید کہا کہ مذاکرات پر یقین رکھتے ہیں۔ بڑے پیار سے گفتگو کریں پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ میں نے بھی نواز شریف یا آصف زرداری کو غدار نہیں کہا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی سیاسی قیادت کو بانی پی ٹی آئی تک رسائی دی جائے، محمود اچکزئی کو بانی پی ٹی آئی کی بدولت اللہ نے عزت دی، اب بیچ میں دو لوگ آگئے ہیں جن پر آپ کو بھی اعتبار ہے۔

بقیہ این سی آئی اے 36

نے عوامی آگاہی کیلئے ایک اہم ایڈوائزری جاری کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ صارفین کسی بھی پوسٹ، خبر یا لنک کو شیئر کرنے سے قبل اس کی تصدیق ضرور کریں کیونکہ بغیر تحقیق مواد پھیلانا قانون کی خلاف ورزی کے زمرے میں آتا ہے۔ ایجنسی نے واضح کیا گیا ہے کہ اعلیٰ عدلیہ اور مقتدر اداروں کے خلاف غیر مصدقہ معلومات یا جھوٹی خبریں پھیلانا ایک سنگین قانونی جرم ہے۔

بقیہ آئی جی 37

کیچ تربت اور پنجگور کے ایس ایس پیز اور ماتحت عملے نے مؤثر کارروائیاں کرتے ہوئے شہریوں کو اس لعنت سے بچانے کیلئے جو کردار ادا کیا ہے وہ قابل تحسین ہے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر انہیں نقد انعام دیا گیا ہے تاکہ دوسرے آفیسران اور اہلکار بھی اپنے علاقوں سے منشیات کے ناسور کو ختم کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کریں گے

بقیہ وزیر اعلیٰ 38

کی سائٹ ایکس پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس غیر متوازن نظام کو درست کرنے کے لیے گزشتہ دو برسوں کے دوران متعدد متروک اور غیر مؤثر سرکاری دفاتر بند کیے گئے ہیں، جن میں زکوٰۃ، مذہبی امور اور سول ڈیفنس کے غیر فعال محکمے شامل ہیں اس کے علاوہ آٹھ ہزار غیر ضروری سرکاری آسامیاں ختم کی گئیں اور غیر حاضر ملازمین کے خلاف بلاامتیاز سخت کارروائی عمل میں لائی گئی تاکہ سرکاری مشینری میں شفافیت، مؤثریت اور جوابدہی کو یقینی بنایا جا سکے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے واضح کیا کہ یہ اصلاحات کا عمل ابھی مکمل نہیں ہوا

بقیہ پیرنگ ملتوی 39

پیرنگ ملتوی کردی۔ گزشتہ روز 3 گواہان پر جرح مکمل کرلی گئی تھی دو گواہان پر جزوی جرح کی گئی مزید تین گواہان کی بھی طلبی کی گئی ہے۔

بقیہ فائرنگ 40

نتیجے میں دو آئی اے پولیس کے کانسٹیبل زخمی۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے واقعے میں دو زخمی ہونے والوں میں پولیس اہلکار منیر احمد اور حبیب احمد شامل ہیں

بقیہ بحالی ممکن بنائی 41

صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے آتشزدگی سے متاثرہ تاجروں اور دکانداروں سے ملاقات کی، نقصانات سے آگاہی حاصل کی اور ان کے مسائل سنے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے متاثرین کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان متاثرہ افراد کو تنہا نہیں چھوڑے گی انہوں نے کہا کہ انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے مکمل تحقیقات اور کارروائی کے بعد نقصانات کا جامع تخمینہ تیار کیا جائے گا، جس کی روشنی میں حکومت بلوچستان اور اعلیٰ حکام کو تمام صورتحال سے آگاہ کیا جائے گا تاکہ متاثرین کی جلد از جلد امداد اور بحالی ممکن بنائی جا سکے صوبائی وزیر نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ وہ آتشزدگی کے اسباب کا فوری تعین کریں اور آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے مؤثر اقدامات کو یقینی بنائیں انہوں نے تاجر برادری کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت عوام اور تاجروں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ زرعی صلاحیت 42

۔ وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین کے مطابق یہ معاہدے 19 جنوری کو منعقدہ پاکستان چین زرعی سرمایہ کاری کانفرنس کے دوران طے پائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پاکستانی معیشت اور زرعی صلاحیت پر چینی کمپنیوں کے اعتماد کا مظہر قرار دیتے ہوئے کہا کہ اب یہ صرف باتیں نہیں رہیں بلکہ عملی سرمایہ کاری زمین پر آ رہی ہے۔ حکام کے مطابق پاکستانی اور چینی کمپنیوں کے درمیان براہ راست بزنس ٹو بزنس ملاقاتیں ہوئیں، جن میں مستقبل کے خیالات کے بجائے تیار منصوبوں پر توجہ دی گئی۔

بقیہ رنج و غم 43

وہاں موجود دکانوں میں کروڑوں روپے کے کمپیوٹرز، موبائل فونز، گارمنٹس اور دیگر قیمتی سامان جل کر خاکستر ہو گئے نہ صرف تاجروں کو کروڑوں روپے کا بھاری نقصان پہنچا ہے بلکہ سینکڑوں خاندانوں کا روزگار بھی داؤ پر لگ چکا ایوان صنعت و تجارت اس واقعہ پر رنج و غم کا اظہار کرتا ہے کیونکہ یہ سانحہ تاجر برادری کیلئے زبردست مالی صدمہ ہے۔ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ صوبائی حکومت فوری طور پر متاثرین تاجروں کو معاوضہ دے اور ان کے کاروبار کی بحالی کے لئے فوری اقدامات کرے۔ انہوں نے کہا ہے کہ حالات کا جائزہ لیا جائے تاکہ نقصانات کی چھان بین ہو اور تاجروں کو مالی امداد دی جائے تاکہ وہ دوبارہ کاروبار شروع کرسکیں۔

بقیہ قومی سطح 44

دو وفاقی وزراء میں سے کسی ایک کو بھی ساتھ نہیں لیا گیا، جو صوبے کے ساتھ زیادتی اور نظر انداز کیے جانے کی واضح ثبوت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سینیٹ میں خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ایسے اقدامات سے یہ تاثر ملتا ہے کہ بلوچستان کو قومی سطح پر وہ اہمیت نہیں دی جا رہی جس کا وہ حقدار ہے انہوں نے بیوروکریسی کے رویے پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نہ صرف عام شہریوں کو بلکہ منتخب پارلیمنٹیرینز کو بھی مناسب وقت نہیں دیا جاتا اگر منتخب نمائندوں کی بات نہیں سنی جاتی تو عام لوگوں کے مسائل کا حل کیسے ممکن ہو سکتا ہے انہوں نے زور دیا کہ سرکاری افسران کو بلوچستان کے عوام اور ان کے نمائندوں کے ساتھ تعاون اور احترام کا رویہ اپنانا ہوگا سینیٹر دنیش کمار پلیانی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام انتہائی مہمان نواز اور غیرت مند ہیں یہاں کے لوگ اپنی عزت پر جان دینے کو ترجیح دیتے ہیں اور ملک و قوم کے لئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرتے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی کا راستہ بلوچستان سے ہو کر گزرتا ہے، کیونکہ بلوچستان پاکستان کا دل ہے اور اس کی مضبوطی کے بغیر ملک کی مجموعی ترقی ممکن نہیں انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان معدنیات کے بے پناہ ذخائر سے مالا مال ہے جو ملکی معیشت کو مستحکم کرنے میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے اس کے علاوہ زراعت کے شعبے میں بھی بلوچستان بے پناہ صلاحیت رکھتا ہے۔

بقیہ مالی نظم و نسق 45

گیا اس موقع پر ایم سی کیو کے آئی ٹی برانچ کے عملے نے سٹیزن کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم اور اس کے بنیادی خدوخال پر تفصیلی بریفنگ دی بریفنگ میں بتایا گیا کہ شہریوں کی سہولت کے لئے ٹول فری نمبر 080009999 مختص کیا گیا ہے، جس کے ذریعے شہری اپنے مسائل اور شکایات با آسانی درج کرا سکیں گے شکایات کی شفاف اور مؤثر نگرانی کیلئے ایک علیحدہ ڈیجیٹل ڈیش بورڈ بھی قائم کیا گیا ہے، جس کے ذریعے شکایات کی وصولی، کارروائی اور حل کے مراحل کی مسلسل مانیٹرنگ ممکن بنائی گئی ہے سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کو میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے آن لائن ریونیو مانیٹرنگ سسٹم کے بارے میں بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی بتایا گیا کہ اس نظام کے ذریعے آمدن کے تمام ذرائع کی ڈیجیٹل نگرانی ممکن ہو سکے گی، جس سے شفافیت میں اضافہ، ریکارڈ کی درستگی اور مالی نظم و نسق کو مزید بہتر بنایا جائے گا سیکرٹری لوکل گورنمنٹ بلوچستان رؤف بلوچ نے میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی پالیسی کے مطابق تمام شعبوں میں ڈیجیٹلائزیشن کو فروغ دیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ شکایات کے مؤثر نظام سے لے کر ریونیو مانیٹرنگ تک جدید ٹیکنالوجی کا استعمال شفافیت، گڈ گورننس اور عوامی خدمت کے معیار کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ یہ اقدامات شہری سہولیات کی فراہمی میں نمایاں بہتری کا باعث بنیں گے۔

بقیہ سردار اختر مینگل 46

بلوچستان میں جاری سیاسی پیش رفت، آئندہ حکمت عملی اور پارٹی کو مزید فعال بنانے پر غور کیا گیا۔ سردار نصیر احمد موسیانی نے خضدار سمیت مختلف علاقوں میں عوامی مسائل اور زمینی حقائق سے پارٹی سربراہ کو آگاہ کیا اس موقع پر سردار اختر مینگل نے پارٹی رہنماؤں کو ہدایت دی کہ وہ عوامی رابطہ مہم کو مزید مؤثر بنائیں اور بلوچستان کے حقوق کیلئے جدوجہد کو تیز کریں۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی اور پارٹی اتحاد و یکجہتی کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ اس موقع پر محمد اسحاق موسیانی زہری اور محمد عباس و دیگر موجود تھے۔

بقیہ غیر جانبدار 47

بنیادی انسانی اور آئینی حقوق پر بھی سنگین حملہ ہے پریس ریلیز میں بتایا گیا ہے کہ چھاپے کے دوران بازار میں شدید فائرنگ کی گئی، جس کے نتیجے میں ایک معصوم اور لاتعلق تاجر محمد عارف شدید زخمی ہو گئے، جنہیں فوری طور پر طبی امداد کے لئے ہسپتال منتقل کیا گیا پارٹی نے زخمی تاجر کی جلد اور مکمل صحتیابی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے واقعہ کی غیر جانبدار، شفاف اور جامع تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ کارروائی کے دوران تاجروں کے کروڑوں روپے مالیت کے سامان کو شدید نقصان پہنچایا گیا اور مبینہ طور پر لوٹ مار بھی کی گئی، جس کے باعث مقامی تاجروں کو ناقابل تلافی مالی نقصان اٹھانا پڑا پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے اس عمل کو عوام کے روزگار پر براہ راست حملہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس قسم کے غیر قانونی اور جابرانہ اقدامات نہ صرف خوف و ہراس کو جنم دیتے ہیں

بقیہ نیٹ ورک پاکستان 48

قبضے سے 300 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی چرس برآمد کر کے قبضے میں لے لی یہ نیٹ ورک پاکستان کے مغربی حکمران ساحل سے یمن، خلیجی ریاستوں اور افریقی ممالک تک تیز رفتار کشتیوں کے ذریعے منشیات اسمگل کرنے میں ملوث تھا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ قوانین کی پابندی 49

ہے تو ہمیں اپنے وجود کے استعمال اور مال کو کسب و خرچ کرنے کے بارے میں اللہ کے نازل کردہ کتب کی تعلیمات سے رہنمائی لینی ہوگی اور جب ہم مانتے ہیں کہ اس کائنات کا حاکم اللہ تعالیٰ ہے تو رعایا کیلئے حاکم کی حاکمیت کا تقاضا یہ ہوتا ہے کہ اس کی حاکمیت کو تسلیم کرے، شعائر کا احترام کریں اور اس کے وضع کردہ قوانین کی پابندی کریں انہوں نے کہا کہ انسان کا معنی انس اور اپنائیت ہے اور انسانوں کے درمیان اپنائیت تب آتی ہے جب زبان اور دل، قول و عمل، ظاہر و باطن، آج اور کل، اپنی ذات اور جہان کی خیر خواہی کی فکر و کردار ایک ہو جب کردار میں توحید آتی ہے تو اشخاص میں یکسوئی آتی ہے، یکسو انسانوں کے معاشرے سے آپس کا خوف اور بے اعتمادی ختم ہو جاتی ہے، جن انسانوں کے کردار میں توحید نہ ہو تو وہ صراط مستقیم پر قائم نہیں رہتے اور حیوانی صفات ان میں پیدا ہو جاتے ہیں حیوانات کی خاصیت یہ ہوتی ہے کہ وہ جب کمزور ہو تو چرنے والے ہوتے ہیں اور جب طاقتور ہوں تو درندگی اختیار کرتے ہیں، منافق انسانوں کے معاشرے میں بھی کمزور لوگ خوف اور لالچ کے شکار ہوتے ہیں جبکہ طاقتور لوگ ظلم اور جبر کو اپنا حق سمجھتے ہیں انہوں نے کہا کہ مسلمانوں کی ذلت، غلامی اور مظلومیت کا سبب مسلمانوں کا اپنا کردار ہے جب تک کردار کو تبدیل نہیں کیا جاتا ذلت کی حالت عزت سے تبدیل نہیں کی جا سکتی اس لیے کہ اللہ کا قانون یہ ہے کہ کوئی بھی حالت عمل کا نتیجہ ہوتا ہے اور جن اعمال پر جو نتائج مرتب ہوتے ہیں، اللہ تعالیٰ کے ضابطے کے مطابق طے شدہ ہیں جلسہ دستار بندی میں عالمی شہرت یافتہ افریقی ممالک سے تعلق رکھنے والے قراء کرام الشیخ عیدی شعبان، شیخ فردان آدم اور مفتی شہاب الدین نے حسن قرات پیش کیا جلسے کے اختتام پر مدرسہ دارالعلوم زرغون آباد کے مہتمم قاری محمد نقیب اللہ کی جانب سے شرکاء کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ کا اہتمام کیا گیا۔

بقیہ سروس معطل 50

کا حق دیتا ہے، مگر بلوچستان میں ان حقوق کو روند ڈالا گیا ہے مہنگائی، کم تنخواہوں اور معاشی بدحالی نے ملازمین کی زندگی کو دوگنوں کو بنا دیا ہے باوجود اس کے کہ حکومت مسائل حل کرنے کی بجائے لاٹھیاں اور ہتھکڑیاں بانٹ رہی ہے انہوں نے کہا کہ اقتدار پر قابض ٹولہ عوامی خدمت کی بجائے صرف طاقت کے نشے میں مبتلا ہے حق مانگنے والوں پر تشدد، شہروں کو کنٹینروں سے بند کرنا، موبائل اور انٹرنیٹ گرنا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ حکومت سیاسی طور پر ناکام ہو چکی ہے اور ملازمین کو یرغمال بنا کر حکمرانی کرنا چاہتی ہے انہوں نے کہا کہ اگر اپنے ہی سرکاری ملازمین کے ساتھ حکومت کا یہ غیر انسانی سلوک ہے تو مزدور، کسان، تاجر، طلبہ، ٹرانسپورٹر اور عام شہری کس اذیت میں ہوں گے، اس کا اندازہ لگانا مشکل نہیں۔ یہ نظام عوام کو سہولت نہیں بلکہ خوف فراہم کر رہا ہے طاقت کے ذریعے مسائل دبانے کی پالیسی حکومت کو تباہی کی طرف لے جا رہی ہے عوام دشمن فیصلوں سے باز آکر فوری طور پر مذاکرات کا راستہ اختیار کیا جائے، ورنہ ردعمل حکومت کیلئے سنبھالنا ممکن نہیں رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ جو پارٹی لوگوں کو روزگار دینے کی بات کرتی تھی جبکہ نعرہ روٹی کپڑا اور مکان ہے آج وہی پارٹی عوام سے ان کے منہ کا نوالہ نہ صرف چھیننے کی کوشش کر رہی ہے بلکہ اپنے ہی نعروں کی بھی نفی کر رہی ہے بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) سرکاری ملازمین کے تمام مطالبات کی مکمل حمایت کرتی ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ گرفتار ملازمین کو فی الفور رہا کیا جائے، جھوٹے مقدمات ختم کیے جائیں، انتقامی کارروائیاں بند کی جائیں اور ملازمین سے کیے گئے وعدوں پر فوری عملدرآمد کیا جائے۔

بقیہ اپوزیشن لیڈر 51

دورہ سندھ کے موقع پر ان کی سیکیورٹی اور شاندار استقبال کے فرائض انجام دیے شرکاء نے ملک بھر میں جمہوری قوتوں کی کامیابی اور محترم مشر کے اپوزیشن لیڈر منتخب ہونے کو پشتونخوا میپ کیلئے ایک تاریخی جمہوری اعزاز قرار دیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ پارٹی حقیقی جمہوریت، آئین کی بالادستی اور درست سیاسی موقف پر قائم ہے۔ اجلاس میں کراچی سمیت سندھ بھر میں پشتون تاجروں اور محنت کشوں کو درپیش مسائل پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا۔ کراچی کے گل پلازہ شاپنگ سینٹر میں آتشزدگی کے نتیجے میں شہید ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ متاثرہ خاندانوں کو فوری اور مناسب معاوضہ دیا جائے۔

بقیہ معاشی مشکلات 52

دکانداروں اور تاجروں کی کروڑوں روپے کی جمع پونجی جل کر خاکستر ہوگئی، وفاقی اور صوبائی حکومت فوری طور پر متاثرین کے روزگار کی بحالی کے لئے فنڈ کا اعلان کرے، جس سے درجنوں خاندان شدید معاشی مشکلات سے دوچار ہو گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس مشکل گھڑی میں متاثرین کو تنہا چھوڑنا کسی صورت درست نہیں انہوں نے کہا کہ جلیلم پلازہ آتشزدگی کے متاثرین کی فوری اور مالی مدد کی جائے اور حکومت و متعلقہ ادارے نقصانات کا درست تخمینہ لگا کر بلا تاخیر ریلیف فراہم کریں۔ انہوں نے تاجر تنظیموں، مخیر حضرات اور صاحب حیثیت افراد سے اپیل کی کہ وہ آگے بڑھ کر متاثرہ دکانداروں اور تاجروں کو بھرپور ساتھ دیں تاکہ وہ دوبارہ اپنے کاروبار کا آغاز کر سکیں جمعیت علماء اسلام اس سانحے کے متاثرین کے ساتھ ہے۔

بقیہ انتقامی کارروائیوں 53

کی جانے والی انتقامی کارروائیوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کی ناکام حکومت نے اپنی ہی قائم کردہ کمیٹی کی سفارشات سے انکار کر کے اپنی غیر سنجیدگی اور عوام دشمن پالیسیوں کو بے نقاب کر دیا ہے جمعیت علماء اسلام انتقامی کارروائیوں کے خلاف ہر فورم پر آواز بلند کرے گی انہوں نے کہا کہ پرامن سیاسی جدوجہد کو دبانے کیلئے طاقت کا استعمال کسی بھی جمہوری نظام میں قابل قبول نہیں حکمرانوں کا یہ طرز عمل اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ انہیں عوامی مسائل حل کرنے کی بجائے اختلافی آوازوں کو خاموش کرانے کی فکر لاحق ہے

بقیہ مہارت کی منتقلی 54

کے بدلتے ہوئے معاشی منظرنامے، عالمی ادائیگی نظام کے ساتھ جاری تعاون اور ڈیجیٹل مالیات کے مستقبل پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ ویزا گروپ کے صدر نے پاکستان کے ساتھ طویل المدتی وابستگی کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ ویزا آئندہ برسوں میں جدت، محفوظ ادائیگی نظام اور علم و مہارت کی منتقلی کے ذریعے پاکستان کی معاشی ترقی میں بھرپور کردار ادا کرتا رہے گا۔ اولیور جینکن نے عالمی سطح پر ڈیجیٹل ادائیگیوں کے بڑھتے ہوئے رجحان کا حوالہ دیتے ہوئے واضح پالیسی، کھلے پن اور سازگار کاروباری ماحول کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ مستحکم ریگولیٹری فریم ورک اور نجی شعبے کی شمولیت ڈیجیٹل معیشت کے فروغ کے لیے کلیدی حیثیت رکھتی ہے۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے ویزا کی مسلسل شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پالیسیوں میں تسلسل اور اصلاحات کا واضح روڈ میپ پاکستان کی معاشی حکمت عملی کا اہم جزو ہے۔

بقیہ 55

پر پہنچ کر نعش قبضے میں لیکر ہسپتال منتقل کردی اور ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی۔ مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

بقیہ حافظ نعیم 56

فیصلے کو مسترد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرمپ کا بورڈ آف پیس نوآبادیاتی نظام کی نئی شکل ہے، جس میں عراق کو تباہ کرنے والے ٹونی بلیئر جیسے مجرم موجود ہیں، بورڈ آف پیس فلسطینیوں کے وسائل اور زمینوں پر قبضے کا نیا نظام ہے، تعمیر نو کے نام پر غزہ پر امریکی قبضہ ناقابل قبول ہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ پاکستانی وزارت خارجہ کا یہ مؤقف کہ پاکستان نے سلامتی کونسل کی قرارداد کے تحت غزہ امن منصوبے کی حمایت کا اعلان کیا حقائق کے برعکس ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ خود ٹرمپ کہہ چکا ہے کہ اس کا بورڈ آف پیس ایک دن اقوام متحدہ کی جگہ لے سکتا ہے، ٹرمپ کے اس موقف کے بعد پاکستان کا بورڈ میں شمولیت کا کیا جواز ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ ہم ایک بار پھر بہت واضح انداز میں کہتے ہیں کہ پاکستان کی فوج کسی صورت بھی غزہ نہیں جانی چاہیے۔

بقیہ 57

ی، مزاحمتی، غیرت مند اور باوقار بلوچ خاندان کے چشم و چراغ ہیں وہ شہید نواب محمد اکبر خان بگٹی کے پوتے ہیں وہ نام جو آج بھی پورے بلوچستان کے دلوں میں زندہ، روشن اور ناقابل فراموش ہے۔ مخالفین یہ حقیقت ذہن نشین کر لیں کہ بلوچستان کسی ایک کرسی، ایک نوٹیفکیشن یا چند بند کمروں میں ہونے والی سازشوں سے نہیں چلتا بلوچستان عوام سے بنتا ہے، اور بلوچستان کا ہر باشعور شخص جانتا ہے کہ نوابزادہ جاکر خان بگٹی اس دھرتی کی آواز ہیں عوامی فیصلے خوشامدی ٹولے تبدیل نہیں کرسکتے یہ اقدام دراصل عوامی مقبولیت، سیاسی قد کاٹھ اور خاندانی وقار سے پیدا ہونے والے خوف کا کھلا اعتراف ہے۔ جمہوری وطن پارٹی واضح کرتی ہے کہ ایسے ہتھکنڈے نہ پہلے کامیاب ہوئے نہ آئندہ ہوں گے۔

بقیہ 58

ہزاروں خاندانوں کا معاشی مستقبل خطرے میں پڑ گیا غفلت، ناقص حفاظتی انتظامات اور سرکاری اداروں کی لاپرواہی اس سانحے کے ذمہ دار ہیں یہ واقعہ محض ایک ہفتے کے اندر دوسرا بڑا سانحہ ہے، اس سے قبل کراچی کے گل پلازہ میں بھی اسی نوعیت کا حادثہ پیش آ چکا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ مسلسل ایسے واقعات اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ نہ تو ماضی کے سانحات سے سبق سیکھا جا رہا ہے اور نہ ہی فائر سیفٹی قوانین پر عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے

بقیہ سولر انرجی 59

یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ بلوچستان اکیڈمی کی سابقہ گرانٹ کی بحالی کے لئے اقدامات کیے جائیں گے اس کے علاوہ انہوں نے اکیڈمی کے ہال کو سولر انرجی پر منتقل کرنے کے منصوبے کی بھی یقین دہانی کرائی۔ دورے کے دوران خلیل تخرانی، حاجی زاہد بھائیان، اسعد الٰہی، انور دادرحمان اور دیگر افراد بھی ان کے ہمراہ تھے، جبکہ اس موقع پر اکیڈمی کے وائس چیئرمین فضل بلوچ، سابق چیئرمین عبید شاہ، عارف عزیز، محسن بالاچ، اصغر محرم، شکر اللہ یوسف سمیت دیگر معزز شخصیات بھی موجود تھیں۔

بقیہ ضلع گوادر 60

میں اپنی دو سالہ کارکردگی حلقے کے عوام کے سامنے پیش کریں گے جبکہ آج سے ہفتہ وار بنیادوں پر بھی اپنی کارکردگی عوام کے سامنے رکھیں گے مولانا ہدایت الرحمان نے کہا کہ بطور ایم پی اے اور عوامی نمائندہ وہ اپنے حلقے کے عوام کے شکر گزار ہیں جنہوں نے ضلع گوادر میں سرمایہ داروں کے 40 سالہ جمود کو توڑ کر انہیں عزت بخشی انہوں نے کہا کہ ان کا فرض ہے کہ وہ اپنے حلقے کے عوام کی توقعات پر پورا اتریں انہوں نے کہا کہ گوادر میں صحت، تعلیم اور بجلی کے مسائل موجود ہیں، تاہم ان کیلئے سب سے بڑا چیلنج پورے ضلع میں، خاص طور پر شہر اور دیہات میں، آبی بحران سے نمٹنا تھا، جسے دن رات کی محنت سے کافی حد تک حل کر لیا گیا ہے اور اس میں نمایاں کامیابی حاصل ہوئی ہے انہوں نے مزید کہا کہ صحت، تعلیم اور بجلی کے بوسیدہ نظام کی بہتری کے لیے بھی عملی اقدامات کیے گئے ہیں جس سے عوام کو ریلیف مل رہا ہے مولانا ہدایت الرحمان کا کہنا تھا کہ وہ بطور ایم پی اے گوادر کے عوام کو جوابدہ ہیں اور عوام کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ ان کا احتساب کریں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع گوادر میں منشیات کے اڈوں اور شراب خانوں کے خلاف وہ ہر فورم پر آواز اٹھا رہے ہیں اور اس سلسلے میں انہوں نے ہائیکورٹ سے بھی رجوع کیا ہے تاکہ ان مراکز کو بند اور نوجوان نسل کو تباہی سے بچایا جا سکے۔

بقیہ اہلکار شہید 61

روڈ پر ناکہ بندی کر رکھی تھی، اسی دوران امن دشمن عناصر نے اچانک فائرنگ کا آغاز کر دیا، جس کے باعث علاقے میں شدید فائرنگ شروع ہوگئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی بنوں پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی، تاہم عسکریت پسند اس دوران فرار ہوگئے۔ مقامی ذرائع نے بتایا کہ فائرنگ کے نتیجے میں متعدد عسکریت پسندوں کے زخمی اور ہلاک ہونے کا خدشہ ہے، تاہم اس حوالے سے مزید تفصیلات سامنے نہیں آسکیں۔

بقیہ ون ونڈو 62

کے سافٹ لانچ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ، چیف ایگزیکٹو آفیسر قائم لاشاری، صوبائی محکموں کے سیکرٹریز اور دیگر حکام موجود تھے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ بلوچستان کا سب سے بڑا مسئلہ بے روزگاری ہے، جس کے تدارک کیلئے سرمایہ کاری اور تجارتی سرگرمیوں کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ بزنس فیسلیٹیشن سنٹر کے قیام سے سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کو ون ونڈو آپریشن کے تحت تمام ضروری سہولیات ایک ہی جگہ دستیاب ہوں گی۔

بقیہ گاڑیاں شامل 63

آنے کی کمی کا بحران ختم ہو سکے یہ بات انہوں نے بیان جاری کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ نوتال کے مقام پر کسٹم اہلکاروں نے مختلف گاڑیوں کو روکا ہوا ہے، جن میں وہ گاڑیاں شامل ہیں جو بلوچستان کے ملز اور دکانداروں کے پاس آکر گندم فراہم کرتی ہیں، جو بعد میں بلوچستان بھر میں آٹے کی شکل میں تقسیم ہوتی ہے نیشنل ہائی وے پر گاڑیوں کو روکنے کا یہ سلسلہ عام شہریوں اور تاجروں کے لئے شدید مشکلات پیدا کر رہا ہے

بقیہ ڈالر کی قدر 64

تمام دورانیے میں ڈالر اتار چڑھاؤ کے ساتھ تنزلی سے دوچار رہا۔ کاروباری دورانیے کے دوران ایک موقع پر ڈالر کی قدر 25 پیسے کی کمی سے 279 روپے 66 پیسے کی سطح پر آگئی تھی لیکن سپلائی میں بہتری رونما ہوتے ہی درآمدی ضروریات کی طلب بڑھنے سے کاروبار کے اختتام پر ڈالر کی قدر ایک پیسے کی کمی سے 279 روپے 90 پیسے کی سطح پر بند ہوئی۔

بقیہ غم میں شریک 65

نجیب اللہ مری، ودیگر رہنماؤں نے بلوچستان لیبر فیڈریشن کے سینئر نائب صدر، گڈانی محنت کش ایمپلائز یونین بلوچستان کے صدر حاجی عبدالعزیز شاہوانی کے بیٹے عبدالمطلب کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔ بلوچستان لیبر فیڈریشن سوگوار خاندان کے افراد کے غم میں شریک ہے۔

بقیہ متعلقہ محکموں 66

کہ الحمدللہ سینیٹ یا کسی بھی فورم پر یہ نہیں کہا جا سکتا کہ میں نے کسی معاملے پر عملدرآمد نہیں کیا یا بروقت ردعمل نہیں دیا، قائمہ کمیٹیوں کے اجلاسوں میں ہر مرتبہ تمام متعلقہ محکموں کے سربراہان کی شرکت ان کی کارکردگی کا واضح ثبوت ہے۔ اگر محض نام لے کر سرخی بنانی ہو تو یہ میڈیا کی صوابدید ہے تاہم اصل چیز کارکردگی اور حاضری ہے جو سب کے سامنے ہے۔ افغان شہریوں سے متعلق حالیہ معاملے کا ذکر کرتے ہوئے وزیر مملکت نے بتایا کہ گزشتہ رات ان کی شہریار آفریدی سے بات ہوئی جس میں واضح کیا گیا کہ یہ ایک باقاعدہ قانونی عمل ہے، بعض اوقات معاملات کو جلد بازی میں صوبائی یا کسی اور رخ کی طرف موڑ دیا جاتا ہے جو درست نہیں۔ طلال چوہدری نے انکشاف کیا کہ یہ بات ریکارڈ پر ہے کہ بعض پاکستانیوں نے ذاتی یا مالی مفاد کیلئے افغان باشندوں کو بی فارم میں شامل کر کے پاکستانی بنانے کی کوشش کی اور نادرا نے اس حوالے سے دو بڑی مہمات چلائیں، ملوث نادرا اہلکاروں کو سزائیں دی گئیں اور عمل اب بھی جاری ہے تاکہ افغان شہریوں کو الگ اور پاکستانی شہریوں کو محفوظ رکھا جا سکے۔ انہوں نے بتایا کہ موجودہ معاملہ راولپنڈی ڈسٹرکٹ سے متعلق ہے، پولیس حکام سے بات ہو چکی ہے اور ساتوں افراد کی فہرست ان کے پاس موجود ہے جبکہ مکمل قانونی عمل جاری ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جو بچے یا افراد پاکستانی ثابت ہوں گے وہ ہمارے اپنے لوگ ہیں، انہیں کہیں نہیں بھیجا جا رہا، یہ افراد حاجی کیمپوں یا دیگر مقامات پر موجود ہیں اور قانونی عمل مکمل ہونے کے بعد تمام پاکستانی بچے آج اپنے گھروں کو واپس چلے جائیں گے۔ بانی پی ٹی آئی کی ملاقاتوں کے حوالے سے وزیر مملکت نے کہا کہ اس پر غیر ضروری سیاست کی جا رہی ہے

بقیہ کھیل کھیلنے 67

کہا کہ حکومت پاک افغان تعلقات اور ملک کو موجودہ درپیش بحرانوں کے حل پر سنجیدگی کا مظاہرہ کرے حکمران جان بوجھ کر منفی بیانیے سے حالات کو بگاڑ کی طرف لے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ پاک افغان تعلقات کو خراب اور برادر ممالک کے درمیان دوریاں پیدا کرنے کیلئے سازشیں ہو رہی ہیں امریکہ پاک افغان تعلقات خراب کرنے کیلئے خطرناک کھیل کھیلنے جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان ایک دوسرے کی آزادی، خودمختاری اور سالمیت کا احترام کریں۔

بقیہ گرفتار کرلیا 68

محمد میر لیاقت علی ہوتانی نے موقع پر پہنچ کر کارروائی عمل میں لائی کارروائی کے دوران پوست کی فصل کو تلف کیا اور زمین کے مالک کو گرفتار کرلیا گیا ہے جس پر انسداد منشیات کے مطابق ایف آئی آر درج کی جائے گی ڈپٹی کمشنر کیچ کیپٹن ریٹائرڈ جمعہ داد خان مندوخیل نے مقامی میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ ضلع کیچ میں منشیات کی کاشت اور اس کے پھیلاؤ کے خلاف ضلعی انتظامیہ زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے اور کسی کو بھی قانون شکنی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ نوجوان نسل کو منشیات جیسے ناسور سے بچانے کے لیے ہر ممکن اقدامات ناگزیر ہیں۔

بقیہ لاہور ہائی کورٹ 69

عمیر گل خان نے کہا کہ رپورٹ کا جائزہ لینے کے بعد مناسب حکم جاری کیا جائے گا۔ بعد ازاں عدالت نے سماعت کو ملتوی کر دیا۔ یہ اقدامات قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی اور جرائم کی روک تھام میں سی ٹی ڈی کے مثبت کردار کو اجاگر کرتے ہیں۔

بقیہ اظہار اطمینان 70

وزیر خزانہ نے اے ڈی بی کے صدر کو مہنگائی میں کمی اور معاشی استحکام میں پیش رفت پر آگاہ کیا گیا جبکہ توانائی کے شعبے میں اصلاحات اور صاف توانائی کے فروغ پر پاکستان اور اے ڈی بی میں اتفاق ہوا۔ اس موقع پر وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے مزید بتایا کہ نجکاری اور نجی شعبے کی شمولیت سے متعلق حکومتی اقدامات پر مثبت پیشرفت ہوئی ہے جبکہ اے ڈی بی نے پاکستان کے ساتھ تعاون کے عزم کا اعادہ کیا۔ محمد اورنگزیب کی مہارلیس ایوی ایشن کے چیئرمین حسن البوری سے بھی ملاقات ہوئی جس میں ایوی ایشن سیکٹر میں سرمایہ کاری اور ہوائی اڈوں کی بہتری پر بھی بات چیت ہوئی۔

بقیہ گولی اور لاٹھی 71

پر ہیں لیکن حکومت نے مذاکرات اور مفاہمت کا راستہ اختیار کرنے کی بجائے طاقت کا استعمال کیا گولی اور لاٹھی کے ذریعے آواز دبانے کی کوشش ایک آمرانہ طرز عمل کی عکاسی کرتی ہے جو کسی صورت قابل قبول نہیں حکومت کا یہ طرز عمل آئین میں دیے گئے بنیادی انسانی اور جمہوری حقوق کی صریح خلاف ورزی ہے۔

بقیہ وفاقی وزیر 72

ٹیکنالوجی سمندروں کے تحفظ، بحری انتظام و انصرام میں بہتری اور ماحولیاتی چیلنجز سے بروقت نمٹنے میں کلیدی کردار ادا کر سکتی ہے۔ وفاقی وزیر نے ان خیالات کا اظہار بدھ کو پاکستان اسپیس اینڈ اپر ایٹماسفیئر ریسرچ کمیشن (سپارکو) کے ہیڈ کوارٹرز کے دورے کے دوران کیا۔ یہ بحری امور کے کسی وفاقی وزیر کا اپنی نوعیت کا پہلا دورہ تھا۔ دورے کے موقع پر چیئرمین سپارکو یوسف خان اور اعلیٰ حکام نے وفاقی وزیر کو ادارے کے نظام کار، سائنسی سرگرمیوں اور تکنیکی صلاحیتوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔

آتشزدگی سے نقصانات کا تلافی پلان، متاثرہ تاجروں کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، نور محمد دمڑ

انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے مکمل تحقیقات اور کارروائی کے بعد نقصانات کا جامع تخمینہ تیار کیا جائے گا، صوبائی وزیر خوراک

حکومت عوام و تاجروں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے اقدامات جاری رکھے گی، چیئرمین پی ایف اے کا متاثرہ دکانوں کا دورہ، نقصانات کا جائزہ لیا

بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات کر رہے ہیں

چین سے 4.5 ارب ڈالر کے 79 سرمایہ کاری معاہدوں پر دستخط

پاکستانی معیشت اور زرعی صلاحیت پر چینی کمپنیوں کے اعتماد کا مظہر قرار

معاہدے ملکی زرعی شعبے میں سب سے بڑی سرمایہ کاری میں شمار کئے جا رہے ہیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان اور چین کے درمیان زراعت اور غذائی شعبے میں 79 سرمایہ کاری معاہدوں پر دستخط کیے گئے ہیں، جن کی مجموعی مالیت تقریباً 4.5 ارب ڈالر ہے۔ یہ معاہدے پاکستان کے زرعی شعبے میں اب تک کی سب سے بڑی غیر ملکی سرمایہ کاریوں میں شمار کیے جا رہے ہیں، جن سے روزگار کے مواقع، جدید کاشتکاری اور خوراک کی دستیابی میں بہتری کی توقع کی جا رہی ہے۔ یہ مفاہمتی یادداشتیں (MoUs) 10 اہم شعبوں پر مشتمل ہیں، جن میں فوڈ پروسیسنگ، زرعی ٹیکنالوجی، بیج، مویشی و ڈیری، گوشت و پولٹری، پھل و سبزیاں، فشریز، اینیمل فیڈ، فصل کے بعد ذخیرہ (پوسٹ ہارویسٹ اسٹوریج) اور زرعی ان پٹس شامل ہیں۔ .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

آتشزدگی سے متاثرہ تاجروں کو معاوضہ ادا کیا جائے' ایوان صنعت وتجارت

حلیم پلازہ میں آتشزدگی کے باعث تاجروں کو کروڑوں روپے کا نقصان پہنچا' ایوب مریانی

کوئٹہ (پ ر) ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی، سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ، نائب صدر انجینئر میر واثق خان کاکڑ و دیگر نے کوئٹہ کے مرکزی علاقے لیاقت بازار میں حلیم پلازہ میں آتشزدگی کے باعث تاجروں کو ہونے والے نقصانات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے حکومت وقت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ متاثرہ تاجروں کے نقصانات کی تلافی کے لئے، مالی معاونت کا اعلان کرے اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے وسطی علاقے لیاقت بازار میں حلیم پلازہ میں آتشزدگی سے .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر



کوئٹہ: صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ، رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل، صادق اچکزئی، عبدالرحیم کاکڑ حلیم پلازہ کا معائنہ کرنے کے بعد میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

حکومت ملازمین سے خوفزدہ اور بوکھلاہٹ کا شکار ہے، میر اسد بلوچ

حکومت مسائل حل کرنے کی بجائے لاٹھیاں اور ہتھکڑیاں بانٹ رہی ہے، بی این پی (عوامی)

حکومت سیاسی طور پر ناکام 'ملازمین کو یرغمال بنا کر حکمرانی کرنا چاہتی ہے' رکن اسمبلی

بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

پشتونخوامیپ سندھ کی صوبائی کمیٹی کا اجلاس 'تنظیمی و پولیٹیکل رپورٹس پیش'

پارٹی حقیقی جمہوریت، آئین کی بالادستی اور درست سیاسی موقف پر قائم ہے' عبدالرحیم زیارتوال

بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: کشمیر آباد میں گیس لیکج کے باعث دھماکہ، کمسن نوجوان جھلس کر جاں بحق

چاغی: نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ، مواصلاتی ٹاور نذر آتش

حکومت حلیم پلازہ کے متاثرین کو ریلیف فنڈ کا اعلان کرے، مولانا عبدالرحمان رفیق

مشکل کی گھڑی میں متاثرین کو تنہا چھوڑنا کسی صورت درست نہیں، مفتی امین اللہ

حاجی بشیر احمد کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، ... افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس واقعہ میں متاثرہ دکا .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

نامعلوم افراد نے نقصان پہنچایا اور فرار ہوگئے مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

حکومت انتقامی کارروائیوں سے گریز، ملازمین کو جلد رہا کرے، مولانا حیدری

حکومت صبر وتحمل سے کام لیتے ہوئے گرینڈ الائنس کے معاملات افہام وتفہیم سے حل کرے، 'گرفتاریاں قابل مذمت ہیں' رکن قومی اسمبلی

بلوچستان کی ناکام حکومت نے اپنی ہی قائم کردہ کمیٹی کی سفارشات سے انکار اور عوام دشمن پالیسیوں کو بے نقاب کردیا' مولانا صلاح الدین ایوبی

جمعیت گرینڈ الائنس کے مطالبات کی حمایت اور ہر فورم پر ملازمین کیلئے آواز بلند کرے گی' حافظ حسین احمد شرودی' حافظ محمد یوسف

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری مرکزی ناظم مالیات مولانا صلاح الدین ایوبی جمعیت بلوچستان کے سرپرست اعلیٰ سابق وزیر بلدیات بلوچستان شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی جمعیت بلوچستان کے سرپرست اعلیٰ شیخ الحدیث مولانا حافظ محمد یوسف نے اور گرینڈ الائنس کے قائدین پر تشدد اور ان کی گرفتاریوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی حکومت صبر وتحمل سے کام لیں گرینڈ الائنس ملازمین کو فوری طور پر رہا کریں معاملات کو افہام وتفہیم سے حل کیا جائے انہوں نے گرینڈ الائنس کے ملازمین کے گھروں پر چھاپوں، ملازمین کی گرفتاریوں، اور جنوں افسران کی معطلی اور سیاسی بنیادوں پر .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کا اعلامیہ

کوئٹہ (آن لائن) سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کے اعلامیہ کے مطابق تعیناتی کے منتظر سی پی او کوئٹہ سہیل خالد کو ڈی آئی جی پولیس انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی بیورو سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کوئٹہ، ایس ایس پی نصیر آباد غلام سرور بھابھو کو سینٹرل پولیس آفس رپورٹ کرنے جبکہ ان کے پیشرو ایس پی ٹیکنیکل سی ٹی ڈی بلوچستان کوئٹہ اسد اللہ ناصر کو ایس ایس پی نصیر آباد تعینات اور تعیناتی کے منتظر سی پی او کوئٹہ آئی پی عبدالقدوس کو ایکٹنگ ڈی ایس پی سیکورٹی بلوچستان ہائی کورٹ کوئٹہ تعینات کردیا گیا۔

وزیر خزانہ اورنگزیب کی ویزا گروپ کے صدر سے ملاقات

ڈیجیٹل ادائیگیوں اور مالیاتی جدت پر وزیر خزانہ اور ویزا گروپ کی مشاورت

مسلسل تعاون کے نتیجے میں آئندہ برسوں میں قابل عمل اور مارکیٹ کے مطابق حل سامنے آئیں گے

ڈیووس (م ز) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے ورلڈ اکنامک فورم کے سالانہ اجلاس کے موقع پر ڈیووس میں ویزا گروپ کے صدر اولیور جینکن سے ملاقات کی، جس میں پاکستان میں ڈیجیٹل ادائیگیوں، مالیاتی جدت اور جدید ڈیجیٹل معیشت کے فروغ کے لیے طویل المدتی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات کے دوران پاکستان .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

سریاب میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دکاندار جاں بحق

دکاندار احمد جان موقع پر ہلاک 'حملہ آور فرار' مزید تحقیقات جاری ہے' پولیس

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے سریاب روڈ پر نامعلوم افراد نے دکان پر فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے سریاب روڈ پر ماہ ہوٹل کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے پرندے فروخت کرنے والی دکان پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں دکاندار احمد جان موقع پر ہلاک ہوگیا حملہ آور موقع سے فرار ہوگئے۔ پولیس نے موقع .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

کوہلو' مسلح افراد کی نجی کمپنی کے کیمپ پر حملہ' 1 شخص اغواء

فائرنگ سے کیمپ میں موجود مشینری جلا' پولیس نے ملزمان کی تلاش شروع کر دی

کوئٹہ (آن لائن) کوہلو میں نامعلوم مسلح افراد نے نجی کمپنی کے کیمپ پر حملہ کرکے ایک شخص کو اغواء کرکے جاتے ہوئے مشینری پر فائرنگ کرکے نقصان پہنچایا اور فرار ہوگئے پولیس کے مطابق گزشتہ روز کوہلو کے پڑھ پل کے قریب نجی کمپنی کے کیمپ پر مسلح افراد نے حملہ کردیا اور ایک شخص کو اغواء کرکے لے گئے اور جاتے ہوئے مشینری پر فائرنگ کرکے اسے نقصان پہنچایا پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

بلوچستان کی پہچان کو ہمیشہ منفی انداز میں پیش کیا جاتا رہا ہے، بی اے پی

بلوچستان قدرتی حسن سے مالامال یہاں کے عوام کی صلاحیتیں' محنت' مثبت سوچ صوبے کی اصل پہچان ہیں' دنیش کمار

بلوچستان کو قومی سطح پر اہمیت نہیں دی جا رہی' سرکاری افسران کو تعاون و احترام کا رویہ اپنانا ہوگا' سینٹ اجلاس سے خطاب

نصیر آباد (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیٹر دنیش کمار پلیانی نے کہا ہے کہ بلوچستان نہ صرف قدرتی حسن سے مالا مال بلکہ یہاں کے عوام کی صلاحیتیں محنت اور مثبت سوچ اس صوبے کی اصل پہچان ہیں مگر بدقسمتی سے بلوچستان کو ہمیشہ منفی انداز میں پیش کیا جاتا ہے جو سراسر ناانصافی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے لوگ انتہائی پیارے باوقار اور مہمان نواز ہیں اور اپنی عزت و غیرت پر کبھی سمجھوتہ نہیں کرتے سینیٹر دنیش کمار پلیانی کا کہنا تھا کہ حال ہی میں وزیراعظم پاکستان روڈ منصوبے کے افتتاح کیلئے کوئٹہ تشریف لائے مگر بلوچستان سے تعلق رکھنے والے ..... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

مصنوعی ذہانت انسانیت کی خادم ہونی چاہیے' سردار محمد یوسف

قاہرہ (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت انسانیت کی خادم ہونی چاہیے اس پر حاکم نہیں، اہم فیصلے مکمل طور پر مشینوں کے سپرد نہیں کیے جاسکتے، موثر انسانی نگرانی لازمی ہے۔ قاہرہ میں اسلامی امور کی سپریم کونسل کی 36 ویں بین الاقوامی عالمی کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ: پولیس اہلکار احتجاج کرنے والی خواتین کو حراست میں لے رہی ہے

کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن میں ہیلپ لائن و سٹیزن کمپلینٹ منیجمنٹ سسٹم کا افتتاح

شکایات کی شفاف و موثر نگرانی کیلئے علیحدہ ڈیجیٹل ڈیش بورڈ بھی قائم' نظام سے آمدن کے تمام ذرائع کی ڈیجیٹل نگرانی ہوگی' مجیب الرحمان قمبرانی

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی پالیسی کے مطابق تمام شعبوں میں ڈیجیٹلائزیشن کو فروغ دیا جا رہا ہے' سیکرٹری بلدیات رؤف بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی جانب سے شہری سہولیات کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے سلسلے میں ایک اہم پیش رفت کے طور پر ہیلپ لائن اور سٹیزن کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم کا باقاعدہ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ بلوچستان رؤف بلوچ اور ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ مجیب الرحمان قمبرانی نے کیا افتتاحی تقریب کے بعد سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کو ہیلپ لائن اور شکایات کے نظام کا لائیو ڈیمونسٹریشن پیش کیا گیا، جس میں شہریوں کی شکایات کے اندراج، متعلقہ شعبہ جات تک بروقت ترسیل اور موثر نگرانی کے مکمل طریقہ کار سے آگاہ کیا .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

گڈ گورننس و ادارہ جاتی بہتری کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہے ہیں' نور محمد دمڑ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ ہاؤس بلوچستان میں صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ سے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر دکی بختیار اچکزئی اور بلوچستان ریذیڈنشل کالج (بی آر سی) لورالائی کے انتظامی آفیسر بشیر خدرزئی نے ملاقات کی ملاقات کے دوران صوبے میں تعلیمی امور کی بہتری، عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات، اور شہریوں کو معیاری و محفوظ خوراک کی فراہمی سے متعلق مختلف اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر شرکاء نے بلوچستان کی مجموعی ترقی، نوجوانوں کے روشن مستقبل اور ادارہ جاتی نظام کو مزید موثر بنانے کے لئے باہمی تعاون اور مشترکہ کاوشوں کے عزم کا اعادہ کیا

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق سبزل روڈ پر جلسہ دستار بندی سے خطاب کر رہے ہیں

سردار اختر جان مینگل سے سردار نصیر احمد موسیانی کی اہم ملاقات

بلوچستان کے حقوق کیلئے جدوجہد میں تیزی لائی جائے' سربراہ بی این پی

خضدار (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل سے بی این پی کے مرکزی رہنماء سابق ضلعی ناظم خضدار سردار نصیر احمد موسیانی نے کراچی میں اہم ملاقات کی ملاقات کے دوران بلوچستان کی مجموعی سیاسی صورتحال، پارٹی امور، تنظیمی معاملات اور عوام کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

غیر قانونی چھاپے انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے' پشتونخوانیپ

حکومت منزرئی بازار و جانان آغا منڈی واقعہ کی غیر جانبدار تحقیقات کرائے' بیان

چمن (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کی جانب سے جاری کردہ ایک تفصیلی پریس ریلیز میں منزرئی بازار، جانان آغا منڈی میں مبینہ غیر قانونی چھاپے اور عوام پر اندھا دھند فائرنگ کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی گئی ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ مذکورہ کارروائی نہ صرف آئین و قانون کی صریحاً خلاف ورزی ہے بلکہ پرامن اور بے گناہ شہریوں کے .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

اے این ایف گوادر کی کارروائی' 300 کلو گرام چرس برآمد

گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کردی' حکام

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) اے این ایف گوادر کے عملے نے سمندر کے ذریعے کروڑوں روپے مالیت کی 300 کلوگرام چرس برآمد کرکے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز اے این ایف گوادر کے عملے کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ نامعلوم سمگلر سمندر کے راستے منشیات کی بھاری کھیپ سمگل کرنا چاہتے ہیں جس پر انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کرتے ہوئے کوسٹل لائن کے قریب پڑی زر کے مقام ایک کشتی کو روکا جس میں سوار 2 افراد واحد مجید اور غنی سکنہ گوادر کے ...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر میں منشیات کے اڈے قائم' نوجوان بے راہ روی کا شکار ہیں' مولانا ہدایت الرحمن

حکومت کنٹانی بارڈر فعال یا پوائنٹس پر عوام کو آزادانہ روزگار کیلئے متبادل ذرائع فراہم کرے' صوبائی امیر جماعت اسلامی

گوادر کیلئے بڑا چیلنج آبی بحران جسے دن رات کی محنت سے حل کر لیا گیا' 2 سالہ کارکردگی کے حوالے سے جاری ویڈیو پیغام

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان نے کہا ہے کہ ضلع گوادر میں بڑی تعداد میں منشیات کے اڈے قائم ہیں جس کی وجہ سے نوجوان نسل تباہی کی طرف جارہی ہے، جبکہ بلوچستان حکومت کو چاہیے کہ وہ کنٹانی بارڈر سمیت دیگر بارڈر پوائنٹس پر عوام کو آزادانہ روزگار کی اجازت دے یا پھر عوام کیلئے متبادل روزگار کے ذرائع پیدا کرے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی دو سالہ کارکردگی کے حوالے سے جاری ویڈیو پیغام میں کیا انہوں نے اعلان کیا کہ وہ 12 فروری کو ملا فاضل چوک پر ایک بڑے عوامی اجتماع .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

اسحاق ڈار اور کینیڈا کی وزیر خارجہ کے درمیان ملاقات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور ڈیووس میں عالمی اقتصادی فورم 2026 کے موقع پر کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند کے درمیان ملاقات ہوئی

جعفرآباد: صوبائی پارلیمانی سیکرٹری انجینئر عبدالمجید بادینی گوٹھ اسماعیل جمالی میں کھلی کچہری کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

مسلمانوں کی غلامی اور مظلومیت کا سبب ان کا اپنا کردار ہے، مولانا شیرانی

ہمیں اپنے وجود کے استعمال' مال کو کسب وخرچ کرنے کے بارے اللہ کے نازل کردہ کتب کی تعلیمات سے رہنمائی لینی ہوگی' رہبر جمعیت

انسانوں میں اپنائیت تب ممکن ہے جب زبان اور دل، قول وعمل، ظاہر و باطن، اپنی ذات اور جہان کی خیر خواہی کا فکر و کردار ایک ہو' دستار فضیلت سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) رہبر جمعیت مولانا محمد خان شیرانی نے کہا ہے کہ دین ہمیں اپنے وجود اور کائنات کے مقصد تخلیق کا فہم دیتا ہے اسی وجہ سے دینی تعلیم خیر و برکت کا سبب اور دین کی تعلیم کیلئے کام کرنے والے مراکز فضیلت رکھتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے مدرسہ دارالعلوم زرغون آباد نواں کلی گلشن صدیق اکبر کے زیر اہتمام منعقدہ سالانہ جلسہ دستار بندی سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ کسی ایجاد کی تخلیق کے مقاصد اس کا خالق اور موجد متعین کرتا ہے جب ہم تسلیم کرتے ہیں کہ ہماری ذات اور اس کائنات کا خالق اللہ تعالیٰ .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

امن کمیٹی اور عسکریت پسندوں کے درمیان فائرنگ، پولیس اہلکار شہید

متعدد عسکریت پسندوں کے زخمی اور ہلاک ہونے کی اطلاعات ہیں، مقامی ذرائع

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) بنوں میں امن کمیٹی اور عسکریت پسندوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں پولیس اہلکار شہید ہوگیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بنوں کے علاقے ڈومیل بیزن خیل میں عسکریت پسندوں اور امن کمیٹی کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس میں صدام نامی پولیس اہلکار شہید ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق شہید ہونے والا پولیس اہلکار سب ڈویژن وزیر میں تعینات تھا اور ڈیوٹی کی انجام دہی کے دوران فائرنگ کی زد میں آیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق عسکریت پسندوں نے ڈومیل بیزن خیل کے علاقے میں امن .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

فائر سیفٹی قوانین پر کوئی عملدرآمد نہیں ہورہا' محمد عبدالقادر

حلیم پلازہ میں لگنے والی آگ سے 120 سے زائد دکانیں مکمل جل کر خاکستر ہوگئیں

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں پیش آنے والا المناک پلازہ آتشزدگی کا واقعہ نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک کے لئے ایک سنگین سوالیہ نشان بن گیا ہے اس خوفناک آگ نے شہر کے ایک بڑے تجارتی پلازہ کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، جہاں 120 سے زائد دکانیں مکمل طور پر جل کر خاکستر ہوگئیں اربوں روپے مالیت کا سامان، روزگار اور برسوں کی محنت آن کی آن میں راکھ بن گئی، جبکہ .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

نوابزادہ چاکر خان بگٹی دھرتی کی آواز ہیں' جے ڈبلیو پی

سیاسی مخالفین بوکھلاہٹ و سیاسی ناپختگی کے شکار ہو چکے ہیں' مذمتی بیان

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کی جانب سے نوابزادہ چاکر خان بگٹی کو ٹاؤن چیئرمین ڈیرہ بگٹی کے عہدے سے ہٹانے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی مخالفین اور ان کے حواری بوکھلاہٹ، سیاسی ناپختگی کے شکار ہو چکے ہیں پارٹی کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ نوابزادہ چاکر خان بگٹی کسی عہدے کے محتاج نہیں عہدے ان کے نام سے پہچانے جاتے ہیں، وہ عہدوں سے نہیں' وہ کسی آمر، کٹھ پتلی یا وقتی طور پر سامنے نہیں آئے بلکہ ایک شا......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

تعمیر نو کے نام پر غزہ پر امریکی قبضہ ناقابل قبول ہے، حافظ نعیم

ٹرمپ کے بورڈ آف پیس میں پاکستان کی شمولیت کے فیصلے کو مسترد کرتے ہیں

واضح انداز میں کہتے ہیں پاک فوج کسی صورت غزہ نہیں جانی چاہیے، بیان

لاہور (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی پاکستان کے حافظ نعیم الرحمان نے وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے غزہ کے لیے قائم بورڈ آف پیس میں شمولیت کے لیے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی پیشکش قبول کرنے کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ نوآبادیاتی نظام کی نئی شکل ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ ڈونلڈ ٹرمپ کے بورڈ آف پیس میں پاکستان کی شمولیت کے حکومتی ...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اکیڈمی تربت کیلئے سابقہ گرانٹ بحال کریں گے' اصغر رند

پارلیمانی سیکرٹری توانائی کا دورہ بلوچستان اکیڈمی تربت' ڈاکٹر غفور شاد کا پرتپاک استقبال

تربت (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری برائے توانائی میر اصغر رند نے بدھ کے روز بلوچستان اکیڈمی تربت کا دورہ کیا اکیڈمی پہنچنے پر چیئرمین بلوچستان اکیڈمی تربت ڈاکٹر غفور شاد اور دیگر عہدیداران نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر چیئرمین ڈاکٹر غفور شاد نے پارلیمانی سیکرٹری کو بلوچستان اکیڈمی کی مجموعی کارکردگی سے آگاہ کیا اور ادارے کو درپیش مسائل پر تفصیلی بریفنگ دی انہوں نے اکیڈمی کی ترقی اور موثر فعالیت کیلئے درکار امور کی نشاندہی بھی کی۔ پارلیمانی سیکرٹری میر اصغر رند نے اکیڈمی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کی ترقی کیلئے تمام شعبوں میں جدت ناگزیر ہے، چیف سیکرٹری

حکومت صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ اور تجارتی و کاروباری سرگرمیوں میں تیزی لانے کیلئے جامع پالیسی پر گامزن ہے

بزنس فیسلیٹیشن سنٹر کے قیام سے سرمایہ کاروں و تاجروں کو تمام سرکاری سہولیات ایک ہی جگہ پر دستیاب ہوں گی، شکیل قادر خان

بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

نصیر آباد: 35 بجلی کے کھمبوں سے تاریں چوری

حکومت گندم کی نقل وحمل سے پابندی ہٹائے' فلور ملز ایسوسی ایشن

حکام گندم کی فوری ترسیل اور رکاوٹیں دور کرنے کیلئے اقدامات اٹھائیں' عبدالواحد بڑیچ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن بلوچستان ریجن کے صوبائی چیئرمین عبدالواحد بڑیچ نے بلوچستان میں گندم کی نقل وحمل میں رکاوٹوں اور آٹے کی نایابی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں گندم کی موجودگی نہ ہونے اور دوسرے صوبوں سے گندم لانے پر غیر ضروری و غیر قانونی پابندیوں کی وجہ سے گندم کا بحران شدت اختیار کر گیا ہے پہلے سندھ سے گندم بلوچستان لانے پر پابندی عائد کی گئی، جبکہ بلوچستان میں خود گندم کی کمی ہے اور حکومت کے پاس بھی اس کی فراہمی کے ذرائع محدود ہیں یہ غیر ضروری پابندیاں فوری طور پر ختم کی جائیں اور گندم کی نقل وحمل کو بلا رکاوٹ جاری رکھا جائے تاکہ بلوچستان میں......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

پنجگور سے ایک شخص اغواء

پنجگور (این این آئی) پنجگور کے علاقے واشبود سے نامعلوم سرف گاڑی میں سوار مسلح افراد نے کاسروں پر کام کرنے والے جاسم ولد آدم کو مبینہ طور پر اغوا کرلیا پولیس کے مطابق واقعہ کی اطلاع ملنے کے بعد تفتیش شروع کردی گئی ہے۔

ایس ایچ او تال کی کارروائی' 2 اشتہاری گرفتار

خضدار (بیورو رپورٹ) ایس ایچ او تال کی اشتہاری ملزمان کے خلاف کامیاب کارروائی' گرفتار تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر اور ایڈیشنل ایس پی عبدالقدوس دھوار کے حکم پر اشتہاری و مفرور ملزمان کے خلاف مہم میں زیر نگرانی ڈی ایس پی محمد امین لاسی ایس ایچ او تال عبداللہ چندراپی اینٹی کار آپریشن ٹیم انچارج رفیق جنگ و دیگر اہلکاروں نے تال ایریا میں کارروائی کرتے ہوئے روپوش اشتہاری ملزمان دوست محمد اور عبدالباسط کو گرفتار کرکے حوالات میں بند کردیا۔

ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر مزید بڑھ گئی

213 ملین ڈالرز کے انفلوز 11 ارب 70 کروڑ تک پہنچ گئے

کراچی (م ز) انٹربینک اور اوپن مارکیٹ میں ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر مزید بڑھ گئی۔ نیوز کے مطابق روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ میں دسمبر میں 213 ملین ڈالرز کے انفلوز کے بعد مجموعی انفلوز بڑھ کر 11 ارب 70 کروڑ تک پہنچے، مالی سال 2026 میں پاکستان کو 4 ارب 50 کروڑ ڈالر کے غیر ملکی قرضے موصول ہونے اور پاکستانی کمپنیوں کی چائنیز کمپنیوں کے ساتھ جوائنٹ وینچرز جیسے عوامل کے باعث زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں بدھ کو بھی ڈالر کی نسبت روپیہ تگڑا رہا۔ امریکا کی روس یوکرین ایران یورپین یونین ممالک سے تنازعات اور ٹیرف کی جنگ کے سبب ڈی ڈالرائزیشن کے رجحان کے سبب انٹربینک مارکیٹ میں کاروبار کے......... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

کمشنر کوئٹہ شاہزیب خان کاکڑ ترقیاتی منصوبوں کے کانسپٹ پیپرز کی تیاری کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان لیبر فیڈریشن کے رہنماؤں کا حاجی عبدالعزیز سے اظہار افسوس

کوئٹہ بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان، چیئرمین حاجی بشیر احمد رند، سیکرٹری جنرل قاسم خان، عابد بٹ، محمد عمر جتک، دین محمد محمد حسنی، عارف خان بچاری، فضل محمد یوسفزئی، ملک وحید کاسی، خیر اللہ مری، ظفر خان رند، ملک محمد حسین شنگوئی، منظور احمد، حبیب اللہ لانگو، محمد حیات لہڑی، سید اسماعیل شاہ، محمد پناہ جانڈیو، انجینئر ..... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

مخالفین دشمن نہیں قیدیوں کو تمام قانونی حقوق دیئے جا رہے ہیں، طلال چوہدری

تمام سیاسی سرگرمیوں کی ناکامی کے بعد اب صرف اڈیالہ جیل کے گیٹ پر سیاست کی جارہی ہے، وزیر مملکت برائے داخلہ

قیدیوں کی جان کو خطرے میں ڈالنا درست نہیں کسی کوتاہی کی صورت میں ذمہ داری جیل حکام پر عائد ہوگی، قومی اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ تمام سیاسی سرگرمیوں کی ناکامی کے بعد اب صرف اڈیالہ جیل کے گیٹ پر سیاست کی جارہی ہے، حکومت سیاسی مخالفین کو ذاتی دشمن نہیں سمجھتی، قیدیوں کو تمام آئینی اور قانونی حقوق دیئے جا رہے ہیں اور کسی کوتاہی کی صورت میں ذمہ داری جیل حکام پر عائد ہو گی۔ بدھ کو قومی اسمبلی میں اراکین کے نکتہ اعتراض پر جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان کی پارلیمانی حاضری 100 سے زیادہ ہے اور ایوان کے کسی بھی رکن کی حاضری سو فیصد نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے کہا......... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سے وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان وزیراعلیٰ ہاؤس میں ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی وزیر جام کمال سے چینی سفیر کی ملاقات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے چینی سفیر جیانگ زائی دونگ نے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تجارتی روابط مضبوط بنانے پر اتفاق ہوا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا کہ برآمدات میں اضافے کے لیے کثیر الجہتی حکمت عملی پر توجہ دینے کی ضرورت ہے جبکہ زرعی شعبے میں تجارت کے فروغ کے لیے حکومتی اور کاروباری سطح پر تعاون بڑھانے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے

حکمران جان بوجھ کر حالات بگاڑ کی جانب لے جارہے ہیں، جمعیت نظریاتی

پاک افغان تعلقات خراب 'برادر ممالک کے درمیان دوریاں پیدا کرنے کی سازشیں ہورہی ہیں' مولانا عبدالقادر لونی

پاکستان اور افغانستان ایک دوسرے کی آزادی، خودمختاری اور سالمیت کا احترام کریں' مفتی شفیع الدین' مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نعیم خان ایڈووکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ امیر صوبہ سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمان تکیال امیر پنجاب مولانا ثناء اللہ شاہ فاروقی نے......... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے پولیو ڈاکٹر عائشہ رضا فاروق اور سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی ہیلتھ لیڈرشپ کانفرنس 2026 کی افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

بولان' 4 ایکڑ رقبے پر کاشت پوست کی فصل تلف کر دی گئی

منشیات کی کاشت کیخلاف ضلعی انتظامیہ زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے' ڈپٹی کمشنر کچھی

بولان (این این آئی) ڈپٹی کمشنر کچھی کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر مچھ میر لیاقت علی جتوئی نے بولان کے علاقے گوکرت میں منشیات کے خلاف بھرپور کارروائی کی اس کارروائی کے دوران تقریباً چار ایکڑ رقبے پر محیط غیر قانونی طور پر کاشت کی گئی پوست کی فصل کو مکمل طور پر تلف کر دیا گیا مقامی انتظامیہ کو خفیہ ذرائع سے اطلاع ملی تھی کہ مذکورہ علاقے میں ممنوعہ فصل کی کاشت کی جا رہی ہے جس پر اسسٹنٹ کمشنر .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے 6 ماہ میں ایک ہزار 254 ارب روپے بیرونی قرضہ لیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے 6 ماہ میں ایک ہزار 254 ارب روپے بیرونی قرضہ لیا، گزشتہ سال کی نسبت 29 فیصد یعنی 280 ارب روپے زیادہ قرضہ لیا گیا۔ دستاویز کے مطابق جولائی تا دسمبر پاکستان کو 17 ارب 67 کروڑ روپے کی گرانٹ بھی ملی، جولائی تا دسمبر مجموعی بیرونی مالی معاونت ایک ہزار 272 ارب ریکارڈ کی گئی۔ دستاویز کے مطابق امریکی کرنسی میں پاکستان کو 6 ماہ میں 4 ارب 50 کروڑ ڈالر موصول ہوئے

لاہور ہائی کورٹ نے سی سی ڈی مقابلے روکنے کی درخواست مسترد کردی

سی سی ڈی کے قیام کے بعد سنگین جرائم میں 65 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، سماعت ملتوی

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور ہائی کورٹ میں سی سی ڈی (کاؤنٹر کرائم ڈیپارٹمنٹ) کے مبینہ مقابلے روکنے سے متعلق درخواست پر سماعت ہوئی، جس دوران عدالت نے استدعا مسترد کردی۔ جسٹس عبہر گل خان کی عدالت میں ڈی آئی جی لیگل ملک اویس احمد نے رپورٹ پیش کی، جس میں بتایا گیا کہ سی سی ڈی کے قیام کے بعد سنگین جرائم میں 65 فیصد تک نمایاں کمی واقع ہوئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق مقابلوں سے متعلق 42 مقدمات ایف آئی اے کو منتقل کیے جا چکے ہیں۔ دوران کارروائی ایک سب انسپکٹر شہید اور 96 پولیس اہلکار زخمی ہوئے۔ جسٹس .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

عثمان حیدر کی بیوی اور بیٹی کے قتل کیس میں نیا موڑ

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور میں سابق ڈی ایس پی عثمان حیدر کی بیوی اور بیٹی کے دوبارہ پوسٹ مارٹم کیلئے قبر کشائی کرکے جسمانی نمونے حاصل کرلئے گئے۔ تفصیل کے مطابق لاہور میں سابق ڈی ایس پی عثمان حیدر کی بیوی اور بیٹی کے قتل کیس میں اہم پیشرفت سامنے آئی۔

اے ڈی بی کا پاکستان کی اقتصادی اصلاحات پر اظہار اطمینان

وفاقی وزیر خزانہ کی صدر اے ڈی بی سے ملاقات توانائی شعبے میں اصلاحات فروغ پر اتفاق

ڈیووس (م ز) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) پاکستان کی اقتصادی اصلاحات پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ جاری اعلامیے کے مطابق وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے ڈیووس میں ایشیائی ترقیاتی بینک کے صدر سے اہم ملاقات کی۔ اعلامیہ میں بتایا گیا کہ پاکستان اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعلقات نئے سٹریٹجک مرحلے میں داخل ہوئے جبکہ اے ڈی بی صدر کی جانب سے پاکستان کی اقتصادی اصلاحات اور مارکیٹ اعتماد پر اطمینان کا اظہار کیا گیا ہے۔ .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

بندرگاہوں اور سمندری تحفظ کے لیے خلائی نگرانی ناگزیر، جنید انوار

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے بندرگاہوں کی توسیع، سمندری تحفظ اور ماحولیاتی خطرات سے نمٹنے کے لیے جدید خلائی نگرانی کے نظام اپنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ سیٹلائٹ ...... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

سرکاری مشینری کا ملازمین کیخلاف استعمال قابل گرفت عمل ہے، این پی

حکومت نے مذاکرات کا راستہ اختیار کرنے کی بجائے طاقت کا استعمال کیا' گولی و لاٹھی کے ذریعے ملازمین کی آواز دبانا آمرانہ طرز عمل ہے

استاد کا پیشہ مقدس' حکومت اور ریاست کے علم اور انسان دوستی کے تمام دعوے کھوکھلے ثابت ہو گئے' صوبائی بیان

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں گرینڈ الائنس کے رہنماؤں اور ذمہ داران کی گرفتاریوں ان پر تشدد اور انہیں پابند سلاسل کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ریاستی مشینری کو اپنے ہی ملازمین کے خلاف استعمال میں لانا قابل گرفت عمل ہے اس طرح کا ناروا سلوک ناقابل قبول ہے حکومتی مشینری اپنے ہی اساتذہ ڈاکٹروں اور انجینئرز پر ظلم ڈھا کر نہ صرف اپنی نااہلی بلکہ مسائل کے حل میں مکمل ناکامی کا ثبوت دے رہی ہے بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ ملازمین اپنے جائز اور قانونی مطالبات کیلئے پرامن احتجاج .... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر